# نور و بشر

افادات

شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خاں صفدر مدظلہ

مرتب — فیاض احمد خان سواتی

ناشر

مکتبہ عکاظ دیوبند (یوپی)

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحیٰ إِلَيَّ (القرآن)
إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (الحديث)

# نور و بشر

افادات

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہ

مرتب

محمد فیاض خان سواتی

ناشر

مکتبہ عکاظ دیوبند ۲۴۷۵۵۴

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : نور و بشر

افادات : شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہ العالی

مرتب : محمد فیاض خان سواتی

باہتمام : شمشیر احمد قاسمی

**ناشر : مکتبہ عکاظ دیوبند**

## ملنے کے پتے

(۱) نعیمیہ بکڈپو دیوبند
(۲) دار الکتاب دیوبند
(۳) مکتبہ مدنیہ دیوبند
(۴) مدنی کتب خانہ خواج بخش دیوبند
(۵) القاسمی بکڈپو مدرسہ سراج العلوم بھیونڈی ۴۲۱۳۰۲
(۶) مکتبہ محمودیہ نزد ہندوستانی مسجد بھیونڈی
(۷) الحق بکڈپو ماڈرن ڈیری جوگیشوری ممبئی ۱۰۲

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| مقدمہ | ۵ |
| نور و بشر کے بارے میں علماء دیوبند کا عقیدہ | ۸ |
| نور و بشر کے بارے میں علماء بریلی کا عقیدہ | ۹ |
| بریلوی دیوبندی اختلاف کی حقیقت | ۱۱ |
| وجہ تالیف | ۱۱ |
| باب اول | ۱۳ |
| حضورؐ کے بشر ہونے پر قرآنی دلائل | ۱۳ |
| حضورؐ کے بشر ہونے پر احادیث مبارکہ سے دلائل | ۱۶ |
| حضورؐ کے بشر ہونے پر آثار صحابہؓ سے دلائل | ۱۷ |
| حضورؐ کے بشر ہونے پر اقوال علماء اسلام و مفسرین و محدثین کرام | ۱۸ |
| حضورؐ کے بشر ہونے پر اقوال فقہاء کرام | ۲۵ |
| آپ کی بشریت کا ثبوت ایک اور انداز سے | ۳۰ |
| بریلوی علماء کے اقوال سے آپ کی بشریت کا ثبوت | ۳۱ |
| باب دوم | ۳۷ |
| فریق مخالف کے دلائل اور ان کے جوابات | ۳۷ |
| پہلی دلیل اور اس کا جواب | ۳۷ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| پہلا اعتراض اور اس کا جواب | ۳۹ |
| دوسرا اعتراض اور اس کا جواب | ۴۰ |
| تیسرا اعتراض اور اس کا جواب | ۴۲ |
| چوتھا اعتراض | ۴۳ |
| الجواب | ۴۴ |
| پانچواں اعتراض | ۴۴ |
| الجواب | ۴۵ |
| چھٹا اعتراض | ۴۵ |
| الجواب | ۴۶ |
| دوسری دلیل اور اس کا جواب | ۴۸ |
| فائدہ | ۵۳ |
| پہلا اعتراض | ۵۳ |
| الجواب | ۵۵ |
| دوسرا اعتراض | ۵۸ |
| اولیت اضافی کا جواب | ۵۹ |
| الجواب | ۶۳ |
| واسطہ فی العروض کی بحث | ۷۴ |
| دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا انکار (معاذ اللہ) | ۷۸ |
| تیسرا اعتراض | ۸۱ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| حضرت تھانوی اور حدیث نور | ۸۱ |
| دلیل نمبر ۳ | ۸۳ |
| الجواب | ۸۵ |
| باب سوم | ۹۲ |
| حضور ﷺ کا سایہ ہونے کا ثبوت | ۹۳ |
| دلیل نمبر ۱ | ۹۳ |
| اعتراض | ۹۵ |
| الجواب | ۹۶ |
| دلیل نمبر ۲ | ۹۹ |
| اعتراض و جواب | ۱۰۱ |
| سایہ کا انکار کرنا در اصل شیعہ کا مذہب ہے | ۱۰۲ |
| اعتراض | ۱۰۳ |
| الجواب | ۱۰۳ |
| باب چہارم | ۱۰۵ |
| فریق مخالف کے دلائل اور ان کے جوابات | ۱۰۵ |
| دلیل نمبر ۱ | ۱۰۵ |
| الجواب | ۱۰۷ |
| دلیل نمبر ۲ اور اس کا جواب | ۱۱۳ |
| اعتراض | ۱۱۵ |
| الجواب | ۱۱۸ |
| دلیل نمبر ۳ اور اس کا جواب | ۱۲۷ |
| اعتراض | ۱۲۸ |
| الجواب | ۱۲۹ |
| بادل اور فرشتوں کے سایہ کرنے کی مزید روایات اور ان کے جوابات | ۱۳۰ |
| پہلی روایت اور اس کا جواب | ۱۳۱ |
| دوسری روایت اور اس کا جواب | ۱۳۲ |
| تیسری روایت اور اس کا جواب | ۱۳۳ |
| چوتھی روایت اور اس کا جواب | ۱۳۴ |

# مقدمہ

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین محمد و علی آلہ و اصحابہ وازواجہ واتباعہ اجمعین۔

امّا بعد: اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے بے شمار مخلوقات پیدا فرمائی ہیں ان ہی مخلوقات میں سے جن، ملائکہ اور انسان بھی ہیں، مگر اللہ تعالیٰ نے جو شرف و فضیلت انسان کو عطا فرمائی ہے، وہ اپنی باقی مخلوقات میں سے کسی اور کو نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ نے جنّات کو آگ سے پیدا فرمایا اور ملائکہ کو نور سے پیدا فرمایا اور انسان کو مٹی سے پیدا فرمایا ہے قرآن کریم میں رب کائنات کا ارشادِ گرامی ہے۔

اذ قال ربّک للملٰئکۃ انّی خالق بشرا من طین پ۲۳ — جب وقت فرمایا تیرے رب نے فرشتوں سے کہ تحقیق میں پیدا کرنے والا ہوں بشر (انسان) کو مٹی سے۔

اس بشر سے مراد یہاں حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ ایک اور مقام پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشادِ مبارک ہے۔

اذ قال ربّک للملٰئکۃ انّی خالق بشرا من صلصال من حمأ مسنون: پ۱۴ — جس وقت فرمایا تیرے رب نے فرشتوں سے کہ تحقیق میں پیدا کرنے والا ہوں بشر (انسان) کو بجتی مٹی سے جو بدبو دار سیاہ گارے سے ہے

ان دونوں آیات مبارکہ سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہوجاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان (یعنی آدم علیہ السلام) کو مٹی سے پیدا فرمایا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے جنات اور ملائکہ دونوں سے انسان کو افضل و اشرف قرار دیا جیسا کہ بے شمار آیات مبارکہ اور احادیث شریفہ سے ثابت ہے۔ ہم یہاں تفصیل میں جانے کی بجائے صرف ایک دو آیات کریمہ اور احادیث مبارکہ سے یہ بات ثابت کرتے ہیں کہ ناری مخلوق جنات اور نوری مخلوق ملائکہ سے خاکی مخلوق انسان بزرگ اور افضل ہے۔ چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے۔

| | |
|---|---|
| لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم۔ پ۳۰ | بے شک ہم نے انسان کو بڑی اچھی ساخت پر پیدا کیا ہے۔ |

اس آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ آدم علیہ السلام سے لے کر تا قیام قیامت جتنے انسان بھی پیدا ہوئے اور ہوں گے۔ ان سب کو یہ شرف حاصل ہے بشرطیکہ مسلمان ہوں ورنہ تو پھر اولئک کالانعام بل ھم اضل بھی قرآن کریم میں موجود ہے۔ ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ

| | |
|---|---|
| ولقد کرمنا بنی آدم۔ پ۱۵ | اور البتہ تحقیق مکرم بنایا ہم نے اولادِ آدم کو |

اس آیت سے بھی انسان کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اور احادیث مبارکہ میں بھی یہ بات بالکل واضح ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے۔ چنانچہ ترمذی شریف کی روایت میں آتا ہے۔

| | |
|---|---|
| حدثنا محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن یزید بن ابی زیاد عن عبداللہ بن الحارث عن المطلب بن ابی وداعۃ قال جاء العباس الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | محمود بن غیلان، ابو احمد، سفیان، یزید ابن ابی زیاد، عبداللہ بن حارث حضرت مطلب بن وداعہ سے روایت ہے کہ حضرت عباسؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آئے اور گویا انہوں نے کوئی بات سن لی تھی۔ اس پر نبی اکرم صلی اللہ |

وكأنه سمع شيئا فقام
النبي صلى الله عليه وسلم
على المنبر فقال من انا فقالوا
انت رسول الله عليك السلام
قال انا محمد بن عبد الله
بن عبد المطلب ان الله
خلق الخَلق فجعلني في خيرهم
ثم جعلهم فرقتين
فجعلني في خيرهم فرقة
ثم جعلهم قبائل فجعلني
في خيرهم قبيلة ثم
جعلهم بيوتاً فجعلني في خير
هم بيتاً وخيرهم نفساً
هذا حديث حسن وقد روى عن
سفيان الثوري عن يزيد بن
ابي زياد نحو حديث اسماعيل
بن ابي خالد عن يزيد بن ابي
زياد عن عبد الله ابن الحارث
عن العباس بن عبد المطلب

علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا
میں کون ہوں لوگوں نے عرض کیا آپ
اللہ کے رسول ہیں آپ پر سلامتی ہو
حضورؐ نے فرمایا میں محمد بن عبداللہ بن
عبدالمطلب ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات
پیدا کی تو مجھے بہترین مخلوق بنایا، پھر اس
کے بعد دو فرقے کیے، تو مجھے اچھے فرقہ
میں بنایا، پھر اس کے دو قبیلے بنائے تو
مجھے سب سے اچھے قبیلے میں رکھا۔ پھر
اس کو گھروں میں تقسیم کیا، تو مجھے گھر اور
شخصیت دونوں لحاظ سے سب سے
اچھا بنایا۔ یہ حدیث حسن ہے سفیان ثوری
سے بھی بواسطہ یزید بن ابی زیاد اسماعیل
بن خالد کی روایت کے ہم معنی مذکور
ہے۔

(ترمذی شریف صفحہ ۲۰۱ ج ۲ مطبوعہ ابن کمپنی دہلی)

اس روایت سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ تمام مخلوقات میں سے انسان اشرف المخلوقات ہے۔ ناظرین کرام۔ یہاں تک مخلوقات کی بات تھی کہ جنات اور ملائکہ اور انسانی مخلوق میں سے کون سی مخلوق افضل ہے۔ ہم نے قرآن کریم اور حدیث مبارکہ سے

یہ بات واضح کردی کہ ناری مخلوق جنات اور نوری مخلوق ملائکہ سے خاکی مخلوق انسان افضل ہے۔ اب ہم یہ بات عرض کرتے ہیں کہ تمام انسانوں میں سے سب سے افضل و اشرف انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام ہوتے ہیں کوئی جن اور کوئی فرشتہ نبی بنا کر نہیں بھیجا گیا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لو کان فی الارض ملٰئکۃ — کہ اگر زمین میں فرشتے (نوری مخلوق)
یمشون مطمئنین لنزلنا — ہوتے تو ہم ان میں فرشتے ہی رسول بنا
علیہم من السماء ملکا رسولا — کر بھیجتے۔

(پ ۱۵)

اس آیت سے ثابت ہوا کہ فرشتوں کو رسول اور نبی بنا کر نہیں بھیجا، بلکہ انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے انسانوں کو نبی و رسول بنا کر بھیجا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام کے تمام انبیاء و رسل انسانی مخلوق میں سے ہی تھے اور خاص کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں حدیث مبارکہ ترمذی شریف کے حوالے سے اوپر گزر چکی ہے۔ قرآن وحدیث، صحابہ کرامؓ، سلف صالحین، مفسرین، محدثین اور ائمہ اربعہ کی تعلیمات کی روشنی میں ہمارا اہل السنۃ والجماعۃ کا یہ نظریہ اور عقیدہ ہے کہ تمام انبیاء انسان تھے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی انسان اور بشر ہیں مگر ساتھ ساتھ یہ نظریہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بے مثل بشر ہیں، نہ تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بشر ہونے کا انکار کرتے ہیں اور نہ ہی آپ کے نور ہونے کا ہمیں انکار ہے۔ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر بھی مانتے ہیں اور نور بھی لیکن نور سے نور ہدایت مراد ہے۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے جیسا کہ عم مکرم استاذ محترم امام اہل السنۃ محدث اعظم پاکستان محقق دوراں امام فن اسماء الرجال شیخ القرآن والحدیث حضرت مولانا علامہ محمد سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہ العالی نے اپنی کتاب تنقید متین صـ۸۴ و صـ۸۵ میں نقل کیا ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ

"ہمارا ایمان اور تحقیق یہ ہے کہ امام الرسل خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشر بھی ہیں اور نور بھی جنس اور ذات کے لحاظ سے تو آپ بشر ہیں اور صفت و ہدایت کے اعتبار سے آپ نور ہیں۔ آپ کی بدولت دنیا ظلمت کو روشنی نصیب ہوئی کفر و شرک کی تاریکی کافور ہوئی اور نور ایمان و توحید کی شعاعوں سے سطح ارضی منور ہوئی۔ جو لوگ خواہشات نفسانی اور اہواء و آراء کی تاریکیوں اور باہمی شقاق و خلاف کے گہرے گڑھوں میں پڑے دھکے کھا رہے تھے۔ آپ کی وساطت سے وہ سلامتی کی کھلی اور روشن راہوں پر گامزن ہو گئے۔ کوئی مسلمان اس حقیقت کا منکر نہیں ہے۔ ہاں اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بایں معنی نور سمجھا اور کہا جائے کہ معاذ اللہ آپ کی بشریت، آدمیت اور انسانیت ہی کا سرے سے انکار کر دیا جائے تو نصوص قطعیہ صریحہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے ہم اس کے قطعاً منکر ہیں۔"

ناظرین کرام! یہ ہمارا عقیدہ اور نظریہ ہے اور اس کتاب "نور و بشر" میں اسی عقیدہ کے پیش نظر بحث کی گئی ہے۔ اس عقیدہ کے برخلاف بریلوی حضرات کا عقیدہ اور نظریہ یہ ہے۔ چنانچہ بریلوی حضرات کے ماہنامہ رسالہ الحقی لاہور بابت ماہ اپریل ۱۹۶۴ء کے ابتدائی ٹائیٹل پر مختصر عقائد اہل السنت والجماعت کے عنوان سے چند عقائد درج ہیں بعض یہ ہیں۔

(۴) اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے اپنے ذاتی نور پاک سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور کو پیدا کیا، پھر اس نور سے تمام کائنات کا ظہور فرمایا۔

(۷) حضور صلی اللہ علیہ وسلم جامہ بشریت میں اللہ تعالیٰ کے بے مثل نور ہیں۔

ایک دوسرے بریلوی عالم خواجہ محمد یار صاحب (المتوفی سنہ ۱۳۶۷ھ) کہتے ہیں۔

---

سہ خدا کہتے ہیں جس کو مصطفیٰ معلوم ہوتا ہے — جسے کہتے ہیں بندہ خود خدا معلوم ہوتا ہے
(دیوان محمدی ص)

محمد مصطفیٰ محشر میں ظاہر بن کے نکلیں گے — اٹھا کر میم کا پردہ ہویدا بن کے نکلیں گے
حقیقت جن کی مشکل تھی تماشا بن کے نکلیں گے — جسے کہتے ہیں بندہ قل ھو اللہ بن کے نکلیں گے
بجاتے تھے جو انی عبدہٗ کی بانسری ہر دم — خدا کے عرش پر انی انا اللہ بن کے نکلیں گے

(دیوان محمدی نعت ۱۰)

احد احمد میں فرق نہیں اسے محمدیا (محمد یار ۱۲) — عشاق یار رکھتے ہیں ایمان نتے نتے

(دیوان محمدی ص ۱۰۴)

گر محمد نے محمد کو خدا مان لیا (محمد یار ۱۲) — پھر تو سمجھو کہ مسلمان ہے دغاباز نہیں

(دیوان محمدی ص ۱۰۵)

محمد دی صورت ہے صورت خدا دی — میرے دل توں نقشہ مٹا کوئی نہیں سکدا

(دیوان محمدی ص ۱۲۲)

احد نال احمد رلا کیوں نہ ڈیکھاں — حبیب خدا کوں خدا کیوں نہ ڈیکھاں

(دیوان محمدی ص ۱۲۶)

محمد محمد بکیندی گزر گئی — احد نال احمد ملیندی گزر گئی
میں اپنی حیاتی تو قربان تھیواں — خدا کو محمد سڈیندی گزر گئی

(دیوان محمدی ص ۱۴۵)

احمد احد کوں ڈوری نہ کر — من گھن چراڈ چیل نہ کر

(دیوان محمدی ص ۱۰۷)

ناظرین کرام! اب آپ نے دیکھ لیا کہ بریلویوں کا عقیدہ نور و بشر میں کیا ہے۔ ہم نے کتاب کے باب دوم میں ان کے دلائل بھی ذکر کر دیئے ہیں جن سے ان کے مسلک کی حقیقت اچھی طرح کھل کر سامنے آ جائے گی کہ دعویٰ کیا ہے اور دلائل ان کے کس قسم کے ہیں جہاں تک بریلوی اور دیوبندی اختلاف کا تعلق ہے اس پر لکھنے کی تو اس مقدمہ میں گنجائش نہیں ہے مگر اصولی طور پر اس اختلاف کی مختصر سی وضاحت کی جاتی ہے عوام کے ذہن میں ایک سوال

پیدا ہوتا ہے اور اکثر لوگوں نے ہم سے یہ سوال کیا بھی ہے کہ بریلوی اور دیوبندی دونوں اپنے آپ کو اہل السنۃ والجماعۃ حنفی کہلواتے ہیں، مگر ان دونوں میں اختلاف بھی اس قدر ہے کہ ایک دوسرے کو کافر تک کہتے ہیں۔ ان دونوں میں سے صحیح کون ہے اور ان کا آپس میں اختلاف کیا ہے؟

اس کا جواب ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ اصولی طور پہ بریلوی اور دیوبندی میں اختلاف دو باتوں میں ہے۔ پہلی بات شرک کا مسئلہ ہے اور دوسری بات بدعت کا مسئلہ ہے۔ علماء دیوبند علم غیب، حاضر وناظر، مختار کل، نور و بشر، استعانت لغیر اللہ، نذر و نیاز اور ان جیسی دیگر باتوں کو خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور میں ماننے کو قرآن وسنت، صحابہ کرامؓ سلف صالحین اور ائمہ اربعہؒ کی تعلیمات کی روشنی میں شرک قرار دیتے ہیں۔ اس کے برخلاف بریلوی حضرات ان باتوں کو جائز قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح بدعت کا مسئلہ ہے۔ مثلاً اذان سے پہلے صلوٰۃ وسلام، جنازہ کے بعد دعا، قبروں پکی کرنا، قبروں پر غلاف چڑھانا، اذان میں انگوٹھے چومنا، قبر پر اذان دینا، عید میلاد النبیؐ کا جلوس، حیلہ اسقاط، تیجا، ساتواں، دسواں، بیسواں، چالیسواں اور ایسی ہی دیگر باطل خرافات و رسومات کو علماء دیوبند بدعات تصور کرتے ہیں، مگر بریلوی حضرات ایسی باتوں کو نہ صرف جائز بلکہ باعث اجر و ثواب سمجھتے ہیں۔
علماء دیوبند نے قرآن وسنت اور فقہ حنفی کی روشنی میں جو تعریف شرک و بدعت کی کی ہے اسے بریلوی حضرات تسلیم نہیں کرتے، بلکہ قرآن وسنت کے خلاف اپنی مرضی سے جو چاہے تاویل کرتے ہیں۔ ہماری سمجھ کے مطابق دیوبندی اور بریلوی اختلاف کی حقیقت یہی دو باتیں ہیں۔ ان ہی اختلافی مسائل میں سے ایک مسئلہ نور و بشر کا بھی ہے۔ اس بارے میں اہل حق دیوبند کی طرف سے کافی کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور ہمارے ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرت العلوم سے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہ کی شائع کردہ مختلف کتابوں میں بھی یہ مسئلہ نور و بشر آچکا ہے، مگر اس مسئلہ پر کوئی مستقل کتاب ادارہ کی طرف سے شائع نہ ہو سکی، جیسا کہ باقی تمام مسائل میں ادارہ کی طرف سے کتابیں شائع

ہوئی ہیں۔ مثلاً علم غیب کے مسئلہ پر ازالۃ الریب اور اظہار الغیب، مسئلہ حاضر و ناظر پر تبرید النواظر اور تفریح الخواطر، مسئلہ مختار کل پر دل کا سرور اور استعانت کے مسئلہ پر گلدستہ توحید اور رد بدعات پر المنہاج الواضح یعنی راہ سنت، ابواب جنت تنقید متین بحکم الذکر بالجہر اور اخفاء الذکر وغیرہ۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ نے اپنی کتاب تنقید متین میں یہ لکھا ہے کہ مسئلہ نور و بشر کی پوری تحقیق اور بحث تو انشاء اللہ ہم اپنے رسالہ نور و بشر میں کریں گے مگر حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ کی تدریسی و تبلیغی مصروفیات اور پیرانہ سالی اور علالت کے باعث یہ بات پوری نہ ہو سکی۔ دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے یہ مسئلہ نور و بشر اپنی کتاب تنقید متین اور اتمام البرہان میں کافی وضاحت کے ساتھ بیان فرما دیا ہے۔ اسی لیے انہوں نے مزید اس مسئلہ پر کوئی الگ کتاب لکھنے کی خاص ضرورت محسوس نہیں کی مگر شائقین کے خطوط کثرت سے آتے رہے کہ جس طرح آپ نے دوسرے مسائل پر کتابیں لکھی ہیں اس مسئلہ پر بھی ضرور کتاب لکھیں مگر حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ نے فرمایا کہ میں نے مسئلے کی وضاحت کر دی ہے۔ ہمارے ادارہ نشر و اشاعت کے ناظم صاحب نے حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ سے کہا کہ اگر آپ اجازت دیں تو آپ کے افادات کی روشنی میں مسئلہ نور و بشر پر جو کہ آپ کی مختلف کتابوں میں موجود ہے اسے یکجا کر دیا جائے تو حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ نے اس بات کی اجازت فرمائی، تو احقر نے حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ کی مختلف کتابوں سے اس کتاب نور و بشر کو مرتب کیا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ احقر کی اس سعی کو قبول فرمائے اور لوگوں کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے۔ آمین۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

احقر محمد فیاض خان سواتی

مدرس مدرسہ نصرت العلوم

یکم صفر ۱۴۱۱ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# باب اوّل

نبی اور رسول شریعت کی اصطلاح میں اس انسان کو کہتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی کے ذریعے شریعت نازل کی گئی ہو اور جب دوسروں کو تبلیغ کرنے کا بھی مامور ہو تو وہ رسول ہے چونکہ زمین کی خلافت و نیابت انسان کے حوالے کی گئی ہے اس لیے حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ انسانوں کی اصلاح اور رشد و ہدایت کے لیے انسان اور بشر ہی رسول مبعوث ہو، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

## قرآنی دلائل

### آیت نمبر۱

| | |
|---|---|
| وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا | اور نہیں روکا لوگوں کو ایمان لانے |
| اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ | سے جب پہنچی ان کے پاس ہدایت مگر |
| اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا | اسی بات میں کہ کہنے لگے کیا اللہ نے بشر |
| رکوع ۱۱ سورۃ الاسراء رکوع ۱۱ | کو رسول بنا کر بھیجا ہے۔! |

اس سے معلوم ہوا کہ کفار و مشرکین کو ایمان لانے سے ان کا یہ نظریہ مانع رہا کہ بشر کو رسالت کیونکر مل سکتی ہے جبھی تو انہوں نے صاف الفاظ میں یہ کہا کہ اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا۔ کیا اللہ تعالیٰ نے بشر کو رسول بنایا ہے ؟

ان نادانوں نے بشر کو رسول ماننے سے تو انکار کیا۔ لیکن پتھر کو معبود ٹھہرا لینے سے

فرمائے، چنانچہ حضرت علی بن سلطان المعروف بہ ملا علی القاری الحنفیؒ المتوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں کہ

انکارًا منھم ان یرسل اللہ بشرًا واقرارًا بان یصلح ان یکون الالٰہ حجرًا اھ

انہوں نے اس کا تو انکار کیا کہ اللہ تعالیٰ بشر کو رسالت عطا فرمائے مگر اس کا اقرار کر لیا کہ پتھر ان کا معبود قرار پائے۔

(شرح الشفاء ص ۵۴۳ ج ۲ طبع مصر)

اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے یوں ارشاد فرمایا کہ

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا رَّسُولًا

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تو کہہ اگر زمین میں فرشتے چلتے پھرتے اور آباد ہوتے تو ہم ان پر آسمان سے فرشتہ رسول بنا کر بھیج دیتے۔

(پ ۱۵ سورۃ الاسراء ع ۱۱)

یعنی زمین میں چونکہ انسان آباد ہیں، تو ان کی اصلاح اور بھلائی کے لیے بشر آدمی اور انسان کو ہی رسول بنا کر بھیجنا مصلحت کے عین مطابق ہے۔ اگر فرشتے زمین میں بسنے والے ہوتے تو آسمان سے فرشتے اور نوری مخلوق ان کی اصلاح کے لیے مبعوث کی جاتی۔

## آیت نمبر ۲

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ ۝ قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ۝ وَإِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس تجھے کیا ہوا کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہ دیا، وہ بولا میں نہ تھا کہ بشر کو سجدہ کرتا جس کو تو نے کھنکھناتے ہوئے سڑے گارے سے پیدا کیا، فرمایا تو نکل جا یہاں سے بے شک تو مردود ہے اور تجھ پر

اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ (پ۱۴ الحجر ۳) قیامت کے دن تک پھٹکار ہے۔
جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو فرشتوں سے فرمایا کہ میں بجنے والی مٹی اور سڑے ہوئے گارے سے بشر پیدا کرنے والا ہوں جب میں اس کو بنا چکوں اور اپنی طرف سے اس میں روح پھونک دوں تو تم اسے سجدہ کرنا۔ فرشتوں نے بلا قیل وقال تعمیل حکم میں سجدہ کیا مگر ابلیس لعین نے سجدہ کرنے سے انکار کر دیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ بشر اور آدمی کو کم درجے کا سمجھنا ابلیس لعین کا نظریہ ہے جس پر تا قیامت اللہ تعالیٰ کی پھٹکار پڑتی رہے گی اور وہ مردود و ملعون ٹھہرا رہے گا اور بشر کو اعلیٰ شان کا سمجھنا فرشتوں (اور فرشتہ صفت لوگوں) کا کام ہے۔ اس مضمون کے پیش نظر جو شخص بشر میں اس کے فضائل و کمالات کے انکار کا پہلو دیکھ رہا یا تلاش کر رہا ہے تو وہ ابلیس کے طریقے کو اپنا رہا ہے اور اس کو اپنا مقام خود سمجھ لینا چاہیے۔

## آیت نمبر (۳)

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ تو کہہ میں تو تمہاری طرح کا بشر ہوں مجھ پر
یُوۡحٰۤی اِلَیَّ (الآیۃ پ۱۶ کہف) وحی نازل کی جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیا کہ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ یعنی میں بھی بشر ہوں جیسے تم بشر ہو اور تمام لوازمات بشریہ مجھ میں پائے جاتے ہیں جیسے تم میں ہیں۔ ہاں میرا اور تمہارا فرق یہ ہے کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل کی جاتی ہے۔ جس کی بدولت میرا نام اور مقام بہت بلند ہو گیا۔

## آیت نمبر ۴

قُلۡ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ هَلۡ كُنۡتُ تو کہہ سبحان اللہ میں تو نہیں ہوں
اِلَّا بَشَرًا رَّسُوۡلًا ۝ مگر بشر رسول۔

(پ۱۵ بنی اسرائیل ۱۰)

مشرکین مکہ نے تعصب و عناد کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چند فرمائشی

تمنات طلب کیے تھے جو حکمت خداوندی کے خلاف تھے۔ ان کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو یوں ارشاد فرمایا کہ قل سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا
ناظرین کرام! ہم نے یہاں تک قرآن کریم کی چار آیات ذکر کی ہیں جو کہ مسئلہ کو سمجھنے کے لیے کافی ہیں۔ آگے احادیث مبارکہ ذکر کی جاتی ہیں۔ (فیاض)

## احادیث مبارکہ سے دلائل

حدیث نمبر ۱

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات صحابہ کرامؓ سے اپنا منصب بیان کرتے ہوئے یہ فرمایا۔

إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (الحدیث) کہ میں تو تمہاری طرح کا بشر ہوں۔

(بخاری شریف ص۵۸ ج۱ ومسلم شریف ص۲۱۲ ج۱)

حدیث نمبر ۲

آپؐ نے ارشاد فرمایا

اَللّٰهُمَّ إنما انا محمد بشر یغضب (الحدیث) اے میرے پروردگار میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو بشر ہوں مجھے غصہ بھی آجاتا ہے۔

(مسند احمد ص۴۹۳ ج۲)

حدیث نمبر ۳

خطبۂ کسوف کے موقع پر آپؐ نے صحابہ کرامؓ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

یا ایها الناس انما انا بشر رسول۔ (الحدیث) اے لوگو پختہ بات ہے کہ میں تو بشر رسول ہوں۔

(موارد الظمآن ص۱۵۸)

حدیث نمبر ۴

حجۃ الوداع کے بعد ایک خاص مقام اور مخصوص موقعہ پہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نے خطبہ ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| الا یا ایھا الناس انما انا بشر | خبردار، اے لوگو پختہ بات ہے کہ |
| یوشک ان یاتینی رسول ربی | میں تو بشر ہوں، قریب ہے کہ میرے |
| عزوجل فاجیب (الحدیث) | پاس میرے رب کا قاصد (ملک الموت) |
| | آ جائے اور میں اس کے حکم کی تعمیل کروں۔ |

(مسند احمد ص ٣٦٦ ج ٤ واللفظ له، و دارمی ص ٤٢٣ و مسلم ص ٢٧٩ ج ٢ و سنن الکبریٰ ص ١١٤ ج ١)

ناظرین کرام ہم نے یہاں تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار احادیث مبارکہ نقل کر دی ہیں۔ اس کے بعد صحابہ کرامؓ کے آثار نقل کیے جاتے ہیں۔ (فیاض)

## اثر نمبر ١ — آثار صحابہؓ سے دلائل

ترجمان القرآن حبر الامت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ایک خطبہ ارشاد فرمایا جس میں یہ بھی مذکور ہے۔

| | |
|---|---|
| ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ | کہ بلاشبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم |
| وسلم قد مات و انہ بشر | کی وفات ہو چکی ہے کیونکہ بتاکید آپ |
| (الحدیث) (دارمی ص ٢٣) | بشر تھے۔ |

### اثر نمبر ٢

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر تھے (کان بشرا من البشر) (شمائل ترمذی ص ٢٤ و ادب المفرد ص ٧٩ للامام بخاری)

### اثر نمبر ٣

| | |
|---|---|
| قالت ما کان الا بشرا من | حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نہ تھے جناب |
| البشر الخ (سواد الظلام ص ٥٢٥) | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مگر بشروں سے بشر |

اثر نمبر ۴

جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ نے بھی آپ کو بشر کہا۔

(تلخیص المستدرک صفحہ ۱۰۸ ج ۱)

اثر نمبر ۵

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد صحابہ کرامؓ نے جو قریش کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ایک موقعہ پر آپ کو بشر کہا۔

(مستدرک حاکم صفحہ ۱۰۶ ج ۱)

ناظرین کرام! یہاں تک ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ کے پانچ اقوال نقل کر دیے ہیں آگے علماء اسلام اور فقہاء ملت و مفسرین و محدثین اور صوفیاء کرام کے اقوال نقل کیے جاتے ہیں۔ (فیاض)

# اقوال علماء اسلام و مفسرین و محدثین کرامؒ

تمام علماء اسلام اور فقہاء ملت اس بات پر متفق ہیں کہ سب حضرات انبیاء کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام بشر تھے۔ صاف اور صریح الفاظ میں اپنی کتابوں میں وہ اس کا بلا خوف و تردید اظہار اور اعلان کرتے ہیں۔ ہم چند حوالے عرض کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

نمبر (۱) (۲) (۳)

قاضی ابو الفضل عیاض بن موسیٰ المالکی المتوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| قد قدمنا انه صلی اللہ علیه | |
| وسلم وسائر الانبیاء والرسل | بلا شبہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ حضرت |
| من البشر وان جسمه وظاهره | محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی تمام حضرات |
| خالص للبشر یجوز علیه من | انبیاء اور رسل علیہم الصلوٰۃ والسلام بشر |
| الآفات والتغیرات والآلام | تھے اور آپ کا جسم مبارک اور ظاہر خالص |

| | |
|---|---|
| والاسقام وتجوع كاس | بشری تھا آپ پر وہ سب کچھ جائز ہے جو |
| الحمام ما يجوز على البشر | اور انسانوں پر طاری ہو سکتا ہے۔ مثلاً |
| وهذا كله ليس بنقيصة | تکالیف مصائب آلام بیماریاں اور موت |
| فيه الخ (الشفاء ص۱۵۶ ج۲ طبع مصر) | کا پیالہ پینا وغیرہ اور ان سب امور کی |
| | وجہ سے آپ کی شان میں کوئی کمی اور |
| | نقص نہیں آتا۔! |

یہ عبارت اپنے مدلول کے لحاظ سے بالکل روشن اور صاف ہے۔ اس میں کوئی اشکال نہیں ہے اسی کے قریب الفاظ ہیں (نمبر۲) علامہ محی الدین برکلی الحنفی (المتوفی ۱۰۵۲ھ) (نمبر۳) اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی الحنفی (المتوفی ۱۰۵۲ھ) کے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم و سائر الانبیاء من البشر محصلہ) ملاحظہ ہو طریقہ محمدیہ ص۱ طبع مصر و تکمیل الایمان طبع لکھنؤ ص۳۔

**نمبر۴**

امام محمد بن محمد الکردری الحنفی (المتوفی ۸۲۷ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| لان النبي عليه السلام بشر | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں اور |
| والبشر جنس يلحقهم المعرة | بشر ایک ایسی جنس ہے جس کو عیب لاحق |
| الا من اكرمهم الله اھ | ہو سکتا ہے۔ ہاں مگر جن کو اللہ تعالیٰ عزت |
| (فتاویٰ بزازیہ ص۳۲۲ ج۶ برحاشیہ عالمگیری طبع مصر) | بخش دے۔ |

اس عبارت میں بھی تصریح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو عصمت کی بلند پایہ خلعت سے نوازا ہوتا ہے اور وہ معصوم ہوتے ہیں۔

**نمبر۵**

علامہ جلال الدین الدوانی الشافعیؒ (المتوفی ۹۲۸ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| النبي هو انسان بعثه الله | نبی وہ انسان ہے جس کو اللہ تعالیٰ |

الی الخلق لتبلیغ ما اوحی الیہ | مخلوق کی طرف تبلیغ احکام کی خاطر مبعوث
(شرح عقائد جلالی ص۲) | کرتا ہے۔

بشر آدمی اور انسان یہ تمام الفاظ ہم معنی اور مترادف ہیں اور اس عبارت سے واضح ہوا کہ نبی انسان ہوتا ہے۔

نمبر ۶

محقق احناف حافظ ابن الہمام الحنفیؒ لکھتے ہیں کہ

ان النبی انسان بعثہ اللہ | تحقیق سے نبی وہ انسان ہے جس کو
لتبلیغ ما اوحی الیہ و | اللہ تعالیٰ اپنے نازل کیے احکام کی
کذا الرسول فلا فرق۔ | تبلیغ کے لیے مبعوث کرتا ہے اور اسی
(المسایرہ مع المسامرہ ص۸۳ ج۲ طبع مصر) | کو رسول کہتے ہیں سو اس لحاظ سے
| دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

نمبر (۷) (۸) (۹)

اسی کے قریب الفاظ میں شرح عقائد ص۱۲۱ و ص۹۹ للعلامۃ التفتازانی (المتوفی ۷۹۲ھ) اور ملا صادق علی العصامیۃ ص۲ اور دررشیدیہ ص۵ وغیرہ عقائد اور علم مناظرہ کی مستند کتابوں میں!

نمبر ۱۰

امام جلال الدین السیوطی الشافعیؒ (المتوفی ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں کہ

والا شھر فی معنی الرسول | رسول کے معنی میں مشہور یہ ہے کہ وہ ایسا
انہ انسان اوحی الیہ بشرع | انسان ہوتا ہے جس کی طرف شریعت کی وحی کی
وامر بتبلیغہ فان لم یؤمر | جاتی ہے اور تبلیغ شرع کا مامور ہوتا ہے
فنبی فقط (تدریب الراوی ص۱۹۰ | اور اگر اسے تبلیغ شرع کا حکم نہ ہو تو فقط
طبع مصر) | نبی ہوتا ہے۔!

یعنی اگر جدید شرع اور نئے احکام کی تبلیغ کا حکم ہو تو وہ رسول ہوتا ہے اور اگر جدید

شرع کی تبلیغ کا حکم نہ ہو، بلکہ پہلی شریعت کی تبلیغ کا حکم ہو تو وہ نبی ہوتا ہے۔

نمبر ۱۱

امیر یمانی محمد بن اسماعیلؒ (المتوفی سنہ ۱۱۸۲ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| وفی لسان الشرع عبارۃ | اور شریعت کی اصطلاح میں نبی اس |
| عن انسان انزل علیہ شریعۃ | انسان کو کہتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ کی |
| من عند اللہ بطریق الوحی | طرف سے وحی کے ذریعے شریعت نازل |
| فاذا امر بتبلیغہا الی الغیر | کی گئی ہو اور جب اسے دوسرے |
| سمی رسولا اھ | لوگوں کی خاطر اس شریعت کی تبلیغ کا |
| (سبل السلام صفحہ ۹ ج ۱ طبع مصر) | حکم دیا گیا ہو تو اسے رسول کہتے ہیں۔ |

نمبر ۱۲

علامہ محمد عابدین الشامی الحنفیؒ (المتوفی سنہ ۱۲۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ بشر کی تین قسمیں ہیں خواص جیسے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور درمیانے قسم کے جیسے حضرات صحابہ کرامؓ وغیرہ اور عوام جس طرح دیگر لوگ (شامی صفحہ ۴۹۳ ج ۱ طبع مصر)

نمبر ۱۳

امام محمد بن عمر الرازیؒ الشافعی (المتوفی سنہ ۶۰۶ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| کان محمد صلی اللہ علیہ | یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بشر تھے |
| وسلم من البشر | |
| (تفسیر کبیر صفحہ ۳۵ ج ۵ طبع مصر) | |

نمبر ۱۴

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی الشافعیؒ (المتوفی سنہ ۶۳۸ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت جبکہ |
| وسلم فی کل وقت وھو فی | آپ رسالت اور خلافت الٰہی کے بلند مرتبے |

مرتبة الرسالة والخلافة پر فائز تھے، یہی فرماتے رہے کہ میں تو
انما انا بشر مثلکم فلم تحجبه تمہاری طرح کا بشر ہوں آپ کے اس بلند مقام
المرتبة عن معرفة نشأته نے آپ کو اپنی حقیقت کے اعتراف سے
(فتوحات مکیہ صفحہ ۲۳ طبع مصر) نہیں روکا۔

یعنی باوجود اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو رسالت وخلافت کا اعلیٰ مقام مرحمت فرمایا ہے بایں ہمہ آپ نے اپنی بشریت کا صاف اور صریح الفاظ میں ذکر فرمایا ہے اور اس سے انکار نہیں کیا۔

نمبر ۱۵

حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ (المتوفی ۶۷۲ھ) نے اپنی مثنوی میں ایک حکایت بیان کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک چھوٹا سا بچہ تھا جو مکان کی چھت پر کھیل رہا تھا اور اس کے ماں باپ بھی کسی کام میں مصروف تھے (یا دھوپ سینک رہے ہوں گے) مکان کی چھت پر ایک کھوکھلا سا پرنالہ تھا جس کے ذریعے چھت کا پانی کوچہ میں بہتا تھا۔ اچانک وہ بچہ اس پرنالے میں جا گھسا۔ پرنالہ چونکہ گلی کی طرف آگے کی طرف بڑھا ہوا تھا۔ ماں باپ کو خیال ہوا کہ یہ اتنا مضبوط تو ہے نہیں، مبادا یہ کہ پرنالہ بچے کے وزن کو برداشت نہ کر سکے اور نیچے گر جائے اور بچہ ہلاک ہو جائے جب ماں باپ اس کے قریب گئے تاکہ اس کو پرنالے سے باہر نکالیں تو وہ نادان بچہ لاڈ میں آکر اور اندر گھستا چلا گیا جس سے ہر لحظہ خطرہ بڑھتا رہا اور ماں باپ جب اس کو اپنی طرف بلاتے تو وہ اور دور ہوتا جاتا، بالآخر وہ مایوس ہو گئے کہ یہ اناڑی اور نادان بچہ بات نہیں مانتا اور پرنالہ الٹ گیا، تو یہ ہلاک ہو جائے گا۔ کسی دانا نے جو یہ ماجرا دیکھ رہا تھا۔ ان کو یہ مشورہ دیا کہ اسی عمر کا کوئی بچہ فوراً محلے سے لے آؤ اور اس کو مکان کی چھت پر بٹھا دو، یہ ننھا بچہ جب اس کو دیکھے گا، تو بقاعدہ الجنس یمیل الی الجنس اس سے مانوس ہو کر تمہارا بچہ بھی پرنالے سے باہر نکل آئے گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور مکان کی چھت پر ہم عمر بچے کو دیکھ کر وہ بچہ بھی پرنالے سے نکل آیا، اس کی جان بچی اور ماں باپ کی پریشانی کا ازالہ ہوا اس

واقعے کو اپنے مخصوص انداز میں بیان کرنے کے بعد مولانا رومی فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| زاں بود جنسِ بشر پیغمبراں | تا بہ جنسیت رہند از ناوداں |

یعنی اسی وجہ سے حضرت انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام جنس بشر سے ہیں تاکہ جنسیت کی وجہ (مصائب اور گمراہی کے) پرنالے سے ان کو نکال لائیں اور حقیقت یہی ہے کہ غیر جنس سے فائدہ اٹھانا اور اس کے اسوہ اور سیرت پر چلنا خاصا مشکل کام ہے۔

نمبر ۱۶

حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی (المتوفی ۱۰۳۴ھ) فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| اے برادر محمد صلی اللہ علیہ وسلم باآں علوشان بشر بود و بداغ حدوث و امکان متسم۔ | اے بھائی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم باوجود اس بلند شان اور مرتبے کے بشر تھے اور حدوث و امکان کے داغ سے متصف تھے۔ |

(مکتوب ۴۳ دفتر اول ص ۶۷ طبع امرتسر)

یعنی نہ تو آپ قدیم اور واجب تھے اور نہ ازلی و ابدی تھے بلکہ بشر حادث اور ممکن تھے اور دوسرے مقام پر ارشاد فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| نمی بینی کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام با عامہ در نفس انسانیت برابر اند و در حقیقت و ذات ہمہ متحد تفاضل باعتبار صفات کاملہ آمدہ است۔ | تو نہیں دیکھتا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام عام لوگوں کے ساتھ نفس انسانیت میں برابر ہیں اور حقیقت و ذات کے لحاظ سے سب کے ساتھ متفق ہیں |

(دفتر اول حصہ چہارم ص ۱۲۹)

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں کہ

نمبر ۱۷

| | |
|---|---|
| آنا در نبوت و رسالت درجہ ایست مرتبی ملائکہ ملک بآں نرسیدہ است | بہر حال نبوت اور رسالت میں نبی کے لیے ایک ایسا درجہ ہے جس تک فرشتہ نہیں پہنچ |

وآں درجہ از راہ عنصر خاک آمدہ است    سکتا اور وہ درجہ اصل میں مٹی سے حاصل
کہ مخصوص بہ بشر است ۔    ہوتا ہے جو بشر کے ساتھ مخصوص ہے
(مکتوبات دفتر اوّل حصہ چہارم ص۱۲۳)

**نمبر ۱۷**

مشہور صوفی صاحب حال و وجد علامہ بوصیریؒ (المتوفی ۶۹۶ھ) فرماتے ہیں کہ

فمبلغ العلم فیه انه بشر    وانه خیر خلق الله کلهم

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مبلغ علم یہی ہے کہ آپ بشر ہیں اور
آپ بلاشک اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق سے بہتر ہیں

**نمبر ۱۸**

مصر کے مشہور عالم شیخ محمد عبدہٗ (المتوفی ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء) لکھتے ہیں کہ

والانبیاء افضل البشر بالاجماع    حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام
(تفسیر المنار ج ۷ ص ۳۰۲ طبع مصر)    بالاجماع افضل البشر ہیں۔

**نمبر ۱۹**

علامہ محمد بن عبد الباقی بن یوسف الزرقانی المالکی (المتوفی ۱۱۲۲ھ) تو یہاں تک تصریح
فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ناموں میں سے ایک نام ہی بشر ہے ۔
(زرقانی شرح مواہب ج ۳ ص ۱۲۴ طبع مصر)

**نمبر ۲۰**

محدث کبیر امام ابو حاتم محمد بن ادریس الامام الحافظ الکبیر (المتوفی ۲۷۷ھ) فرماتے ہیں کہ

ما نجد لابی بکر و عمر فضیلة    ہم حضرت ابو بکرؓ اور عمرؓ کی اس جیسی اور کوئی
مثل هذه الفضیلة لان طینتها    فضیلت نہیں پاتے کہ ان کا مادہ اس مٹی سے بنا
من طینة رسول الله صلی الله علیه وسلم    ہے جس مٹی سے جناب رسول اللہ صلی اللہ
(مختصر تذکرۃ القرطبی لعبد الوہاب شعرانی ص۱۲ طبع مصر)    علیہ وسلم کا وجود مسعود تیار ہوا ہے ۔

احادیث میں آتا ہے کہ جہاں کی مٹی اور خمیر ہوتا ہے، مرنے کے بعد انسان اسی مقام پر پہنچا دیا جاتا ہے اور تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ تینوں بزرگ روضۂ اقدس کے اندر پہلو بہ پہلو قبروں میں تشریف فرما ہیں۔

یہ مختصر اور ٹھوس حوالے منصف مزاج آدمی کے لیے بالکل کافی ہیں۔ ہاں ضدی اور ہٹ دھرم کے لیے دلائل کا انبار بھی ناکافی ہے۔

## اقوال فقہاء کرام رح

یہ یاد رہے کہ فقہاء کرامؒ وہ محتاط طبقہ ہے جو جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ادنٰی سے ادنٰی توہین کو بھی صاف اور صریح الفاظ میں کفر کہتا ہے اور اس کے مرتکب کو قابلِ گردن زدنی سمجھتا ہے، مگر بایں ہمہ وہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور علی الخصوص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو صریح الفاظ میں انسان اور بشر تسلیم کرتا ہے۔

نمبر ا

امام طاہر بن احمد الحنفیؒ (المتوفی ۵۴۲ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| وفی المحیط من شتم النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم و اھانہ او عابہ فی امور دینہ او فی شخصہ او وصف من اوصاف ذاتہ سواء کان الشاتم مسلماً من امتہ او غیرھا و سواء کان من اھل الکتاب او غیرہ ذمیا کان او حربیا | محیط میں ہے کہ جس شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہا اور آپ کی توہین کی یا دینی امور میں آپ کا عیب نکالا یا آپ کی ذات یا آپ کے ذاتی اوصاف میں سے کسی صفت میں عیب لگایا عام اس سے کہ برا کہنے والا آپ کی امت سے ہو یا غیر ہو اور عام اس سے کہ ذمی ہو یا حربی اور برابر ہے کہ آپ کی برائی یا اہانت یا عیب قصداً اس سے سرزد |

سواء کان الشتم او الاهانة او العیب صادرًا عنه عمدًا او سهوًا او غفلةً اوجدًا اوهزلًا فقد کفر خلودًا بحیث ان تاب لم تقبل توبته ابدًا لا عند الله ولا عند الناس وحکمهٗ فی الشریعة المطهرة عند متاخری المجتهدین اجماعًا و عند المتقدمین القتل قطعًا ولا یداهن السلطان و نائبه فی حکم قتله اھ

ہو ظاہر یا سہوًا یا غفلۃً یا حقیقتًا ہو یا دل لگی سے ہر صورت میں یہ دوامی طور پر کفر ہے بایں حیثیت کہ اگر وہ توبہ بھی کرے تو اس کی توبہ کبھی قبول نہ ہوگی نہ عند اللہ نہ عند الناس اور شریعت مطہرہ میں اس کا حکم متاخرین مجتہدین کے اتفاق سے اور متقدمین کے نزدیک بھی یہ ہے کہ اگر اس کو یقیناً قتل کیا جائے اور بادشاہ اور اس کا نائب اس کے قتل میں قطعاً کوئی نرمی اور مداہنت نہ کرے ۔

(خلاصۃ الفتاوی صفحہ ۳۸۶ جلد ۴)

فقہاءِ کرام کا یہ فیصلہ بھی اچھی طرح ملاحظہ کیجئے اور پھر یہ بھی دیکھئے کہ وہ کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو انسان اور بشر کہتے ہیں۔ اگر اس لفظ میں توہین و بے ادبی کا ادنیٰ سا شائبہ بھی ہوتا تو وہ ہرگز آپ کو بشر نہ کہتے، بلکہ بشر کہنے والوں کے خلاف اور نہ سہی تو فتویٰ ہی صادر فرما دیتے ۔

## نمبر ۲

فقہاءِ کرام اور علماءِ ملت نے اس کی صراحت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بشر ہونے کا اقرار و عقیدہ ضروریاتِ دین میں سے ہے ۔ اگر کوئی شخص آپ کے بشر ہونے کا انکار تو کیا محض لاعلمی کا اظہار بھی کرے، تب بھی وہ کافر ہے کہ اس نے ایک بنیادی عقیدے کو معلوم نہیں کیا، چنانچہ فقہ حنفی کی معتبر و مستند کتابوں میں ہے کہ

| | |
|---|---|
| ومن قال لا ادری ان النبی | جو شخص یہ کہے کہ میں نہیں جانتا کہ آنحضرت |
| صلی اللہ علیہ وسلم کان | صلی اللہ علیہ وسلم انسان تھے یا جن تو |
| انسیاً او جنیا یکفر۔ | وہ شخص کافر ہے۔ |

(فصول عمادیہ صفحہ ۱۳۵ طبع ہند و فتاویٰ

عالمگیری صفحہ ۲۹۱ جلد ۲ طبع مصر)

یعنی اس لیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کا اقرار ایک بنیادی عقیدہ ہے اور وہ شخص اس سے بے خبر ہے۔

نمبر (۳)

علامہ زرقانی المالکیؒ (محمد بن عبدالباقی المتوفی ۱۱۲۲ھ) شرح مواہب میں لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| فان قلت هل العلم بكونه | پس اگر کوئی کہے کہ کیا آنحضرت صلی اللہ |
| صلى الله عليه وسلم بشراً | علیہ وسلم کے بشر اور اہل عرب میں سے |
| ومن العرب شرط فی صحة | ہونے کا علم صحت ایمان کے لیے شرط |
| الایمان او هو من فروض | ہے یا وہ فرض کفایہ ہے کہ ماں باپ سے |
| الكفاية على الابوين مثلاً | ایک نے تمیز والے بچے کو اس کی تعلیم |
| فاذا علم احدهما ولده | دے دی تو اس کی طلب دوسرے سے |
| المميز ذالك سقط طلب | ساقط ہو جائے گی۔ اس کا جواب شیخ |
| عن الآخر اجاب الشيخ | ولی الدین احمد ابن عبدالرحیم العراقی الحافظ |
| ولی الدین احمد بن عبدالرحيم | ابن الحافظ نے یہ دیا ہے کہ صحت ایمان |
| العراقی الحافظ ابن الحافظ انه شرط | کے لیے یہ شرط ہے کہ پس اگر کسی شخص نے |
| فی صحة الایمان فلو قال شخص | یہ کہا کہ میں اس بات کا ایمان رکھتا ہوں |
| او من برسالة محمد صلى الله | کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق |

عليه وسلم الى جميع الخلق
ولكن لا ادرى هل هو من البشر
او من الملائكة او من الجن
او لا ادرى هو من العرب
او العجم فلا شك فى كفره
لتكذيبه القرآن لقوله تعالى
هو الذى بعث فى الامّيين
رسولا منهم وقال تعالى
ولا اقول لكم انى ملك
وجحده ما تلقته قرون الاسلام
خلفا عن سلف وصار معلوما
بالضرورة عند الخاص
والعام ولا اعلم فى ذلك
خلافا اھ

کی طرف بھیجے گئے ہیں لیکن میں یہ نہیں جانتا کہ آپ
بشر تھے یا فرشتے یا جن یا یہ کہ میں نہیں جانتا کہ آپ
عربی تھے یا عجمی تو اس شخص کے کفر میں کوئی شک نہیں ہے کیونکہ
اس نے قرآن کی تکذیب کی ہے کیونکہ
اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ خدا تعالیٰ کی
وہ ذات ہے جس نے اُمیوں میں انہی
میں سے رسول بھیجا اور نیز فرمایا کہ
تو کہہ دے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا
کہ میں فرشتہ ہوں اور اس نے اس چیز
کا بھی انکار کیا جو اسلامی ادوار میں
سلف وخلف سے تواتر سے چلی آتی
ہے اور جو چیز عوام وخواص کے ہاں
بالبداہت معلوم ہے اور مجھے اس میں
کسی کا کوئی اختلاف معلوم نہیں ہے۔

(الزرقانی ص ۴۸ ج ۲ شرح مواہب طبع مصر)

نمبر (۴)

علامہ سید محمود آلوسی الحنفی (المتوفی ۱۲۷۰ھ) لکھتے ہیں کہ

وقد سئل الشيخ ولى الدين
العراقى هل العلم بكونه
صلى الله عليه وسلم بشرا
ومن العرب شرط فى
صحة الايمان او من فروض

شیخ ولی الدین عراقیؒ سے سوال کیا گیا کہ
کیا یہ جاننا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بشر اور عربی ہیں صحت ایمان کے لیے
شرط ہے یا یہ فرض کفایہ ہے تو انہوں
نے اس کا جواب دیا کہ یہ صحت ایمان

الكفاية فاجاب بانه شرط
في صحة الايمان ثم قال
فلو قال شخص اؤمن
برسالة محمد صلى الله عليه وسلم
الى جميع الخلق لكن لا ادري
هل هو من البشر او من
الملائكة او من الجن او لا
ادري هل هو من العرب
او العجم فلا شك في كفره
لتكذيبه القرآن وجحده
ما تلقته قرون الاسلام
خلفا عن سلف وصار معلوماً
بالضرورة عند الخاص
والعوام ولا اعلم في ذلك
خلافا فلو كان غبيا لا يعرف
ذلك وجب تعليمه اياه فان
جحده بعد ذلك حكمنا بكفره
(تفسير روح المعاني ص۱۱ ج۲۴ طبع مصر)

کے لیے شرط ہے۔ سو اگر کسی شخص نے
یہ کہا کہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کی رسالت کو تمام مخلوق کے لیے مانتا ہوں
لیکن میں یہ نہیں جانتا کہ آپ بشر تھے
یا فرشتہ یا جن ہے یا یہ کہا کہ میں نہیں جانتا
کہ آپ عربی تھے یا عجمی تو اس شخص کے
کفر میں کوئی شک نہیں، کیونکہ اس نے
قرآن پاک کی تکذیب کی ہے اور اس چیز
کا انکار کیا ہے۔ جس کی خلف و سلف
تمام قرون اسلام میں تلقی بالقبول کرتے
رہے اور جو چیز خاص و عام کے نزدیک
بالبداہتہ معلوم ہو چکی ہو اور میں اس میں
کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں جانتا
پس اگر کوئی شخص غبی ہے جو اس کو
نہیں جانتا تو اس کو اس کی تعلیم دینا
واجب ہے۔ اگر تعلیم کے بعد بھی وہ اس
کا انکار کرے تو ہم اس کے کفر کا حکم
دیں گے۔

نمبر (۵) (۶)

علامہ صوفی عمر بن احمد خیر لوتیؒ (صاحب قصیدہ بردہ) (المتوفی ـــــ ھ) کا اسی قسم کا مضمون ملاحظہ ہو۔ (عصیدۃ الشہدۃ شرح القصیدۃ البردۃ ص۹۵ طبع استنبول اور بحر الرائق ص۱۲۱ ج۵) میں بھی مجملاً اس کا ذکر ہے۔

غور فرمایئے کہ کس وضاحت سے یہ اکابر علماءِ اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریّت اور آپ کے عربی ہونے سے جہالت کو کفر قرار دیتے ہیں، کیونکہ یہ بنیادی عقیدہ ہے

# آپ کی بشریّت کا ثبوت ایک اور انداز سے

انسان۔ آدمی اور بشر کا مادہ خاکی اور مٹی سے ہے جیسا کہ قرآن کریم کے حوالے سے پہلے گزر چکا ہے اور مٹی ہی سے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام حضرات انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی خلقت اور پیدائش ہوئی ہے۔ اس میں شک وشبہ کی مطلقاً کوئی گنجائش نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مادہ کے لحاظ سے مٹی سے ہوئی ہے۔

نمبر ۱

حضرت ملا علی القاری الحنفیؒ لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| روی ابن الجوزی فی الوفاء | امام ابن الجوزیؒ نے کتاب الوفاء میں |
| عن کعب الاحبار انہ تعالیٰ | حضرت کعب احبارؒ سے روایت کی ہے |
| لما اراد ان یخلق محمداً صلی اللہ | کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا کہ |
| علیہ وسلم امر جبرائیل | وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا |
| علیہ الصلوٰۃ والسلام ان | کرے، تو اس نے حضرت جبرائیل |
| یأتیہ بالطینۃ البیضاء | علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم دیا کہ وہ سفید |
| فہبط فی ملاء من ملائکۃ | مٹی لے آئے، چنانچہ وہ فردوس کے |
| الفردوس وقبض قبضۃ | فرشتوں کی جماعت میں اترے اور آپ |
| من موضع قبرہ بیضاء | کی قبر مبارک کی جگہ سے سفید اور درخشندہ |
| نیّرۃ فعجنت بماء التسنیم | مٹی کی ایک مٹھی بھر لی۔ سو وہ مٹی تسنیم |
| ۱۵ (شرح الشفاء صہ ۲۸ ج ۲ طبع مصر) | کے پانی سے گوندھی گئی۔ |

اور پھر اسی مقام مبارک میں (جو ہمارے اور جمہور اہل السلام کے عقیدے کے موافق عرش الٰہی سے بھی افضل ہے) آپ بعد از وفات دفن کیے گئے اور اسی مقام میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو دفن ہونے کا لازوال شرف حاصل ہوا۔

نمبر۲

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی الحنفیؒ (المتوفی ۱۲۲۵ھ) لکھتے ہیں کہ

**مسئلہ:** ممکن ہے کہ بعض اولیاء بعض انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی باقی مٹی سے پیدا ہوتے ہوں، نیز یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی باقی مٹی سے بنے ہوں۔ انتہیٰ (ارشاد الطالبین ص۲۹)

نمبر۳

(بریلوی فرقہ کے قائد اور روح رواں مولوی احمد رضا خان صاحب کا اقرار)

مولوی احمد رضا خان صاحب کو بھی اس کا اقرار ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مبارک مٹی سے بنا اور آپ بشر ہیں، چنانچہ وہ ایک مقام پر علامہ خطیب بغدادیؒ کی کتاب المتفق والمفترق کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے طریق سے ایک روایت نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں ابوبکرؓ و عمرؓ ایک مٹی سے بنے۔ اسی میں دفن ہوں گے۔ (السنیۃ الانیقہ ص۵۹) اس حدیث کا تذکرہ قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ نے بھی کیا ہے (ملاحظہ ہو ارشاد الطالبین ص۲۴) اور خان صاحب نے حاشیہ پر اس پر فائدہ یوں لکھا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم اقدس جس خاک پاک سے بنا صدیقؓ و فاروقؓ اسی مٹی سے بنے۔

# بریلوی علماء کے اقوال سے آپؐ کی بشریت کا ثبوت

نمبر۱: خان صاحب بریلوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں لکھتے ہیں کہ وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف اور جسم انسانی رکھتے ہیں، مگر ارواح و ملائکہ سے ہزار

درجہ الطف وہ خود فرماتے ہیں لست کمثلکم میں تم جیسا نہیں و یروی لست کھیئتکم یعنی تمہاری ہیئت پر نہیں و یروی ایکم مثلی تم میں سے کون مجھ جیسا ہے۔ آخر علامہ خفاجی رح[1] کا ارشاد ہے کہ حضور کا بشر ہونا نور درخشندہ ہونے کے منافی نہیں اھ (ظلی الفی صنا)

**نمبر (۲)**

اور یہی خان صاحب ایک اور مقام پر لکھتے ہیں کہ جس طرح اجماع اہل سنت ہے کہ بشر میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سوا کوئی معصوم نہیں جو دوسروں کو معصوم مانے۔ اہل سنت سے خارج ہے (دوام العیش فی ان الائمۃ من قریش طبع حسنی بریلی ۱۳۳۹ھ ص۲ حصہ اول)

**نمبر (۳)**

مشہور بریلوی عالم حکیم مولوی ابوالحسنات سید محمد احمد صاحب سابق خطیب جامع مسجد وزیر خان لاہور لکھتے ہیں۔

سوال: نبی کون ہے اور کس لیے دنیا میں آتا ہے؟

جواب: نبی وہ بشر ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت کے لیے آئے اور احکام الہیہ اس پر خدا کی طرف سے بذریعہ وحی آتے ہوں۔

سوال: جس قدر انبیاء گزرے یہ سب بشر تھے یا کچھ اور بھی۔؟

جواب: انبیاء سب بشر تھے۔

(حنفی سلسلہ دینیات حصہ اول یعنی العقائد ص۱۵ و ص۱۶ مطبوعہ شعبہ اشاعت مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور)

اس عبارت میں اس کی تصریح موجود ہے کہ سب حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام

---

[1] علامہ خفاجی رح کے الفاظ یہ ہیں وکونہ بشرا لاینافیہ کما توھم الخ (نسیم الریاض ص۲۸۲ ج۲ طبع مصر)

ترجمہ: اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بشر ہونا نور ہونے کے منافی نہیں جیسا کہ وہم کیا ہے۔

بشر تھے کسی اور نوع سے نہ تھے۔

**نمبر (۴)**

مولوی نعیم الدین مرادآبادی صاحب کی چند عبارتیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) محمد صلی اللہ علیہ وسلم قریشی جن کے حسب ونسب کو تم خوب پہچانتے ہو کہ تم میں سب سے عالی نسب ہیں اور تم ان کے صدق وامانت زہد وتقویٰ طہارت وتقدس اور اخلاق حمیدہ کو بھی خوب جانتے ہو اھ (حاشیہ قرآن صفحہ ۳۰۳ ف ۳) اگر آپ نور ہوتے تو عربی وقریشی اور حسب ونسب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(۲) کفار نے پہلے تو بشر کا رسول ہونا۔ قابل تعجب وانکار قرار دیا اور پھر جب حضور کے معجزات دیکھے اور یقین ہوا کہ بشر کے مقدرت سے بالاتر ہیں تو آپ کو ساحر بتایا ان کا یہ دعویٰ تو کذب وباطل ہے، مگر اس میں بھی حضور کے کمال اور اپنے عجز کا اعتراف پایا جاتا ہے۔ (حاشیہ قرآن صفحہ ۳۰۳ ف ۳)

(۳) اور خواص بشر یعنی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام خواص ملائکہ سے افضل ہیں اور صلحائے بشر عوام ملائکہ سے۔ حدیث شریف میں ہے کہ مومن اللہ کے نزدیک ملائکہ سے زیادہ کرامت رکھتا ہے، وجہ یہ ہے کہ فرشتے طاعت پر مجبول ہیں یہی ان کی سرشت ہے۔ ان میں عقل ہے شہوت نہیں اور بہائم میں شہوت ہے عقل نہیں اور آدمی شہوت وعقل کا جامع ہے تو جس نے عقل کو شہوت پر غالب کیا، وہ ملائکہ سے افضل ہیں اور جس نے شہوت کو عقل پر غالب کیا وہ بہائم سے بدتر ہے۔ انتہیٰ (حاشیہ قرآن صفحہ ۴۱۹ ف ۱۵۸)

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس کا ذکر فرمایا ہے جب حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی اپنی قوم کے پاس لسلسلۂ تبلیغ پہنچے اور حق کی بات انہیں سنائی، تو کافروں نے کہا کہ تم ہمارے جیسے آدمی اور بشر ہو تو ہمیں ان کی پوجا سے روکنا چاہتے ہو، جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے۔ اب تم ہمارے پاس کوئی روشن سند لاؤ۔ اس کے جواب میں۔

قالت لھم رسُلُھم ان ۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا ہم

نحن الّا بشرٌ مثلکم ولٰکنّ — ہیں تو تمہاری طرح انسان مگر اللہ اپنے

اللّٰہ یمنّ علیٰ من یّشاءُ ط — بندوں میں جس پر چاہے احسان فرماتا

(پ۱۳ سورہ ابراہیم ۲) — ہے۔ !

یہ ترجمہ خان صاحب بریلوی کا ہے اس کے حاشیہ پر مولوی نعیم الدین صاحب لکھتے ہیں:

(۴) ف۳۱ اچھا یہی مانو کہ ہم واقعی انسان ہیں — اور نبوت و رسالت کے ساتھ برگزیدہ کرتا ہے اور اس منصب عظیم کے ساتھ مشرف فرماتا ہے (صفحہ ۳۹۹) اس عبارت میں ان کے ذہن کی ناہمواری دیکھیے کہ نہ تو مانتے بنے نہ انکار کرتے بقول کسے نہ اگلتے بنے نہ نگلتے بنے۔

(۵) (ایک طویل عبارت کے آخر میں) کو کسی امتی کو روا نہیں کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مماثل ہونے کا دعویٰ کرے، یہ بھی ملحوظ رہنا چاہیئے کہ آپ کی بشریت بھی سب سے اعلیٰ ہے۔ ہماری بشریت کو اس سے کچھ بھی نسبت نہیں (صفحہ ۴۹۰ ف۱۲)

یہ جو کچھ کہا ہے بالکل سچا اور درست ہے، لیکن اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت بھی تو تسلیم کی گئی ہے اور اس فائدہ کی ابتدا میں یوں لکھتے ہیں کہ (جس میں انّما انا بشرٌ مثلکم الآیۃ کی تفسیر کی گئی ہے) ظاہر میں کہ میں دیکھا بھی جاتا ہوں، میری بات سُنی بھی جاتی ہے اور میرے تمہارے درمیان میں بظاہر کوئی جنسی مغایرت بھی نہیں ہے۔ تو تمہارا یہ کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ میری بات نہ تمہارے دل تک پہنچے نہ تمہارے سننے میں آئے اور میرے تمہارے درمیان کوئی روک ہو بجائے میرے کوئی غیر جنس یا فرشتہ آتا تو تم کہہ سکتے تھے کہ نہ وہ ہمارے دیکھنے میں آئیں، نہ اُن کی بات سننے میں آئے، نہ ہم ان کے کلام کو سمجھ سکیں۔ ہمارے ان کے درمیان تو جنسی مخالفت ہی بڑی روک ہے۔ لیکن یہاں تو ایسا نہیں ہے (صفحہ ۴۹۰) پہلے تو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو دبی زبان سے واقعی انسان تسلیم کیا تھا، لیکن یہاں ظاہر اور بظاہر کا لفظ بول کر اپنے بدعقیدہ کی وجہ سے اپنے لیے چور دروازے کی گنجائش فراہم کر رہے ہیں، لیکن ساتھ ہی ساتھ آپ کی بشریت کے اقرار سے مفر بھی نہیں پاتے، عجیب مخمصے میں اُلجھے ہوئے ہیں کہ نہ بنے ماندن نہ پائے رفتن۔

(۳) مولوی نعیم الدین صاحب نے عقائد پر ایک چھوٹا سا رسالہ لکھا ہے جس کا نام ہے کتاب العقائد (پہلا حصہ) پہلے ان کی زندگی میں ہندوستان میں طبع ہوا تھا اور اب لاہور میں دو جگہ طبع ہوا ہے۔ نوری کتب خانہ بازار داتا صاحب لاہور اور ہفت روزہ سوادِ اعظم لاہور اس رسالے کے صفحہ ۱۲ پر یہ سرخی قائم کی ہے "نبوت کا بیان" اور اس کے نیچے یہ لکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے خلق کی راہنمائی کے لیے جن پاک بندوں کو اپنے احکام پہنچانے کے واسطے بھیجا ان کو نبی کہتے ہیں انبیاء بشر ہیں جن کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آتی ہے۔ الخ

اب نوری کتب خانہ کے غازیوں نے بجائے بشر کے نور کا لفظ لکھ مارا ہے اور اس بددیانتی سے وہ اپنا باطل عقیدہ محفوظ رکھنے کا ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

(۴) اور اسی کتاب کے صفحہ ۶ پر ہے۔

سوال: کیا جن اور فرشتے بھی نبی ہوتے ہیں؟

جواب: نہیں نبی صرف انسانوں میں ہوتے ہیں اور ان میں فقط مرد کوئی عورت نبی نہیں ہوتی انتہی۔

ان صریح عبارات سے معلوم ہوا کہ تمام حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام انسان آدمی اور بشر تھے اور علی الخصوص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

## نمبر ۵

مفتی احمد یار خان صاحب بدایونی ثم گجراتی لکھتے ہیں۔

نبی جنس بشر میں آتے ہیں اور انسان ہی ہوتے ہیں جن یا فرشتہ نہیں ہوتے اھ (جاء الحق صفحہ ۱۶۲)

(ناظرین کرام ہم اس بحث کو پیر مہر علی شاہ گولڑوی کے فتوے پر ختم کرتے ہیں) (فیاض)

جناب پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے کسی نے سوال کیا کہ مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا گیا، تو اس اثر کے ازالہ کے سلسلہ میں معوذتین کا نزول ہوا۔ سوال یہ ہے کہ آپ پر جادو کا اثر کیا معنی رکھتا ہے؟ تو بظاہر شان نبوت کے خلاف

ہے۔ (ملخصاً) اس کا جواب پیر صاحب نے یوں دیا ہے۔

**الجواب هو الصواب**:۔ واقعہ مسحوریت ذاتِ بابرکات جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صحیح و درست ہے اور معوذتین کا شانِ نزول بھی بالاتفاق مفسرین یہی واقعہ معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ اس بارہ میں بکثرت احادیث مروی ہیں، مگر اس واقعہ کے وقوع سے کوئی خدشہ و اعتراض نہیں وارد ہوتا ہے کیونکہ جیسے اور لوازمات بشریہ مثلاً کھانا، پینا، سونا، مریض ہونا، من حیث الانسانیت ذاتِ مبارکہ کے ساتھ لگا ہوا تھا اسی طرح اثر سحر کا بھی من حیث البشریۃ ہے نہ من حیث النبوۃ اھ (فتاوی مہریہ ص ۱۰۱ طبع سول اینڈ ملٹری پریس صدر راولپنڈی) اور اسی فتویٰ میں آگے چل کر لکھتے ہیں کہ

اور اگر مقابلہ من حیث النبوۃ نہ ہو تو پھر نبی کو تکلیف و ایذا پہنچ جانی کوئی مستبعد امر نہیں ہے، بلکہ یہ خاصا بشریت ہے جیسے اور لوازمات بشریہ سے نبی مبرا نہیں ہوتا ویسے ہی دنیاوی تکالیف و مصائب سے بھی پاک نہیں ہوسکتا ہے۔ اھ (ص ۱۰۲)

# بابِ دوم

ناظرین کرام! اس باب میں ہم فریقِ مخالف کے دلائل کے جوابات قرآن کریم و احادیث مبارکہ اور مفسّرین محدثین فقہاء کرام و صوفیائے عظام کے فرمان و اقوال کی روشنی میں پیش کرتے ہیں (فنامض)

پہلی دلیل | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نور ہونے پر پہلی دلیل یہ پیش کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ

| | |
|---|---|
| قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ | بے شک تمہارے پاس آئی ہے۔ اللہ |
| كِتَابٌ مُّبِيْنٌ ۙ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ | تعالیٰ کی طرف سے روشنی اور کتاب |
| مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ | ظاہر کرنے والی جس سے اللہ تعالیٰ ہدایت |
| السَّلَامِ ۔ الآیۃ ۔ | کرتا ہے اس کو جو تابع ہو اس کی رضا |
| (پ ۶ مائدہ ۔ ۳) | کا سلامتی کی راہوں کی۔ |

کہنے والے کہتے ہیں کہ اس میں لفظ نور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی مراد ہے اور چونکہ واؤ عطف سے کتاب کا ذکر کیا گیا ہے اور معطوف و معطوف علیہ متغایر ہوتے ہیں۔ لہٰذا نور الگ شے ہے اور کتاب جُدا۔

الجواب : اس میں لفظ نور سے خود قرآن کریم مراد ہے اور عطف محض تفسیری ہے جس میں معطوف و معطوف علیہ کا ذاتاً تغایر نہیں، بلکہ محض صفت کے لحاظ سے تغایر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم روشنی بھی ہے اور وہ بات کو کھول کر بھی بیان کرتا ہے اور اس کا ایک قرینہ تو یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کا ذکر اسی آیت کے

شروع میں منتقل ہو چکا ہے۔ یَا اَھْلَ الْکِتَابِ قَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ الآیۃ۔ اے اہل کتاب تحقیق سے آیا تمہارے پاس ہمارا رسول ظاہر کرتا ہے تم پر الخ اور آخر میں کتاب کا ذکر ہے جو روشن بھی ہے اور مبین بھی ہے اور دوسرا قرینہ یہ ہے کہ آگے یھدی بہ میں ضمیر مفرد ہے۔ اگر نور سے آپ کی ذات گرامی اور کتاب مبین سے الگ چیز مراد ہوتی، تو ضمیر تثنیہ کی بہا مناسب تھی لیکن چونکہ نور اور کتاب مبین ایک ہی شے ہے۔ اس لیے ضمیر مفرد کی بہ مناسب رہی۔ گویا سیاق وسباق اور ما قبل وما بعد دونوں اس کے معین ہیں کہ اس مقام پر نور سے قرآن کریم مراد ہے۔ علاوہ ازیں قرآن کریم میں دوسرے مقامات پر نور قرآن کریم کی صفت بیان ہوئی ہے۔ مثلاً ایک مقام پر آتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاَنْزَلْنَا اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا | اور نازل کی ہم نے تمہاری طرف روشنی |
| (پ ۶ النساء ۲۴) | واضح۔ |

اور دوسری جگہ یوں ارشاد ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِہٖ وَعَزَّرُوْہُ | سو وہ لوگ جو اس نبی آخر الزمان پر |
| وَنَصَرُوْہُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْ | ایمان لائے اور اس کی رفاقت کی اور |
| اُنْزِلَ مَعَہٗ اُولٰٓئِکَ | اس کی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی |
| ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔ | جو اس پر نازل کیا گیا تو وہ ہی لوگ |
| (پ ۹، اعراف، ۹) | کامیاب ہیں۔ |

اور ایک مقام پر اس طرح ارشاد ہوتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتَابُ | تو نہ جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے اور ایمان |
| وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنَاہُ | (کی تفصیل) کیا ہے اور لیکن ہم نے اس |
| نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ۔ الآیۃ | کتاب کو نور بنایا، اس سے راہنمائی |
| (پ ۲۵ الشوریٰ ۵) | کرتے ہیں۔ |

ایک اور مقام پر اس طرح ارشاد ہوتا ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ — سو ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ پر اور اس کے
وَالنُّوْرِ الَّذِیْٓ اَنْزَلْنَا۔ — رسول پر اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا۔

(پ۲۸۔ التغابن ۱۰)

ان تمام مقامات میں نور قرآن کریم کو کہا گیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اکثر مفسرین کرامؒ نے نُوْرٌ وَّکِتَابٌ مُّبِیْنٌ میں نور سے قرآن مراد لیا ہے۔ ہاں بعض نے نور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس ہستی بھی مراد لی ہے۔ لیکن وہی مفسرین کرامؒ اپنی تفسیروں میں دوسرے مقامات پر آپ کی بشریت اور انسانیت کا کھلے لفظوں اقرار کرتے ہیں تو اس کا مطلب سوائے اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ آپ بشر آدمی اور انسان ہوتے ہوئے نور تھے۔

**پہلا اعتراض** ہم نے قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّکِتَابٌ مُّبِیْنٌ کی تفسیر میں جو باتیں عرض کی ہیں، وہ اپنی جگہ بالکل واضح اور صحیح ہیں۔ مگر ہمارے اس جواب پر بریلوی عالم مولوی غلام رسول سعیدی صاحب مؤلف توضیح البیان اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قرآن کریم میں ایسی بے شمار نظیریں موجود ہیں جن میں امور متعددہ کی طرف ضمیر واحد کا علیٰ سبیل البدیہۃ الصحیح البدیہیۃ کما لا یخفیٰ علی المتدرب۔ متعدد ارجاع کیا گیا ہوا لیکن بغض رسالت کا کیا علاج ؟ کہ مولوی سرفراز صاحب کو پورے قرآن میں صرف یہی ایک مقام کھٹکا ہے۔ (توضیح البیان صفحہ ۱۳۲)

**الجواب** مؤلف مذکور کا یہ سب بیان فضول ہے۔ اس لیے کہ ہم نے اس کا انکار تو نہیں کیا کہ متعددہ امور کی طرف مفرد کی ضمیر راجع نہیں ہو سکتی اور نہ اس کا انکار کیا ہے کہ قرآن کریم میں اور مقامات نہیں، صرف یہی ایک مقام ہے جس میں متعددہ امور کی طرف مفرد ضمیر راجع ہے۔ چونکہ بحث نُوْرٌ وَّکِتَابٌ مُّبِیْنٌ کی چل رہی ہے اس لیے اس مقام کا ذکر ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ کی توحید کی محبت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کی بیان کردہ شریعت کی پیروی میں ہم نے یہ بیان عرض کیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ بھینگے کو یہ محبت بھی بغض کی صورت میں نظر آئے، اس کا کسی کے پاس کیا علاج ہے۔

**دوسرا اعتراض** علامہ ابو سعودؒ آیت مذکورہ کی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں۔

توحيد الضمير المجرور لاتحاد المرجع بالذات ولكونهما في حكم الواحد او اريد يهدي بما ذكره الخ

ضمیر مجرور کو واحد یا تو اس لیے لایا گیا ہے کہ ان کا مرجع متحد بالذات ہے (کیونکہ احکام قرآنی کی جامع انسانی صورت اگر متصور ہو سکتی ہے تو وہ آپ کی ذات مقدس ہے اور اگر آپ کی ذات و صفات کی اگر کوئی جامع عبارت حاصل ہو سکتی ہے تو وہ قرآن کریم ہے) یا اس لیے کہ دونوں کا حکم ایک ہے۔ (کیونکہ دونوں واجب الاطاعت ہیں) اور یا ضمیر دونوں کی طرف مذکور کی تاویل میں راجع ہے (اور یہی وہ جواب ہے جو اس قسم کے مواقع پر عامۃ المفسرینؒ اور شارحینؒ دیا کرتے ہیں۔)

شیخ ابو سعودؒ کی طرح علامہ عبداللہ ابن عمر بیضاویؒ نے انوار التنزیل میں علامہ اسمٰعیل حقی نے روح البیان میں اور دیگر اکابر علماء نے بھی اپنی تفاسیر میں اس قسم کے جوابات دیئے ہیں۔ (توضیح البیان ص۱۴۱)

**الجواب** مؤلف مذکور نے علامہ ابو السعودؒ کی پوری عبارت ہی نقل نہیں کی کیونکہ اس سے ان کی مختار تفسیر کا پتہ چلتا ہے جو مؤلف مذکور کو مضر ہے ان کی

پوری عبارت یہ ہے۔

والعطف لتنزيل المغايرة
بالعنوان منزلة المغايرة
بالذات وقيل المراد
بالاول هو الرسول عليه
الصلوة والسلام وبالثاني
القرآن يهدي به توحيد
الضمير المجرور لاتحاد
المرجع بالذات او لكونهما
في حكم الواحد او اريد يهدي
بما ذكر۔ (تفسیر ابو السعود ج ۲ ص ۱۳)

یعنی باوجودیکہ نور و کتاب سے ایک ہی
چیز مراد ہے، پھر عطف اس لیے ہوا کہ
عنوان کی مغایرت کو بمنزلہ مغایرت
ذات کے قرار دیا گیا ہے اور یہ بھی کہا
گیا ہے کہ نور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم اور کتاب مبین سے قرآن کریم
مراد ہے، جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ
ہدایت دیتا ہے بہٖ کی ضمیر مجرور کو اس
لیے مفرد لایا گیا ہے کہ مرجع متحد بالذات
ہے (یعنی قرآن کریم جو روشنی کا ذریعہ
بھی ہے اور کتاب مبین بھی ہے) یا
اس لیے کہ دونوں یعنی کتاب اور نبی واحد
کے حکم میں ہیں (یعنی دونوں ہدایت و
روشنی کا ذریعہ ہیں) یا مذکور کی تاویل
سے یہ مفرد ہے۔

اس تفسیر میں علامہ ابو السعودؒ نے جو بڑے محقق مفسر ہیں پہلے نمبر پر یہ تفسیر بیان کی ہے کہ نور اور کتاب مبین سے ایک ہی چیز مراد ہے اور پھر باوجود ذات کے ایک ہونے کے عطف اس لیے ہے کہ عنوان الگ الگ ہے (اسی کو ہم نے تنقید متین ص ۱۲۱ میں یوں تعبیر کیا ہے۔ اس میں لفظ نور سے خود قرآن کریم مراد ہے اور عطف محض تفسیری ہے جس میں معطوف اور معطوف علیہ میں ذاتاً تغایر نہیں، بلکہ محض صفت کے لحاظ سے تغایر ہے الخ) اور پھر لفظ قیل سے جو عموماً کمزور اور ضعیف قول پر بولا جاتا ہے، یہ تفسیر کی ہے کہ نور سے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور کتاب مبین سے قرآن کریم مراد ہے اور پھر ضمیر کو مفرد لانے کی وجہ اوّل یہ بیان کی ہے کہ چونکہ نور اور کتاب مبین سے ایک ہی چیز مراد ہے جو قرآن کریم ہے۔ اس لیے ذات کے متحد ہونے کی وجہ سے ضمیر مفرد ہے اور یا اس لیے ضمیر مفرد ہے کہ دونوں یعنی کتاب اور نبی ہدایت اور روشنی کا ذریعہ ہیں یا باعتبار مذکور کے ضمیر مفرد آئی ہے اور اکثر مفسرین کرامؒ نے یہی مطلب لیا ہے جو علامہ ابو السعودؒ نے بیان فرمایا ہے۔ مؤلف مذکور کو غور کرنا چاہیے کہ علامہ ابو السعودؒ کی تفسیر سے ان کو کیا فائدہ حاصل ہوا اور اس سے ہمیں کیا نقصان ہوا۔ کیا علامہ ابو السعودؒ نے وہی کچھ نہیں فرمایا جو ہم نے کہا ہے ؟

## تیسرا اعتراض

مولوی غلام رسول سعیدی صاحب اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں اگر آپ کو اسی پر اصرار ہے کہ جب ضمیر واحد ہے تو مرجع بھی واحد ہونا چاہیے، تو چلیے یہی سہی، لیکن یہ کب ضروری ہے کہ اگر مرجع واحد ہو تو نور اور کتاب مبین دونوں سے مراد قرآن ہو، یہ کیوں نہیں ہو سکتا کہ دونوں سے مراد خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہو اور یہی جواب ملا علی القاریؒ نے شرح شفاء میں اور علامہ آلوسیؒ نے روح المعانی میں دیا ہے۔ جسے ہم ابھی نقل کر چکے ہیں۔ (توضیح البیان ص۱۴۸)

## الجواب

حضرت ملا علی القاریؒ نے وقد حاول بعض المفسرین الخ کے الفاظ سے یہ تفسیر نقل کی ہے کہ کتاب مبین سے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی مراد ہو، جیسا کہ نور سے بھی مراد آپ کی ذات مقدسہ ہے اور چونکہ ذات ایک ہے اور تغایر لفظی ہے، للذا ضمیر مفرد لائی گئی ہے۔ سو عرض یہ ہے کہ مؤلف مذکور کو شاید کسی لائق اور فنی استاد نے یہ بتایا ہو کہ لفظ بعض کی جب جمع کی طرف اضافت ہوتی ہے، تو اس سے اکیلا دوکیلا ہی مراد ہوتی ہے نہ کہ اکثریت۔ سوال یہ ہے کہ قرآن کریم کے سیاق و سباق اور دیگر دلائل متواترہ اور براہین قطعیہ اور جمہور مفسرین کرامؒ کی رائے کو ترک کر کے اکیلے دوکیلے مفسرین کے قول پر عقیدہ کی عمارت کیسے کھڑی کی جا سکتی ہے۔ یہ بات ہو گا کہ تفنن کے طور پر ایک تفسیر بعض سے یہ بھی منقول ہے اور ید اللہ علی الجماعۃ

کے زرین اصول اور ضابطے کو چھوڑ کر شاذہ اور نادرہ کے پیچھے پڑنا دین کی کون سی خدمت ہے
اسی طرح علامہ آلوسیؒ نے صرف ایک احتمال کے درجے میں یہ تفسیر نقل کی ہے ولا یبعد ان
یراد بالنور والکتاب المبین صلی اللہ علیہ وسلم الخ (ترجمہ: اور بعید
نہیں کہ نور اور کتاب مبین دونوں سے نبی علیہ السلام کی ذاتِ مقدسہ مراد ہو) آپ خود ہی
انصاف سے فرمائیں کہ کیا محض ایسے احتمالات سے دین کا کوئی بنیادی مسئلہ ثابت ہو سکتا ہے؟
یا اس طرح کے احتمالات پر عقائد کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے؟ ایسے احتمالات کا اگر دین کے
اصول وضوابط سے ٹکراؤ نہ ہو تو قبول کیے جا سکتے ہیں بصورتِ دیگر وہ خود قابلِ تاویل ہوتے
ہیں۔ یہ بھی نہ ہو تو مردود ہوتے ہیں۔ بقول قلندر لاہوریؒ۔

~~ اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں

**چوتھا اعتراض** تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازیؒ اسی آیت کے تحت ارقام فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وفیہ اقوال (الاول) ان المراد | اور اس آیت میں کئی اقوال ہیں پہلا یہ |
| بالنور محمد وبالکتاب | کہ بے شک نور سے مراد محمد صلی اللہ |
| القرآن (والثانی) ان المراد | علیہ وسلم ہیں اور کتاب سے قرآن کریم |
| بالنور الاسلام وبالکتاب القرآن | دوسرا یہ کہ نور سے اسلام مراد ہے اور |
| (الثالث) النور والکتاب | کتاب سے قرآن، تیسرا یہ کہ نور اور |
| ھو القرآن وھذا ضعیف | کتاب دونوں سے مراد قرآن کریم ہو |
| لان العطف یوجب | اور یہ کمزور بات ہے کیونکہ عطف تغایر |
| المغایرۃ۔ | کو چاہتا ہے۔ |

اب غالباً مولوی سرفراز صاحب کو پتہ چل گیا ہوگا کہ جس قول پر انہوں نے اپنے عقیدے
کی عمارت کھڑی کی ہے۔ وہ تیسرے درجے کا قول ہے جس کو امام رازیؒ نہایت کمزور قرار
دیتے ہیں۔ (توضیح البیان صفحہ ۱۳۲)

**الجواب** گزارش ہے کہ اگرچہ امام رازیؒ نے اس کو صرف کمزور کہا ہے (نہایت کمزور نہیں فرمایا) لیکن دیگر جمہور مفسرین کرامؒ اسی کو قوی و مختار قرار دیتے ہیں۔ جن میں علامہ ابوالسعودؒ بھی ہیں جن کی عبارت عرض کی جا چکی ہے اور امام رازیؒ نور سے اسلام بھی مراد لے رہے ہیں (ملاحظہ ہو تفسیر کبیر ص ۱۸۹ ج ۱۱) آپ ان کی اس قوی تفسیر کو کیوں نظر انداز کرتے ہیں۔

**پانچواں اعتراض** مولوی غلام رسول سعیدی صاحب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور ہونے پر کئی اقوال نقل کرتے ہیں اور عوام کو یہ تاثر دینا چاہتے ہیں کہ دیکھو یہ تمام مفسرین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نور مان رہے ہیں اور مولوی سرفراز حضورؐ کے نور ہونے کا انکار کرتا ہے، چنانچہ ان کے اقوال پورے پورے نقل کرنے کے بجائے صرف حوالوں پر ہی اکتفاء کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہوں توضیح البیان ص ۱۴۲ اور ص ۱۴۳ میں حضرت امام رازیؒ اور حضرت ملا علی القاریؒ اور علامہ آلوسیؒ سے یہ نقل کرنا کہ نور سے آپؐ کی ذات بھی مراد ہو سکتی ہے، بلکہ بقول علامہ آلوسیؒ آپ نور الانوار ہیں اور ص ۱۴۴ میں اس تفسیر کو قتادہؒ اور زجاج سے نقل کرنا اور اس کو ان کا مختار قرار دینا اور ص ۱۴۵ میں تفسیر جلالین اور صاوی اور ابوالسعود سے یہ نقل کرنا کہ نور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مراد ہے اور اسی طرح ص ۱۴۸ میں تفسیر بیضاوی، خازن اور نسفی سے اور ص ۱۴۹ میں روح البیان کے حوالے سے یہ نقل کرنا کہ نور سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ص ۱۵۱ میں امداد السلوک ص ۸۶ کے حوالے سے اور مولانا تھانویؒ کے رسالہ النور ص ۱۳ کے حوالے سے اور مولانا عثمانیؒ کی تفسیر کے حوالے سے یہ نقل کرنا شاید نور سے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور کتاب مبین سے قرآن کریم مراد ہے اور پھر ص ۱۵۲ میں رسالۃ التوسل ص ۵۲ اور قاضی عیاضؒ کی شفاء ص ۱۰ سے اور ص ۱۵۳ میں حضرت ملا علی القاریؒ کی شرح شفاء ص ۴۲ ج ۱ سے اور پھر تفسیر خازن سے اور ص ۱۵۵ میں تفسیر کبیر کے حوالہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نور اور سراج منیر ہونے کے حوالے نقل کرنا وغیرہ وغیرہ!

**الجواب** یہ حوالے سب برحق ہیں اور ان میں کوئی ایک حوالہ بھی ہمارے خلاف نہیں ہے، بلکہ سب ہمارے مؤید ہیں۔ مؤلف مذکور نے اپنے ناخواندہ حواریوں پر محض اپنا علمی رعب ڈالنے کے لیے یہ غیر متعلق حوالے نقل کرکے کتاب کا حجم خواہ مخواہ بڑھایا ہے، اس کا کون سا مسلمان منکر ہے؟ ہم خود قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ الاٰیۃ کی یہ تفسیر نقل کرنے کے بعد کہ ان دلائل و قرائن کے تحت نور سے قرآن کریم مراد ہے اور عطف تفسیری ہے، مگر دوسری تفسیر کو بھی تسلیم کیا ہے۔ چنانچہ تنقید متین ص۱۲۱ میں ہے اور یہی وجہ ہے کہ اکثر مفسرینؒ نے نورٌ و کتابٌ مبین میں نور سے قرآن مراد لی ہے۔ ہاں بعض نے نور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس ہستی بھی مراد لی ہے، لیکن وہی مفسرین کرامؒ اپنی تفسیروں میں دوسرے مقامات پر آپ کی بشریت و انسانیت کا کھلے لفظوں اقرار کرتے ہیں، تو اس کا مطلب سوائے اس کے اور کیا ہوسکتا ہے کہ آپ بشر آدمی اور انسان ہوتے ہوئے نور تھے، جیسا کہ ہم نے ابتداء میں عرض کیا ہے۔ الخ قارئین کرام ہماری طرف سے اتنی اور ایسی واضح تصریح کے بعد مؤلف مذکور کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نور ہونے کے حوالے پیش کرنے سے ان کو کیا فائدہ ہے اور ہمیں کیا نقصان ہے؟ اکثر مفسرین کرامؒ نے اس مقام پر نور سے قرآن کریم ہی مراد لی ہے۔ اگر اس بارے میں مؤلف مذکور کو شبہ ہو تو کتب تفسیر بھی موجود ہیں اور ان شاء اللہ العزیز قلم بھی موجود ہے اور یہ اکثر و بیشتر مفسرین کرامؒ اہل سنت والجماعت ہی سے متعلق ہیں، سو اصول عربیت کے تحت اس تفسیر میں ان کے ساتھ بعض معتزلہ بھی شریک ہیں۔

**چھٹا اعتراض** مولوی غلام رسول سعیدی صاحب توضیح البیان میں لکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت کی نفی کرنے والے معتزلہ ہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

روح المعانی میں اسی آیت کی تفسیر میں مرقوم ہے۔

وقال ابو علی الجبائی عنی ... ابو علی جبائی نے کہا نور سے مراد قرآن کریم

بالنور القرآن نکشفہ و ہے۔ کیونکہ وہ حقائق کا کشف و بیان
اظہارہ طرق الھدٰی والیقین و ہدایت کے طریقوں کو ظاہر کرتا ہے
واقتصر علی ذالک الزمخشری اور زمخشری نے اسی تفسیر پر اکتفاء کیا ہے
اور زمخشری صاحب کشاف کا کیا مذہب ہے۔ نیز اسی صفحہ ۲۸ میں ہے وکان
صاحب الکشاف یکنی نفسہ ابا المعتزلۃ۔ صاحب کشاف نے اپنی کنیت
ابو معتزلہ رکھی تھی۔ نیز اس صفحہ ۲۹ پر ابو علی جبائی کے ترجمہ میں ذکر کیا ہے۔ ابی علی جبائی ھو
محمد ابن عبدالوھاب من معتزلۃ بصرۃ۔ ابو علی جبائی کا نام محمد ابن عبدالوہاب
تھا اور وہ معتزلہ بصرہ سے تھا۔ نیز اس کے ان حوالوں سے یہ امر ظاہر ہو گیا کہ ابو علی جبائی
اور زمخشری دونوں معتزلہ تھے اور روح المعانی کی عبارت سے واضح ہو گیا کہ یہی معتزلہ
نورانیت نبی کا انکار کرکے نور کا قرآن میں انحصار کرتے ہیں۔ (توضیح البیان صفحہ ۱۵۵ و صفحہ ۱۵۶)

**الجواب** مولوی غلام رسول سعیدی بریلوی صاحب کی یہ بات کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت کی نفی کرنے والے معتزلہ ہیں غلط ہے کیونکہ قَدْ جَاءَکُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ سے قرآن کریم مراد لینا معتزلہ کا نظریہ نہیں، بلکہ اہل سنت والجماعۃ نے بھی نور سے مراد قرآن لیا ہے۔ چنانچہ امام ناصر الدین ابی الخیر عبداللہ بن عمر البیضاوی رح (المتوفی سنہ ۶۹۱ھ) قَدْ جَاءَکُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

یعنی القرآن فانہ الکاشف یعنی قرآن اس لیے کہ وہ شک اور گمراہی
لظلمات الشک والضلال کی تاریکیوں کو کھولنے والا ہے اور کتاب
والکتاب الواضح الاعجاز واضح اعجاز ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ
وقیل یرید بالنور محمد نور سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں
صلی اللہ علیہ وسلم۔
(تفسیر بیضاوی صفحہ ۲۹۵ ج ۲ طبع مصر)

امام بیضاوی رح کی اس تفسیر سے دو باتیں ثابت ہوئیں۔ پہلی بات یہ کہ نور سے مراد قرآن کریم

ہے اور دوسری بات یہ کہ بعض نے نور سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی مراد لیے ہیں۔ اگر نور سے قرآن کریم مراد لینا معتزلہ کا مسلک ہے، تو کیا امام بیضاویؒ بھی معتزلہ میں شامل ہیں۔ ان پر بھی معتزلہ ہونے کا فتویٰ صادر فرمایئے، امام بیضاویؒ کی اس تفسیر سے ہماری تائید ہوتی ہے۔ رہی یہ بات کہ بعض لوگوں نے نور سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی مراد لیے ہیں۔ اس کے ہم بھی بالکلیہ منکر نہیں، جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے، کیونکہ جن مفسرین نے نور سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد لیے ہیں، تو ان کے نزدیک بھی یہ نورِ ہدایت کے معنی میں ہے اور انہوں نے بشریت کا انکار بھی نہیں کیا، ضرورت تو نہیں کہ اس پر اور بحث کی جائے، مگر ایک دو حوالے مزید پیش کیے جاتے ہیں ملاحظہ ہوں۔ امام محمد بن یوسف الشہیر بابی حیان الاندلسی الغرناطی رح (المتوفی ۷۴۵ھ) اسی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| قیل القرآن سماہ نوراً لکشفہ | کہا گیا ہے کہ وہ قرآن ہے، نام رکھا ہے |
| ظلمات الشرک والشک | اس کا نور اس لیے کہ وہ شرک اور شک |
| او لانہ ظاہر الاعجاز الخ | کی تاریکیوں کو کھولنے والا ہے یا اس |
| (تفسیر البحر المحیط ص ۴۴۸ ج ۳ طبع بیروت) | لیے کہ وہ واضح اعجاز ہے۔ |

اور علامہ شیخ محمد عبدہ مصری (المتوفی ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء) بھی اسی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| فی المراد بالنور ھنا ثلاثۃ | نور سے مراد اس جگہ تین قول ہیں ایک |
| اقوال احدھا انہ النبی | یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور دوسرا |
| صلی اللہ علیہ وسلم ثانیہا | یہ کہ اسلام ہے اور تیسرا یہ کہ قرآن کریم |
| انہ الاسلام ثالثہا انہ | ہے۔ |
| القرآن الخ (تفسیر المنار ص ۳۰۴ ج ۶) | |

ناظرین کرام! ہم نے تین حوالے پیش کر دیے ہیں کہ نور سے مراد قرآن کریم ہے اور یہی تفسیر زیادہ راجح ہے۔ سعیدی صاحب کا یہ کہنا کہ یہاں سے قرآن مراد لینا معتزلہ کا مذہب ہے، ایک صریح جھوٹ سے زیادہ کوئی وقعت نہیں رکھتا، کیونکہ اہلسنت کے مفسرین تو

بھی قرآن مراد لیا ہے۔ روح المعانی کی جو عبارت انھوں نے پیش کی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس آیت سے صرف اور صرف قرآن کریم ہی مراد لیا جا سکتا ہے اور کوئی چیز مراد نہیں لی جا سکتی۔ علامہ آلوسیؒ اس بات کی تردید کر رہے ہیں کہ معتزلہ نے اس آیت کی تفسیر کو اس میں منحصر کر دیا اور یہ بات ہم بھی تسلیم نہیں کرتے کہ اس آیت کی اور کوئی تفسیر نہیں ہو سکتی ہم یہ کہتے ہیں کہ راجح تفسیر قرآن کریم مراد لینے والی ہے، کیونکہ مفسرین کرام نے اس آیت کی تفسیر میں کئی اقوال بیان کیے ہیں جیسا کہ سعیدی صاحب نے بھی اس بات کا اقرار کیا ہے کہ معتزلہ نے قرآن ہی کو اس تفسیر میں منحصر کر دیا ہے۔ (فیاض)

## دوسری دلیل

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نور ہونے کی دوسری دلیل یوں پیش کی گئی ہے کہ امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابرؓ ابن عبداللہ سے روایت بیان کی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، مجھے خبر دیجئے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کون سی چیز پیدا کی، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| یا جابر ان اللہ قد خلق | اے جابرؓ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام |
| قبل الاشیاء نور نبیک | اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور |
| من نورہ۔ الحدیث | (کے سبب) سے پیدا کیا ہے۔ |

(زرقانی شرح مواہب ج ۱ ص ۴۶ ونشر الطیب ص ۵)

## الجواب

اس روایت سے آپ کے نور ہونے پر استدلال کیا گیا ہے لیکن یہ احتجاج درست نہیں ہے۔ اولاً اس لیے کہ اس کی سند کا علم نہیں کہ کیسی ہے اور امام عبدالرزاق شیعہ تھے گو غالی نہ تھے، مگر بعض چیزوں میں وہ منفرد ہیں۔ ان کا کوئی ساتھ نہیں دیتا (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۳۱) اور خصوصاً فضائل کے بارے میں تو انھوں نے ایسی روایات بھی بیان کی ہیں۔ جن میں ان کا ساتھ کسی نے نہیں دیا، چنانچہ ملک المظفر ابوبکر بن ایوب الحنفی (المتوفی سنہ ھ) لکھتے ہیں کہ

قال ابن عدی حدث عبدالرزاق — (محدث) ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ عبدالرزاق
باحادیث فی الفضائل لم — نے فضائل کے باب میں ایسی روایات
یوافقہ احد علیہا الخ — بھی بیان کی ہیں جن میں ان کی کسی نے
(السہم المصیب صفحہ ۱۳) — موافقت نہیں کی۔

اور اس پر مستزاد یہ ہے کہ علامہ محمد طاہر الحنفیؒ (المتوفی ۹۸۶ھ) لکھتے ہیں کہ عبدالرزاق بن ہمام آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے اور ان کے بھانجے احمد بن عبد اللہ نے ان کی کتابوں میں باطل روایتیں بھی داخل کر دی تھیں جس کی وجہ سے وہ کاذب مشہور ہو گئے تھے (قانون الموضوعات صفحہ ۲۷۲) یعنی خارجی طور پر ان کے بھانجے کی کارستانی اور بالائی کی وجہ سے یہ نظریہ بعض لوگوں نے ان کے بارے میں قائم کر لیا تھا ورنہ ذاتی طور پر وہ ثقہ اور ثبت تھے۔ و ثانیاً مصنف عبدالرزاق کتب حدیث کے طبقہ ثالثہ میں شمار ہے اور
اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ (المتوفی ۱۲۳۹ھ) فرماتے ہیں کہ

واکثر آن احادیث معمول بہ نزد — اس طبقہ کی اکثر احادیث پر فقہاء کرام
فقہا نشدہ اند بلکہ اجماع بر خلاف — کے نزدیک عمل نہیں ہوا، بلکہ ان کے
آنہا منعقد گشتہ (عجالہ نافعہ ص) — خلاف اجماع منعقد ہوا ہے۔!

یعنی اس طبقہ کی سب ہی روایات بے بنیاد نہیں، بلکہ اکثر ایسی ہیں خصوصاً جو قرآن کے خلاف ہیں۔ حضرت مولانا سید سلیمان ندویؒ (المتوفی ۱۳۷۳ھ) مصنف عبدالرزاق کے بارے میں لکھتے ہیں کہ اور چونکہ کتاب مذکور میں صحیح حدیثوں کے ساتھ ساتھ موضوع حدیثیں تک موجود ہیں اور فضائل و مناقب میں ان کی روایتوں کا کم اعتبار کیا جاتا ہے۔ اس لیے اصولی حیثیت سے اس روایت کے تسلیم کرنے میں پس و پیش ہے۔ اس تردد کو قوت اس سے اور زیادہ ہوتی ہے کہ صحیح احادیث میں مخلوقات الٰہی میں سب سے پہلے قلم میں تقدیر کی پیدائش کا تصریحی بیان ہے کہ اول ما خلق اللہ القلم (سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ج ۳) وثالثاً یہ روایت اس صحیح روایت کے خلاف ہے جس میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| ان اول ما خلق اللہ القلم فقال لہ اکتب ۔الحدیث (ابو داؤد ج ۲ ص ۲۹ و طیالسی ص ۷۷ و ترمذی ج ۲ ص ۱۴۷ وقال حسن صحیح غریب والبدایہ والنہایہ ج ۱ ص ۹ وقال اخرجہ احمد) | بے شک سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قلم کو پیدا کیا، پس اس سے فرمایا کہ تو لکھ ۔! |

حافظ ابن حجر عسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| والوارد فی اوّل ما خلق اللہ حدیث اَوّلُ مَا خلق اللہُ القلمَ وھو ثبت اھ (بحوالہ موضوعات کبیر ص ۳۱) | یعنی سب سے پہلی مخلوق کے بارے میں جو پایۂ ثبوت تک پہنچنے والی روایت وارد ہے، وہ اَوّلُ مَا خلق اللہُ القلمَ ہے۔ |

اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قلم تقدیر پیدا کیا ہے جب صحیح روایت سے قلم کی اوّلیت ثابت ہے، تو بلا وجہ اس کو بجائے اوّل حقیقی کے اوّل اضافی پر محمول کرنا قابلِ سماعت نہیں ہے اور یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ محققین شراح حدیث اور اربابِ تاریخ نے جہاں اوّل المخلوقات کی تحقیق و بحث کی ہے، وہاں قلم عرش اور عقل وغیرہ کا ذکر تو کیا ہے مگر نور کا ذکر وہ نہیں کرتے ۔ اس کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ نور والی روایت ان کے نزدیک ثابت نہیں، ورنہ اوّلیات کے مقام پر تو ضرور اس کا تذکرہ کر دیتے ۔ ہاں ملا علی القاری نے مرقات ج ۱ ص ۱۲۶ اور جمع الوسائل میں اوّل مخلوقات آپ کا نور ذکر کیا ہے لیکن خود ان کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے کہ نور سے مراد روح ہے ۔ دراصل جس طرح روایت میں آپ کے نور کی اوّلیت کا ذکر آتا ہے ۔

اسی طرح روح مبارک کی اولیت کا ذکر بھی ہے، چنانچہ حضرت ملا علی القاریؒ الحنفی فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| فانه کما قال صلی الله علیه وسلم اوّل ماخلق الله روحی وسائر الارواح انما خلق ببرکة روحه ونور وجوده اھ (شرح الشفاء ص ج ا طبع مصر) | پس بے شک جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری روح پیدا کی اور باقی تمام ارواح آپ کی روح اور آپ کے وجود کے نور کی برکت سے پیدا ہوئے |

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| قوله اوّل ماخلق الله نوری وفی روایة روحی ومعناهما واحد فان الارواح نورانیة ای اوّل ماخلق الله من الارواح روحی انتهی (مرقات ص ج ا طبع امدادیہ ملتان) | آپ کا ارشاد ہے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور پیدا کیا اور ایک روایت میں ہے کہ میری روح پیدا کی اور دونوں کا مطلب ایک ہی ہے کیونکہ ارواح نورانی چیز ہے تو مطلب یہ ہوا کہ سب ارواح سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری روح پیدا کی۔ |

اس سے معلوم ہوا کہ جس طرح اوّل ماخلق اللہ نوری کی روایت آتی ہے اسی طرح اوّل ماخلق اللہ روحی کی روایت بھی آتی ہے اور نور سے روح مراد ہے کیونکہ وہ بھی ایک نورانی چیز اور جوہر لطیف ہے جو پورے بدن میں سرایت کیے ہوئے ہے اور علامہ احمد بن محمد الخفاجی الحنفیؒ (المتوفی ۱۰۶۹ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| ان الله خلق روحه قبل سائر الارواح وخلع علیها خلعة التشریف بالنبوة | بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح مبارک کو تمام ارواح سے پہلے پیدا کیا اور اس کو خلعت نبوت سے مشرف کیا۔ |

| | |
|---|---|
| الیٰ ان قال و ھٰذہٖ ھو المراد | پھر آگے فرمایا کہ اور یہی مراد ہے آنحضرت |
| بقولہٖ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ | صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے کہ |
| وسلم ان اللّٰہ خلق نورہٗ | بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم |
| قبل ان یخلق آدم علیہ | علیہ السلام کی خلقت سے پہلے آپ کا |
| الصلوٰۃ والسلام الخ | نور پیدا کیا۔ |

(نسیم الریاض صـ۲۰۱ جـ۱ طبع مصر)

غالباً انہی حوالوں کے پیش نظر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے نورِ محمدی کا مطلب روحِ محمدی (علیٰ صاحبہ الف الف تحیۃ) بیان کیا ہے (حاشیہ نشر الطیب صـ۵) اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے، جیسا کہ شیخ عبدالحق صاحبؒ نے مدارج النبوۃ جـ۲ صـ۲ میں دعویٰ کیا ہے تو اس معنی کے لحاظ سے اس کا کسی نص سے کوئی تضاد نہیں، لہٰذا اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں، ہاں اس سے نصوصِ قطعیہ صریحہ کا رد کرنا اور آپ کی بشریت آدمیت اور انسانیت کا انکار کرنا جیسا کہ بعض اہل بدعت کا وطیرہ ہے قطعاً غلط اور سراسر بے بنیاد ہے۔ ہماری تحقیق کی رو سے مسئلہ حاضر و ناظر، علم غیب اور نور وغیرہ اہل بدعت نے شیعہ سے لیا ہے، مگر خود شیعہ کی معتبر و مستند کتاب اصول کافی میں تصریح ہے کہ نور سے مراد روح ہے۔ اصل عبارت یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| قال اللّٰہ تبارک و تعالیٰ یا محمد | اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ |
| انی خلقتک وعلیاً نوراً یعنی | اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے |
| روحاً بلا بدن اھ | تجھے اور علی رضی اللہ عنہ کو نور پیدا کیا |

(اصول کافی مع الصافی صـ۱۴۳ جـ۱ حصہ دوم طبع لکھنؤ) یعنی روح بلا بدن۔

اس سے معلوم ہوا کہ شیعہ کے نزدیک بھی نور سے مراد روح ہے۔ الغرض اس روایت کے پیش نظر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کا (جس کا ثبوت نصوصِ قطعیہ سے ہے) انکار کرنا بالکل مردود ہے۔!

**فائدہ** | اور بھی متعدد الفاظ آپ کے نور ہونے کے مضمون کے مروی ہیں، مثلاً یہ کہ اوّل ما خلق اللہ نوری انا من نور اللہ بل مؤمنون منی ان اللہ لما خلق نور نبینا امرہ ان ینظر الی انوار الانبیاء الخ اور لما خلق اللہ آدم جعل ذلک النور فی ظہرہ الخ مگر کوئی بھی صحیح نہیں۔ من ادعی صحتہا فعلیہ البیان بالبرھان ۔ !

ایک اور روایت میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے چہرے کے نور سے ایک مٹھی لی پھر آگے لکھا کہ وہ مٹھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی تھی۔ اسی سے سارا جہان پیدا ہوا اور یہ کہ آپ اپنے والدین کی خلقت سے پہلے ہی موجود تھے اور آپ جبریل علیہ السلام کی آمد سے پہلے ہی قرآن کے حافظ تھے۔ اس روایت کے بارے میں حافظ ابن تیمیہؒ اور حافظ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ کل ذلک کذب مفتری باتفاق اہل العلم بحدیثہ انتہی (آثار المرفوعہ صفحہ ۴۲ مولانا عبدالحیٔ لکھنویؒ) یہ سب کا سب جھوٹ اور افتراء ہے۔ علم حدیث کے جاننے والوں کا اس پر اتفاق ہے اور ایک روایت میں آتا ہے خلقنی اللہ من نورہ وخلق ابا بکر من نورہ الخ لیکن اس کی سند میں احمد بن یوسف المنبجی ہے۔ علامہ ابوالحسن علی بن محمد الکنانیؒ (المتوفی ۹۶۳ھ) فرماتے ہیں کہ امام ابونعیمؒ فرماتے ہیں کہ ھذا باطل، اور علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ ھذا اکذب (تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ صفحہ ۳۳) ان باطل اور موضوع روایات کے چکر میں پڑ کر مسلمانوں کو کیا مصیبت پڑی ہے کہ وہ قرآن پاک کے نصوص قطعیہ اور صحیح و متواتر احادیث کی تاویل بیجا کریں اور معاذ اللہ ان کو رد کر کے عذاب خداوندی کا شکار ہوں اور آتش دوزخ کا ایندھن بنیں۔

**پہلا اعتراض** | ناظرین کرام ہم نے فریق مخالف کی دلیل ثانی یعنی حدیث جابرؓ کے جواب میں جو بات عرض کی ہے، وہ اپنی جگہ بالکل صحیح اور واضح ہے مگر ہمارے اس جواب پر بھی فریق مخالف نے اعتراضات کیے ہیں۔ ہم ان کو بیان

نقل کر کے بالترتیب ان کے جوابات بھی نقل کرتے ہیں۔

مولوی غلام رسول سعیدی صاحب لکھتے ہیں۔

حدیث جابرؓ کو جن اکابر علماء اہل سنت نے اپنی کتابوں میں نقل کیا، ان کا بیان یہ ذکر کیا جاتا ہے۔ اگر یہ روایت ضعیف ہوتی یا قابل عمل نہ ہوتی تو یہ اکابر علماء اپنی کتابوں میں اسے کیوں نقل کرتے۔ مثلاً جنہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے، وہ یہ ہیں۔ امام احمدؒ کے استاد اور امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کے استاذ الاستاد، امام عبدالرزاقؒ اپنی تصنیف میں اور امام بیہقیؒ دلائل النبوۃ میں حضرت جابرؓ سے مرفوعاً علی خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ الحدیث روایت کرتے ہیں اور امام قسطلانی مواہب اللدنیہ مقصد اول میں ارقام فرماتے ہیں کہ جب حق تعالیٰ کا ارادہ مخلوق کو پیدا کرنے کا اور اس کے رزق مقرر کرنے کے ساتھ متعلق ہوا، تو اس نے حقیقت محمدیہ کو حمدی انوار بارگاہ احدیت میں ظاہر فرمایا الخ اور اس کی شرح میں امام زرقانیؒ شرح مواہب میں ارقام فرماتے ہیں کہ

اور جزا این نیست کہ حقیقت محمدیہ ہی تمام حقائق کی حقیقت ہے۔ کیونکہ حقیقت محمدی کا ثبوت خلق وسطیہ میں ہے جو عین نور احمدی ہے جس کی طرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس قول میں اشارہ فرمایا ہے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو پیدا کیا۔ امیر عبدالقادر الجزائری الحسنی اپنی کتاب مواقف کے موقف صفحہ ۸۹ میں فرماتے ہیں کہ بلاریب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت وہ رحمت محکمہ ہے جس نے ہر شے کا احاطہ کر لیا ہے الی قولہ اور بالتحقیق حدیث شریف میں وارد ہوا کہ اے جابر سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تیرے نبی کے نور کو پیدا کیا اور سید عبدالکریم جیلی ناموس اعظم کی کتاب النور باب اول میں یہ فرماتے ہیں، بے شک اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سعادت کبریٰ اور تمام لوگوں کے لیے ظاہری و باطنی نمونہ بنا کر پیدا فرمایا اور وجود میں آپ کا مرتبہ اللہ نے سب سے پہلے رکھا جس کے اوپر اور کوئی مرتبہ نہیں ہے اور شیخ عبداللہ البوسنوی مطالع النور السنی کے مطلع اول میں فرماتے ہیں کہ یاد رکھو کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ وہ اسماء الٰہیہ کے آثار کے ظہور

سے بارگاہِ الوہیت کی تجلیات کی معرفت کرائے تو اس نے سب سے پہلے مدبرِ محمدی کو جامع صورت پر پیدا کیا۔ الیٰ قولہ جیسا کہ حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری سے مروی ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس چیز کو پیدا فرمایا، تو آپ نے فرمایا اے جابرؓ وہ تیرے نبی کا نور ہے، جس کو اللہ نے اپنے نور کے سبب سے پیدا فرمایا الخ مدارج النبوۃ میں شیخ عبدالحقؒ فرماتے ہیں بہرکیف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود میں اوّل ہونا پس وہ اس لیے ہے کہ پہلی وہ چیز جس کو اللہ نے پیدا کیا، وہ میرا نور ہے اور نبوت میں اوّل ہونا اس لیے ہے کہ میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی زمین پر افتادہ تھے۔ ان اکابرین کے علاوہ امام ابن حجر مکیؒ علامہ فارسیؒ علامہ دیار بکریؒ سیدی عبدالغنی نابلسیؒ امام ابوالحسن اشعریؒ وغیرہم نے بھی اس مضمون کو اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے اور اس پر اظہارِ اعتماد فرمایا ہے (مصلہ توضیح البیان صفحہ ۹۰)

## الجواب

مؤلف مذکور کی یہ ساری کاوش بے سود ہے اوّلاً اس لیے کہ اس روایت کا مدار امام عبدالرزاقؒ کی سند پر ہے اس کے بعد مؤلف مذکور اس روایت کے بارے میں امام بیہقیؒ کی دلائل النبوۃ کا حوالہ دیتے ہیں۔ یہ ان کا فریضہ تھا کہ امام عبدالرزاقؒ اور امام بیہقیؒ کی سند اور اس کے روات کتب اسماء والرجال سے با حوالہ نقل کر کے توثیق نقل کرتے تاکہ ہمارے اس اعتراض کا جواب ہو جاتا کہ اس کی سند کا علم نہیں کہ کیسی ہے اور امام عبدالرزاقؒ شیعہ تھے گو غالی نہ تھے مگر بعض چیزوں میں وہ منفرد ہیں۔ ان کا کوئی ساتھ نہیں دیتا اور امام ابن عدیؒ کے حوالہ سے ہم نے لکھا ہے کہ عبدالرزاقؒ نے فضائل کے باب میں ایسی روایات بھی بیان کی ہیں جن میں ان کی کسی نے موافقت نہیں کی اور ان کے بھانجے احمد بن عبداللہ نے ان کی کتابوں میں باطل روایتیں بھی داخل کر دی تھیں اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے امام عبدالرزاق کی مصنف کو طبقہ ثالثہ میں شمار کیا ہے اور اوّل ما خلق اللہ القلم کی صحیح روایت اس کے خلاف ہے

آپ ہی کے اعلیٰ حضرت یہ تحریر فرماتے ہیں کہ حدیث ماننے اور حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت کرنے کے لیے ثبوت

چاہیے۔ بے ثبوت نسبت جائز نہیں الخ (عرفان شریعت حصہ سوم ص۱۲) اور یہ بالکل واضح بات ہے کہ بغیر سند کے اور اس کے رواۃ کی توثیق کے حدیث کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ ہم نے جو حدیث اول خلق اللہ القلم پیش کی ہے۔ ابو داؤد اور ترمذی کا حوالہ دے کر جو صحاح ستہ کی مرکزی کتابیں ہیں ساتھ تصحیح بھی نقل کی ہے۔ لہٰذا اس کے مقابلہ میں یہ روایت جس کی سند ہی معلوم نہیں کیا حیثیت رکھتی ہے؟ خان صاحب بریلوی ہی تحریر کرتے ہیں کہ بعض جہّال بدمست یا نیم ملّا شہوت پرست یا جھوٹے صوفی باد بدست کہ احادیث صحاح مرفوعہ محکمہ کے مقابلہ میں بعض ضعیف قصے یا محتمل واقعہ یا متشابہ پیش کرتے ہیں انہیں اتنی عقل نہیں یا قصداً بے عقل بنتے ہیں کہ صحیح کے سامنے ضعیف متعین کے آگے محتمل محکم کے حضور متشابہ واجب الترک ہے الخ (احکام شریعت حصہ اول ص۱۲)

وثانیاً یہ بیشتر حوالے مؤلف مذکور نے اپنے اعلیٰ حضرت کی کتابوں مثلاً نفی الفئ اور صلات الصفا وغیرہ سے نقل کیے ہیں اور خان صاحب صلات الصفا ص۲ میں اس روایت کو امام عبدالرزاق کے مصنف کی طرف منسوب کرتے ہیں، چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔ امام اجل سیدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے استاذ اور امام بخاریؒ و امام مسلم کے استاذ الاستاذ حافظ الحدیث احد الاعلام عبدالرزاق ابوبکر بن ہمام نے اپنی مصنف میں حضرت سیدنا و ابن سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی الخ کتاب مصنف عبدالرزاق طبع ہو چکی ہے۔ ہم مؤلف مذکور اور ان کی جماعت کے نہایت ہی مشکور ہوں گے کہ وہ یہ روایت مصنف سے ہمیں بتا دیں اور ان کے اعلیٰ حضرت ہی صلات الصفا ص۳ میں لکھتے ہیں کہ۔ یہ حدیث امام بیہقیؒ نے بھی دلائل النبوۃ میں بنحوہ روایت کی الخ اس سے معلوم ہوا کہ امام بیہقیؒ کی نقل کردہ روایت کے الفاظ بعینہا وہ نہیں جو امام عبدالرزاقؒ کی روایت کے ہیں، اور نہ ان کے اعلیٰ حضرت بنحوہ نہ کہتے بمثلہ کہتے (کیونکہ محدثین کرامؒ کے نزدیک جب روایت بالمعنٰی ہو تو اس موقع پر وہ او کما قال او نحوہ اور شبہہ وغیرہ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو تدریب الراوی ص۳۱۲ وغیرہ) اور چونکہ اس روایت میں مرکزی الفاظ نور کے ہیں، اس لیے

خان صاحب کے تجزیہ کے الفاظ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ دلائل النبوۃ للبیہقیؒ کی روایت میں شاید یہ لفظ نہیں ہیں۔ یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ خان صاحب نے اس کے الفاظ نقل نہیں کیے، ورنہ وہ ایسے موقع پر ان کو کبھی نظر انداز نہ کرتے۔ بہر حال اصل حقیقت تو دلائل النبوۃ کی روایت کے الفاظ اور اس کی سند سامنے آنے ہی سے واضح ہو سکتی ہے ویسے نہیں۔

ثالثاً مؤلف مذکور نے بعض بزرگوں سے اس مضمون کی اجمالاً و تفصیلاً کچھ عبارات نقل کی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نور سب سے پہلے پیدا ہوا اور اس لحاظ سے اس روایت کو تقویت ملتی ہے کہ ان بزرگوں نے اس سے استدلال کیا ہے اور علامہ آلوسیؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ سب سے پہلے روح محمدی کی خلقت ہوئی۔ لیکن ان تمام حوالوں سے ان کو کوئی فائدہ نہیں کیونکہ حدیث کی صحت اتصال سند اور اس کے رواۃ کے ثقہ ہونے سے ثابت ہوتی ہے محض اس کو نقل کرنے سے اس کی صحت ثابت نہیں ہو سکتی کما لا یخفیٰ اور نہ صرف نقل کرنے سے اظہار اعتماد ہوتا ہے خصوصاً ان حضرات کی نقل جو محض صوفی اور بزرگ ہیں اور فن حدیث کی پرکھ اور نقد و جرح کی مہارت ان کو نہیں۔

علاوہ ازیں ہم نے تنقید متین ص۱۲۹ تا ص۱۳۱ میں باحوالہ یہ بات تحریر کی ہے کہ نور محمدی سے روح محمدی مراد ہے اور آخر میں لکھا ہے کہ نور محمدی کا مطلب روح محمدی ہے۔ الیٰ قولہ اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے جیسا کہ شیخ عبدالحق صاحبؒ نے مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲ میں دعویٰ کیا ہے تو اس معنی کے لحاظ سے اس کا کسی نص سے کوئی تضاد نہیں، لہٰذا اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں، ہاں اس سے نصوص قطعیہ صریحہ کا رد کرنا اور آپ کی بشریت، آدمیت اور انسانیت کا انکار کرنا جیسا کہ بعض اہل بدعت کا وتیرہ ہے۔ قطعاً غلط اور سراسر بے بنیاد ہے

افسوس ہے کہ مؤلف مذکور نے نہ تو ہماری یہ عبارت نقل کی ہے اور نہ اس کا حوالہ دیا ہے۔ جواب دینا تو درکنار رہا، حالانکہ علمی طور پر ان پر لازم تھا کہ ہماری اس عبارت کا حوالہ دیتے، مگر ان کو دیانت و انصاف سے کیا واسطہ؟ ان کو تو اپنے حواریوں سے سستی شہرت کی داد حاصل کرنا ہے اور اہل حق کے خلاف اپنے دل کا ابال نکالنا ہے اور بس۔

الغرض ہمارا یہ اعتراض کہ اس حدیث کی سند اور رواۃ کی توثیق معلوم نہیں بدستور باقی ہے اس کا ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا جا سکا۔ ادھر اُدھر کی باتیں کر کے اور غیر معصوم اقوال و عبارات اور غیر متعلق حوالے نقل کر کے ان کا جواب تصور کر لینا طفل تسلی کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ اس حدیث کی باحوالہ سند اور رواۃ کی کتب اسماء الرجال سے توثیق مطلوب ہے۔

وَدُوْنَہٗ خَرْطُ الْقَتَاد۔

**دوسرا اعتراض** مولوی غلام رسول سعیدی صاحب نے دوسرا اعتراض یہ کیا ہے کہ آپ دیوبندی یہ کہتے ہیں کہ اول خلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہیں بلکہ اول خلق قلم ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

**اوّلیت اضافی کا جواب** (۱) سرفراز صاحب نے حدیث جابرؓ کو رد کرنے کے لیے دوسرا اعتراض یہ کیا ہے کہ حضور اول خلق نہیں، موضوعات کبیر میں ہے کہ قلم اول خلق ہے تنقید صلا میں ہے کہ اس صحیح روایت میں معلوم ہوا کہ سب سے پہلے قلم تقدیر پیدا کیا گیا تو بلا وجہ قلم کے اول حقیقی ہونے کے بجائے اول اضافی پر محمول کرنا قابل سماعت نہیں۔

(۲) مولوی صاحب نے دبی زبان سے اعتراف کیا ہے کہ مرقات ج ۱ ص ۱۶۶ اور جمع الوسائل میں اول مخلوقات میں آپ کے نور کا ذکر ہے اور خود ان کتابوں میں تصریح ہے کہ نور سے روح مراد ہے۔ مولوی صاحب کو معلوم تھا کہ اگر مرقات کی ایمان افروز عبارت نقل کر دی تو قصر دیوبند منہدم ہو جائے گا اس لیے اس کو دیوالی کی پوریاں سمجھ کر صاف ہضم کر گئے ہیں جس کو نقل کرنے سے وہ خوف کھاتے ہیں، عبارت (کا ترجمہ) یہ ہے ابن حجرؒ نے کہا کہ اول مخلوق کے بارے میں روایات مختلف ہیں اور خلاصہ یہ ہے جیسا کہ میں نے شرح شمائل ترمذی میں بیان کیا ہے کہ بالیقین اول مخلوقات وہ نور ہے جس سے نبی علیہ السلام کو پیدا کیا گیا پھر پانی کو پھر عرش کو۔ ملا علی القاریؒ کے اس کلام سے ظاہر ہو گیا کہ حضور کی اوّلیت کو حقیقی قرار دینے میں وہ تنہا نہیں ہیں، بلکہ ابن حجرؒ بھی اس کی تصریح کرتے ہیں اور صاحب ازہار بھی

ایسا ہی کہتے ہیں اور بے شمار جگہ علماء اسلام نے نور محمدی کی اولیت حقیقی پر نص صریح قائم کی ہے جیساکہ ماسبق میں حوالے گزر چکے ہیں۔

(۳) ازہار میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کی مقادیر کو آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے لکھا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔ یعنی قلم کی پیدائش اور کتابت سے پہلے عرش پیدا ہو چکا تھا اور وہ پانی پر تھا اس کو مسلم نے روایت کیا اور ابن عباسؓ سے وکان عرشہ علی الماء کے بارے میں استفسار کیا گیا کہ عرش تو پانی پر تھا پانی کس چیز پر تھا تو فرمایا کہ ہوا کی پیٹھ پر اسے بیہقیؒ نے روایت کیا۔ (پس ثابت ہوا کہ قلم کی پیدائش ہوا پانی اور عرش کے بعد ہے) اور جو چیز سب سے پہلے پیدا ہوئی وہ نور محمدی ہے جیساکہ میں نے المورد للمولد میں بیان کیا ہے۔

(۴) شیخ محقق عبدالحق محدث دہلویؒ مدارج النبوۃ ج ۲ ص۲ میں ارقام فرماتے ہیں جان لو کہ اول مخلوقات اور واسطہ خلق عالم و آدم نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جیساکہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا کیا (پھر آگے) اول خلق میں عقل کا ذکر بھی کیا ہے اور لکھا ہے کہ محققین اور محدثین کے نزدیک یہ حدیث ثابت نہیں اور پھر آگے قلم کا ذکر کیا ہے اور آخر میں لکھا ہے (پس معلوم ہوا کہ قلم کی پیدائش سے پہلے کچھ ہو چکا تھا اور وہ عرش و کرسی اور ارواح مقیں اور نور محمدی ان سب سے پہلے پیدا ہوا پس اس تقدیر پر یوں کہا جا سکتا ہے کہ ماکان سے مراد اس نور کے صفات اور احوال ہیں اور مایکون سے مراد وہ امور ہیں جو بعد میں دنیا میں ظاہر ہوں گے۔

مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ ملا علی القاریؒ صاحب ازہار اور شیخ محقق کے اس منقولہ کلام کو دیکھیے اور مولوی سرفراز صاحب کے کمزور مطالعہ پر تحسین و آفرین کیجئے: وہ تو عذاوت رسول میں بروایت صحیح مسلم دلوانہ وار یہ ثابت کر چکے تھے کہ قلم سب سے پہلے پیدا ہوا اور ثابت یہ ہوا کہ قلم جو تھے نمبر پر ہے جیسے خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرما دیا کہ قلم عرش اور پانی کے بعد پیدا ہوا اور آپ کے فرمان صریح سے اس کی اولیت اضافی

ثابت ہوگئی تو آنجناب کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تردید کی جرأت کیونکر ہوئی کہ قلم کو اول تحقیق کہا گیا آپ کے مذہب غیر مہذب میں فرمان نبوی بھی قابل سماعت نہیں؟ توبہ کا دروازہ ابھی بند نہیں ہوا، ہمارا مخلصانہ مشورہ ہے کہ فکر آخرت کرو اور توبہ کر لو، ورنہ تنقیص رسالت میں پیسروں کے حساب سے لکھی ہوئی کتابیں آپ کی لٹیا ڈبونے کے لیے کافی ہیں اور ان کی فروخت سے جو دنیاوی سکے حاصل کیے ہیں، وہ اس دن کام نہ آسکیں گے۔

(۵) سرفراز صاحب نے جو یہ لکھا ہے کہ نور سے مراد روح ہے جیسا کہ ملا علی القاری نے لکھا ہے ہمیں مُضر نہیں اولاً اس لیے کہ نور ہو یا روح ہو مقصد تو یہ ہے کہ آپ اول خلق ہیں ثانیاً اس سے آپ کو کوئی نفع نہیں، نفع تب ہوتا کہ نور اور روح میں تباین ہوتا، حالانکہ ملا علی القاری فرماتے ہیں آپ کا فرمان کہ سب سے پہلے میرے نور کو پیدا کیا اور ایک روایت میں ہے کہ میری روح کو پیدا کیا، دونوں کا معنیٰ ایک ہے، کیونکہ ارواح نورانی ہوتی ہیں۔

(۶) سرفراز صاحب لکھتے ہیں کہ محققین شراح حدیث اور ارباب تاریخ نے جہاں اول المخلوقات کی تحقیق اور بحث کی ہے، وہاں قلم عرش اور عقل وغیرہ کا ذکر تو کیا ہے، مگر نور کا ذکر نہیں کرتے (تنقید ص۱۰)

جواباً عرض ہے کہ ہم ماسبق میں امام عبدالرزاق، امام بیہقی، امام احمد قسطلانی، امام زرقانی، عبدالقادر الجزائری، ملا علی القاری حنفی، شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی وغیرہم کا کلام نقل کر چکے ہیں۔ اس میں غور فرمالیجیے کہ یہ اکابر ائمہ اولیت خلق میں نور محمدی کا ذکر کرتے ہیں یا نہیں؟ ہاں دریافت ہے کہ جن کی آنکھوں پر ابلیس نے بغض رسالت کی پٹی باندھ دی ہو، انہیں عبارات میں نور محمدی نظر نہیں آئے گا۔

(۷) سرفراز صاحب حدیث جابر پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس کی سند کا علم نہیں کہ کیسی ہے اور امام عبدالرزاق شیعہ تھے۔ گو غالی نہ تھے اور بعض چیزوں میں وہ منفرد بھی ہے خصوصاً فضائل کے بارے میں اور ان کا ساتھ بھی کسی نے نہیں دیا۔ (محصلہ تنقید ص۱۱) محض تشیع کی طرف نسبت سے امام عبدالرزاق کی روایت کو ناقابل اعتبار قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

اہل بدعت کی روایت کے بارے میں شیخ محقق مقدمہ شرح مشکوٰۃ میں ارقام فرماتے ہیں کہ مختار یہ ہے کہ اہل بدعت کی روایت اگر اس کے مسلک کی تزیین اور ترویج میں ہو تو مقبول نہ ہوگی اور اگر ایسی نہ ہو تو قبول ہوگی اور جامع الاصول کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ائمہ حدیث نے خوارج۔ قدریہ۔ روافض اور دیگر اہل بدعت سے بھی روایت لی ہیں علاوہ اگر امام عبدالرزاق شیعہ تھے اور امام بیہقی تو شیعہ نہ تھے۔ جنہوں نے دلائل نبوت میں یہ روایت نقل کی ہے علاوہ ازیں امام عبدالرزاق اس میں منفرد نہیں ہیں بلکہ علماء اعلام نور محمدی کے اول خلق ہونے میں امام کے ساتھ ہیں جن کی عبارتیں گزر چکی ہیں۔ لہٰذا سرفراز صاحب کا یہ کہنا کہ فضائل میں انہوں نے ایسی روایات بھی ذکر کی ہیں جن میں ان کا کوئی ساتھ نہیں دیتا بالکل غیر متعلق ہے۔

(۸) نور محمدی کے اول خلق ہونے کی روایات پر تبصرہ کرتے ہوئے مولوی سرفراز صاحب نے کہا کہ ان باطل اور موضوع روایات کے چکر میں پڑ کر مسلمانوں کو کیا پڑی ہے کہ وہ قرآن پاک کی نصوص قطعیہ اور صحیح و متواتر حدیث کی تاویل بے جا کریں اور معاذ اللہ تعالیٰ ان کو رد کر کے عذاب خداوندی کا شکار ہوں اور آتش دوزخ کا ایندھن بنیں معاذ اللہ تعالیٰ (تنقید صفحہ ۱۱۲)

اب آئیے ذرا مولوی سرفراز صاحب کے گھر خاندان پر نظر ڈالیں کہ ان میں سے کتنے صاحب جبہ و دستار جہنم کا ایندھن بن چکے ہیں۔ سرخیل دیوبند مولوی قاسم نانوتوی تحذیرات عشرہ بہ تحذیر اول کے جواب میں لکھتے ہیں۔ اب سنیئے کہ روح پر فتوح محمدی صلی اللہ علیہ وسلم جو اصل موصوف نبوت ہے اور ارواح انبیاء باقیہ کے لیے موقوف علیہ ہے اور اسی وجہ سے آپ کو تقدم بالخلق لازم ہوا۔ مگر مخلوقیت روحانی کو تولد جسمانی لازم نہیں اور آپ کے نزدیک لازم ہو تو ثابت کیجئے اور اول ما خلق اللہ نوری وغیرہ مضامین کی تغلیط فرمایئے (الی ان قال) اور اگر یہ سزا اس جرم کی ہے کہ میں نے موقوف علیہ کیوں کہا اول ما خلق اللہ نوری کیوں نہ کہا تو اب سہی "

معیار دیوبند کے اس مضمون سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوتے (۱) نور محمدی اول

مخلوق ہے (۲) نبی علیہ السلام تمام انبیاء کے لیے موقوف علیہ ہیں (۳) آپ کی نبوت بالذات اور باقی انبیاء کی نبوت بالعرض ہے (۴) اول ما خلق اللہ نوری مذ صرف لائق احتجاج ہے بلکہ دیوبند کے پیر مغاں نے اس سے استدلال کر کے بے شمار نصوص کثیرہ کو رد کر دیا کما سیاتی انشاء اللہ تعالیٰ تحذیر الناس ص۹۳ پر دلائل کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے مولوی قاسم صاحب نے کہا۔

باقی رہا آپ کا وصف نبوت میں واسطہ فی العروض اور موصوف بالذات ہونا اور انبیاء ماتحت علیہ وعلیہم السلام کا آپ کے فیض کا معروض اور موصوف بالعرض ہونا وہ تحقیق معنی خاتمیت پر موقوف ہے جس کی شرح و بسط کما ینبغی اوپر کر چکا ہوں۔"

اس کے بعد مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ اہل علم پر مخفی نہیں کہ جو موصوف بالعرض بواسطہ فی العروض ہو، اس کے ساتھ وصف کا قیام نہیں ہوتا، بلکہ وصف کا قیام موصوف بالذات کے ساتھ ہوتا ہے اور موصوف بالعرض کو مجازاً موصوف بالذات کی مجاورت کی وجہ سے موصوف کہتے ہیں، مثلاً جالس فی السفینہ کے ساتھ حرکت کا قیام نہیں ہوتا، لیکن اس کو مجازاً متحرک کہتے ہیں کیونکہ وہ متحرک بالذات یعنی سفینہ کا مجاور ہے جو کہ واسطہ فی العروض ہے، پس اس تقریر سے لازم آیا کہ باقی تمام انبیاء کے ساتھ وصف نبوت قائم نہ ہوا اور نبی علیہ السلام سے مقارنت کی بنا پر انہیں مجازاً نبی کہا گیا ہو۔ مولوی قاسم صاحب نے اپنے کلام میں حضور کے سوا تمام انبیاء کی نبوت کا انکار کر کے قرآن کی صد ہا نصوص کو رد کر دیا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ علامہ ابو السعودؒ فرماتے ہیں اس لیے کہ معتبر یہ ہے کہ رسولوں کے درمیان نفس رسالت میں فرق نہ کیا جائے نہ کہ باقی اوصاف مخصوصہ میں مؤلف مذکور لکھتے ہیں اور اب پیغمبر دیوبند کی منطق فرمائیے ارشاد ملاحظہ فرمائیے ہو مقتدر ، جنہوں نے نبی علیہ السلام اور انبیاء علیہم السلام میں نفس رسالت میں فرق کیا اور آپ کے لیے وصف نبوت کو واسطہ فی العروض کے مرتبہ میں مان کر باقی انبیاء سے نبوت کی نفی کر دی اور اس کی بنیاد وہی عقد ہے جس کو وہ کہیں موقوف علیہ سے تعبیر کرتے ہیں اور کہیں اول ما خلق اللہ نوری سے یا للعجب

اب سرفراز صاحب سے پوچھنے دیجیے کہ اگر یہ روایت باطل اور موضوع ہے تو اس کو ماننے والوں میں آپ کے پیر مغاں بھی شامل ہیں ان کے بارے کیا ارشاد ہے؟
اور اس باطل روایت کے چکر میں پڑ کر نصوص قرآنیہ اور احادیث صحیحہ متواترہ کا انکار کون کر رہا ہے اور اس موضوع روایت کو اساس بنا کر ایک نئے عقیدہ کی طرح کس نے رکھی۔

مصرعہ وہ الزام ہم کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا

اگر اجازت ہو تو اب ہم بھی کہہ دیں کہ مولوی قاسم نانوتوی نے اس ابلیسی چکر میں پڑ کر قرآن پاک کی نصوص قطعیہ اور صحیح متواتر احادیث کی تاویل بے جا کی ہے اور معاذ اللہ ان کو رد کر کے عذاب خداوندی کا شکار ہوتے اور اپنے آپ کو آتش دوزخ کا ایندھن بنا لیا ہے اور سچ پوچھیے تو قاسم صاحب نانوتوی نے تحذیر الناس میں جس ظلی اور بروزی نبوت کا راستہ دکھایا ہے اس راہ پر چل کر مرزا ملعون نے دعویٰ نبوت کیا اور راست دیوبند آج تک مرزائیہ کے اس استدلال سے جان نہیں چھڑا سکی۔ اگر اب بھی آپ کی طبیعت صاف نہ ہوئی تو لیجیے حکیم الامت حاضر ہیں وہ بقول آپ کے باطل روایت کے چکر میں پڑ کر جہنم کے کس طبقہ میں جا پہنچے ہیں۔ حضرت جابرؓ کی اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد مولوی اشرف علی تھانویؒ نے ف سے فائدہ کا عنوان قائم کیا کہتے ہیں۔

ف اس حدیث سے نور محمدی کا اول الخلق ہونا باولیت حقیقیہ ثابت ہوا کیونکہ جن جن اشیاء کی نسبت روایات میں اولیت کا حکم آیا ہے۔ ان اشیاء کا نور محمدی سے متاخر ہونا اس حدیث میں منصوص ہے انتہیٰ (نشر الطیب ص ۵) لیجیے ان حکیم صاحب نے تو آپ کے سارے کیے دھرے پر پانی پھیر دیا۔ آپ کسی طور پر اولیت حقیقیہ نہیں مانتے اور تھانہ بھون کے حکیم الامت اولیت حقیقی کو منصوص قرار دیتے ہیں۔ اب یا تو اپنی جہالت کا اعتراف کر کے حکیم الامت کے پیر پکڑ لیجیے یا انہیں جاہل اور غالی قرار دے کر جہنم میں جھونکیے یہ آپ کا اور آپ کے آباء کا معاملہ ہے، ہم نے صلح صفائی کی غرض سے ایک معاملہ فہمی کی بات عرض کی ہے۔ محصلہ (صفحہ ۱۵ تا ۱۸)

**الجواب** مؤلف مذکور نے اس ساری گرفت میں اسی جہل مرکب کا ثبوت دیا ہے جس کے بھنور میں وہ ساری کتاب میں غوطے کھا رہے ہیں اور کسی طرف نکلنے کی راہ نہیں پاتے اور اپنے بڑوں کی سنت اس مقام پر بھی انہوں نے پوری کی ہے کہ اصل اور مکمل عبارات سے کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے کوئی ادھوری عبارت لے لی اور اس پر کچھ بحث شروع کر دی اور اپنی طرف سے عبارات کے معانی اور مطالب تیار کر کے ملغوبہ بنا کر دل کی بھڑاس نکالنا شروع کر دی، صد افسوس ہے اس علم و دیانت پر اور ہزار تف ہے ایسی تحقیق پر اب آپ ترتیب وار جوابات سنیئے۔

(۱) جس طرح ہم نے کتب حدیث کے حوالہ سے اوّل ما خلق اللہ القلم کی حدیث نقل کی ہے اور ساتھ ہی اس کی سند کی تصحیح بھی با حوالہ عرض کر دی ہے۔ مؤلف مذکور کا یہ اخلاقی اور علمی فریضہ تھا اور لازم ہے کہ وہ اوّل ما خلق اللہ نوری کی حدیث کسی بھی حدیث کی معتبر کتاب سے باسند نقل کرتے اور پھر اس کی سند کی تصحیح بھی ساتھ نقل کرتے۔ مگر وہ ایسا نہیں کر سکے اور ان شاء اللہ العزیز نہیں کر سکیں گے تو جو روایت اوّل ما خلق اللہ القلم، کتب حدیث میں موجود ہے اور محدثین کرامؒ کی تصریح کے ساتھ وہ صحیح بھی ہے تو اس کو کیوں نہ اوّل حقیقی پر محمول کیا جائے اور اس کے مقابلہ میں غیر ثابت روایت کو کیوں اوّل حقیقی پر محمول کیا جائے کیونکہ بقول آپ کے اعلیٰ حضرت کے حدیث ماننے کے لیے ثبوت درکار ہے اور اسی سے آپ اور آپ کی جماعت عاجز ہے، آپ کو وہ سند سامنے لانی چاہیے جس سے یہ روایت مروی ہے تاکہ سند کے لحاظ سے اس بحث کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو جائے (دیدہ باید)

(۲) ہم نے تنقید متین ص۱۲۹ و ص۱۳۰ و ص۱۳۱ میں شرح الشفا لملا علی القاریؒ، مرقات اور نسیم الریاض للخفاجیؒ اور نشر الطیب ص۵ کے حوالہ سے یہ عرض کیا ہے کہ نور محمدی سے مراد روح محمدی ہے اور اس کے بعد یہ عرض کیا ہے۔ اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے جیسا کہ شیخ عبد الحق صاحبؒ نے مدارج النبوۃ ج ۲ ص۲ میں دعویٰ کیا ہے۔ تو اس معنیٰ کے لحاظ سے اس کا کسی نص سے کوئی تضاد نہیں، لہٰذا اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں، ہاں اس سے نصوص

قطعیہ صریحہ کا رد کرنا اور آپ کی بشریت، آدمیت اور انسانیت کا انکار کرنا جیسا بعض اہل بدعت کا وتیرہ ہے، قطعاً غلط اور سراسر بے بنیاد ہے۔ الخ (تنقید متین ص۱۳۱)۔

غور فرمائیے کہ ہماری اس تصریح کے بعد مرقات کے حوالے سے قصر دیوبند پہ کیا زد آتی ہے؟ اور کیا اس سے اس کی کوئی اینٹ یا روڑا یا پلستر ہی اپنی جگہ سے ہلتا ہے؟ بلکہ ان حوالوں سے تو قصر دیوبند اور مضبوط ہوتا ہے کہ جو معنی مرقات میں حضرت ملا علی القاریؒ نے بیان کیے ہے وہی معنی حضرت تھانویؒ نشر الطیب میں بیان کرتے ہیں اور ہماری عبارت میں تضاد سے مراد (جیسا کہ تنقید متین کی عبارت سے بالکل ظاہر ہے) یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس طرح نور تسلیم کیا جائے جس سے آپ کی بشریت کا رد لازم آتا ہو جو قرآن کریم کی نصوص قطعیہ اور احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ اس میں تضاد ہے مگر مؤلف مذکور اپنی کم فہمی اور جہالت کی وجہ سے اول ما خلق اللہ القلم کی حدیث کا اول ما خلق اللہ نوری سے تضاد سمجھ رہے ہیں اور ان میں سے ایک کو بعض حضرات اول حقیقی پر اور دوسرے کو اول اضافی پر حمل کرتے ہیں۔ گو ہمارے نزدیک اول ما خلق اللہ نوری کی حدیث سند کے لحاظ سے ثابت نہیں ہے جیسا کہ ہم نے عرض کیا ہے لیکن اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جاتی تو اس میں نور سے مراد روح ہے جس کی ہم نے تصریح کی ہے اور لکھا ہے کہ اس سے کسی نص کے ساتھ تضاد لازم نہیں آتا اور اس کے تسلیم کرنے میں کوئی حرج بھی نہیں، کیونکہ اس بیان کے مطابق آپ کی ذات بشر اور آپ کی صفت نور ثابت ہوتی ہے۔

اور تنقید متین میں ہم نے اس کی تصریح کی ہے۔ بلاشبہ حضرت ملا علی القاریؒ اول المخلوقات میں آپ کے نور کا ذکر کرتے ہیں اور اسی کو راجح قرار دیتے ہیں اور حافظ ابن حجرؒ اول خلق کے بارے میں اختلاف تو نقل کرتے ہیں، لیکن ترجیح حدیث قلم کو دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہی حدیث صحیح ہے جیسا کہ موضوعات کبیر کے حوالہ سے یہ بات تنقید متین میں عرض کر دی گئی ہے لہٰذا مؤلف مذکور کا حافظ ابن حجرؒ کو حضرت ملا علی القاریؒ کا اس میں ہمنوا قرار دینا محض سینہ زوری ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فنی لحاظ سے اس کی تردید کرتے ہیں کہ اول المخلوقات میں نوری کی

حدیث ہو نہ یہ کہ اس کی تائید کی تصریح کرتے ہیں، جیسا کہ مؤلف مذکور نے کم فہمی سے یہ سمجھ رکھا ہے۔ اسی طرح علماء اسلام اور آثار کی عبارات میں آپ کے نور کے اول المخلوقات ہونے کا ذکر ہے اور دیگر بہت سے علماء نے اس کا ذکر کیا ہے، لیکن نزاع اس میں ہے کہ صحیح حدیث کی رُو سے اول مخلوقات کیا چیز ثابت ہے نزاع علماء کی عبارات اور اقوال کے بارے تو نہیں خدا کرے کہ مؤلف مذکور بات کو سمجھ سکیں۔

(۳) ازہار کی عبارت میں مسلم کی جن روایات کا حوالہ دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ

| | |
|---|---|
| کتب اللّٰہ مقادیر الخلائق | اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کی |
| قبل ان یخلق السموٰت | خلقت سے پچاس ہزار سال قبل مخلوقات |
| والارض بخمسین الف سنۃ | کی تقدیر لکھ دی تھی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ |
| قال وعرشہ علی الماء | کا عرش پانی پر تھا۔ |

(مسلم ج ۲ ص ۳۳۵)

اس صحیح اور مرفوع روایت سے جو کچھ ثابت ہے وہ یہ ہے کہ مخلوقات کی تقدیر آسمان اور زمینوں کی خلقت سے پچاس ہزار سال قبل لکھی گئی اس میں قلم کی خلقت کا کوئی ذکر نہیں کہ وہ کب ہوئی ممکن ہے کہ قلم تقدیر کی خلقت اس سے بھی بہت قبل ہو لیکن اس کے ساتھ لکھنے کا معاملہ آسمانوں اور زمین کی خلقت سے پچاس ہزار سال قبل ہوا ہو، جیسا کہ زمین کا مادہ آسمانوں کی خلقت سے پہلے بنایا گیا اور دحو (زمین کا پھیلانا) بعد کو ہوا غرضیکہ مسلم کی روایت سے قلم کی پیدائش کے بارے قطعیت سے کچھ ثابت نہیں ہوتا۔ ہاں اس سے بظاہر عرش اور پانی کی خلقت آسمانوں اور زمینوں کی خلقت سے پہلے ثابت ہوتی ہے جیسا کہ امام نووی الشافعیؒ (المتوفی ۶۷۶ھ) لکھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وعرشہ علی الماء ای قبل | اور اس کا عرش آسمانوں اور زمین کی |
| خلق السموٰت والارض | پیدائش سے پہلے پانی پر تھا۔ |

واللّٰہ اعلم (شرح مسلم ج ۲ ص ۳۳۵)

صاحب ازہار کی یہ تفریع یعنی قلم کی پیدائش اور کتابت سے پہلے عرش پیدا ہو چکا تھا اور وہ پانی پر تھا اس کو مسلم نے روایت کیا۔ یہ ان کا اپنا ذاتی تفرد اور خانہ زاد تفریع ہے اور یہ تفریع اور بہت سے علماء سے منقول ہے، بلکہ بعض نے اس کو الاصح اور بعض نے قول الجمہور سے تعبیر کیا ہے، مگر مسلم کی روایت میں اس کا کوئی ذکر نہیں۔ اسی طرح حضرت ابن عباسؓ کے موقوف قول اور آثر سے صرف اتنا ثابت ہے کہ پانی ہوا کی پیٹھ پر تھا، تو اس قول سے قلم کی خلقت کی اولیت کی نفی ہوتی ہے اور نہ ان مذکورہ اشیاء سے اس کی خلقت کی تاخیر ثابت ہوتی ہے جیسا کہ کسی بھی صاحب فہم سے یہ مخفی نہیں، اسی طرح مؤلف مذکور کا بین القوسین یہ جملہ لکھنا (پس ثابت ہوا کہ قلم کی پیدائش ہوا پانی اور عرش کے بعد ہے) یہ ان کی اور ان سے پیشرو علماء کی غلط تفریع ہے۔ اس حدیث سے اس کا کوئی ثبوت نہیں عبارت کے آخر میں صاحب ازہار کا یہ دعویٰ کہ اور جو چیز سب سے پہلے پیدا ہوئی، وہ نور محمدی ہے جیسا کہ میں نے المورد للمولد میں بیان کیا ہے۔ نرا دعویٰ ہی دعویٰ ہے۔ ہمیں تو ثبوت ایسی صحیح حدیث سے درکار ہے جو با سند ہو اور محدثین کرامؒ سے اس کی با حوالہ تصحیح منقول ہو کہ اول مخلوقات نور محمدی ہے صاحب ازہار کے غیر معصوم قول سے یہ مسئلہ تو ثابت نہیں ہوتا اور نہ ثابت ہو سکتا ہے، مگر افسوس ہے کہ مؤلف مذکور اور ان کی جماعت کے علماء میں بات سمجھنے کا سرے سے سلیقہ ہی نہیں اور نہ دعویٰ اور دلیل کی تقریب تام کا وہ خیال کرتے ہیں

(۴) بلاشبہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اول مخلوقات میں نور محمدی کی حدیث کے صحیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے، لیکن ہمارا اور اہل بدعت کا نزاع اسی بات میں ہے کہ اول ما خلق اللہ نوری کی حدیث، حدیث کی کس کتاب میں ہے؟ اس کی سند کیا ہے؟ اور کیسی ہے؟ محض حضرت شیخ عبدالحق صاحبؒ کے صحیح کہنے سے بے ثبوت روایت صحیح تو نہیں ہو جاتی۔ حدیث کی صحت کے لیے ثبوت اور سند درکار ہے اور یہی کوہ کندن اور کاہ برآوردن کا مصداق ہے۔

آگے ان کی جتنی تفریعات ہیں وہ اسی پر متفرع ہیں کہ یہ مذکورہ حدیث صحیح ہے حالانکہ اس

کی صحت کسی طرح بھی اصول کے لحاظ سے ثابت نہیں، اوّل مخلوقات میں عقل کی حدیث کی انہوں نے محققین کے حوالے سے تضعیف کر دی ہے، لیکن حدیث اول ما خلق اللہ القلم بھی انہوں نے نقل کی ہے اور اس کے بارے میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ در حدیث اول ما خلق اللہ القلم نیز گفتہ اند کہ مراد بعد العرش والماء است کہ واقع شدہ است وکان عرشہ علی الماء۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲)

اور یہ ایک تاویل ہے۔ اس حدیث سے قبل اور بعد علی التعیین کچھ ثابت نہیں کما مر۔

یہ بات ہمیشہ پیش نظر رہے کہ صحیح حدیث کے مقابلہ میں کسی کا کلام بھی حقانہ نہیں ہو سکتا جب اوّل ما خلق اللہ القلم کی حدیث صحیح ہے تو ہر فرد کیا ہر مسلمان کو حُبّ رسول کے جذبہ سے اس پر دلوانہ وار فریفتہ ہونا چاہیئے اور صحیح حدیث کے پیش نظر قلم کو اول خلق سمجھنا چاہیے اور اس کے مقابلہ میں جملہ اقوال کی مناسب توجیہ اور تاویل کی جائے۔ نہ ہو سکے تو رد کر دیئے جائیں کیونکہ ایمان کا تقاضا ہی یہی ہے۔ اگر بفضلہ تعالیٰ راقم اثیم کا مطالعہ قوی اور وسیع نہ ہوتا تو بے ثبوت حدیث کو آنکھیں بند کر کے پلّے باندھ لیتا اور صحیح حدیث تک رسائی ہی نہ ہوتی، مگر اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی سے صحیح حدیث تک رسائی ہو گئی وذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

مؤلف مذکور کا حقائق سے چشم پوشی کر کے اور جہل مرکب کے گھوڑے پر سوار ہو کر یہ لکھنا جب خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا کہ قلم عرش اور پانی کے بعد پیدا ہوا الیٰ قولہ تو آنجناب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تردید کی جرأت کیونکر ہوئی الخ ان کے خبث باطن کا نتیجہ اور خالص دجل و تلبیس ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہرگز صراحتہً کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ قلم عرش اور پانی کے بعد پیدا ہوا ہے۔ یہ سمجھنے والے حضرات کی خود اپنی ذاتی تشریح ہے۔ وہ کون مسلمان ہے کہ معاذ اللہ تعالیٰ اس کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ثابت شدہ قول کی تردید کی جرأت ہو؟ اور وہ تردید کر کے مسلمان بھی رہ سکتا ہو؟ حاشا وکلا ثم حاشا وکلا ۔ ؎

ایں خیال است ومحال است وجنوں

قارئین کرام اکیا ہم مؤلف مذکور کی بولی میں یہ کہنے میں حق بجانب نہیں کہ وہ معاذ اللہ تعالیٰ

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بغض میں آکر آپ کی صحیح حدیث اول ماخلق اللہ القلم کو رد کر رہے ہیں۔ یہ جرأت ان میں کیونکر آئی؟ کیا ان کے مذہب نامہذب نے ان کو یہ طریق سکھلایا ہے؟ یا غیر معصوم اقوال و آراء کے تحت وہ نبی معصوم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیث کو رد کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ) ابھی توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ توبہ کر لیں ورنہ سوئم چہلم اور عرسوں کے لذیذ کھانے اور گیارھویں شریف کی مٹھائیاں اور جلیبیاں آپ کو ہرگز عذاب خداوندی سے نہیں چھڑا سکیں گی اور آپ کو یقیناً وقت پہ کف افسوس ملنا پڑے گا مگر اس وقت کہ جب۔

کع ۔ اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ راقم اثیم کو کتابوں سے دنیوی مفاد اور ٹکے تو چنداں حاصل نہیں ہوئے اور لکھنے کا مقصد بھی یہ نہ تھا جیسا کہ مؤلف مذکور کی بد گمانی ہے۔ البتہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے راقم اثیم کی مدلل اور باحوالہ کتابوں سے ہزاروں لوگ شرک و بدعت سے تائب ہو گئے ہیں۔

(۵) ہمارے دعوی کا مرکزی نقطہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بایں معنی نور تسلیم کرنا جس سے آپ کی بشریت کا انکار لازم آئے یہ عقیدہ غلط ہے اور اس سے نصوص قطعیہ اور احادیث متواترہ کا رد لازم آتا ہے جو بجائے خود کفر ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ) اگر اول ماخلق اللہ نوری کی حدیث صحیح بھی ثابت ہو جائے اور نور سے روح مراد ہو تو چونکہ اس سے نصوص کا رد لازم نہیں آتا اس لیے یہ درست ہے ہم نے تنقید متین میں اس کی تصریح کی ہے جس کو مؤلف مذکور شربت صندل سمجھ کر پی گئے ہیں۔ ہمارے دعوی کا بنیادی نقطہ یہ نہیں ہے کہ اول خلق قلم ہے یا نور محمدی ہے۔ ان میں سے جو نسا بھی اول حقیقی ثابت ہو گیا، دوسرا اضافی ہو جائے گا۔ مگر چونکہ ہماری دانست اور تحقیق کے مطابق اول ماخلق اللہ القلم کی حدیث صحیح اور ثابت ہے۔ اس لیے اس کو محض غیر معصوم اقوال و آراء کی خاطر ترک کر دینا مستحسن بات نہیں۔

حضرت ملا علی القاریؒ نے جو یہ فرمایا کہ ارواح نورانی ہوتی ہیں تو بجا ہے۔ کیونکہ روح کی تعریف عند البعض یہ ہے جسم لطیف ساری بدن الانسان اور دوسرے الفاظ میں یہی جسم لطیف نورانی

لگاتا ہے۔ لیکن اس سے توقف مذکور کو کوئی فائدہ نہیں اور ہمیں کوئی نقصان نہیں کما لا یخفی۔
(ب) امام عبدالرزاقؒ اور امام بیہقیؒ نہ تو شراح حدیث میں ہیں اور نہ انہوں نے اوّل المخلوقات کا اختلاف چھیڑا اور اس پر بحث و تحقیق کی ہے انہوں نے تو بقول آپ کے اعلیٰ حضرت وغیرہ سے صرف اوّل ما خلق اللہ نوری کی حدیث نقل کی ہے جس کی صحت ہی محل نزاع ہے۔
امام قسطلانیؒ اور علامہ زرقانیؒ بلاشبہ اوّل ما خلق اللہ نوری کو نقل کرتے اور بظاہر اس کو ترجیح دیتے ہیں، لیکن یہ دونوں بزرگ سیرت نگار ہیں اور سیرت کی کتابوں میں رطب و یابس سب کچھ ہوتا ہے تحقیق بہت کم ہوتی ہے، چنانچہ آپ کے اعلیٰ حضرت ہی ایک مقام پر مدارج النبوت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ کتاب میں رطب و یابس سب کچھ ہے (احکام شریعت ج ۲ ص۱۲۰) اس لیے ہم نے محققین شراح حدیث اور ارباب تاریخ کی قید لگائی ہے بایں ہمہ یہ بزرگ حتمی طور پر نور کی اولیت ہی کا ذکر نہیں کرتے، بلکہ وہ اوّلیت اضافیہ کو بھی نظر انداز نہیں کرتے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| و روی السدی | اور سدی نے ........... |
| ... باسانید متعددة ان اللہ لم | ... متعدد اسانید سے روایت کیا ہے |
| یخلق شیئاً مما خلق ای من | کہ اللہ تعالیٰ نے جو اشیاء پیدا کی ہیں یعنی |
| جمیع المخلوقات قبل الماء | تمام مخلوقات میں سے پانی سے پہلے کوئی |
| فیجمع بینه و بین ما قبله | چیز نہیں پیدا کی، اس روایت میں اور |
| من حدیثی جابرؓ و ابی رزینؓ | اس سے پہلی روایت میں جو حضرت جابرؓ |
| بان اولیة خلق القلم | اور حضرت ابورزینؓ کی روایتیں ہیں، |
| بالنسبة الی ما عدا النور المحمدی | تطبیق یہ ہے کہ قلم کی اوّلیت خلقت کے |
| والماء والعرش انتہی وقیل | لحاظ سے نور محمدی اور پانی اور عرش کی |
| فی الجمع ایضاً الاولیة فی کل | خلقت کے سوا ہے۔ ان کی بات پوری ہوئی |
| من المذکورات بالاضافة | اور یہ بھی کہا گیا ہے تطبیق کے سلسلہ میں |

| | |
|---|---|
| الی حضرتہ ای اول ما خلق اللہ | کہ اولیت ہر ایک کی ان مذکورہ چیزوں |
| من الانوار نوری الضمیر لہ | میں سے اپنی جنس کی طرف اضافت کے |
| صلی اللہ علیہ وسلم و | اعتبار سے ہے یعنی انواروں میں سب سے |
| کذا یقال فی باقیہا ای واول | پہلے میرا نور پیدا کیا گیا اور ضمیر متکلم آنحضرت |
| ما خلق مما یکتب القلم الذی | صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع |
| کتب المقادیر و اول ما خلق | ہے اور اسی طرح باقی امور کے متعلق کہا گیا |
| مما یصدق علیہ العرش | ہے یعنی قلموں میں سب سے پہلے قلم تقدیر |
| عرش اللہ اذ العرش یطلق | اور تختوں میں سب سے پہلے عرش پیدا |
| علی معان کما فی القاموس لہ | کیا گیا کیونکہ عرش کا اطلاق کئی معانی پر |
| (المواہب مع شرحہ للزرقانی ج ۱ ص ۴۸) | ہوتا ہے جیسا کہ قاموس میں ہے۔ |

اس عبارت میں تصریح ہے کہ امام احمد قسطلانیؒ جو ناقل ہیں اور امام عبدالباقی زرقانیؒ جو شارح ہیں اولیت اضافیہ کو بھی برابر بیان کرتے اور اس کو عملی طور پر ملحوظ رکھتے ہیں اور حضرت ملا علی القاریؒ شراح حدیث میں ہیں اور محقق بھی ہیں اور ان کا حوالہ ہم نے تنقید متین ص ۱۹ میں دیا ہے۔ شیخ عبدالقادر الجزائری تصوفی قسم کے بزرگ ہیں محققین شراح حدیث میں ان کا مقام اور نمبر نہیں ہے اور شیخ عبدالحق دہلویؒ کا حوالہ خود ہم نے تنقید ص ۱۲ میں دیا ہے کہ وہ اس حدیث کو صحیح مانتے ہیں اور صرف یہی دونوں بزرگ ہی شارح حدیث نہیں بلکہ شروح حدیث کی اور بھی بے شمار اور لاتعداد کتابیں موجود ہیں جن کے شارح محقق بھی ہیں۔ لیکن ان کی شروح اس کے ذکر سے خالی ہیں الغرض ہمارے الفاظ محققین شراح حدیث اور ارباب تاریخ کی الفاظ بالکل واضح ہیں اور مؤلف مذکور محققین شراح حدیث سے بجز ہمارے بیان کردہ حوالوں کے اور کوئی حوالہ نہیں پیش کر سکے۔ مگر شیطان مردود ہی اگر کسی کی آنکھوں پر ضد اور تعصب کی پٹی باندھ دے کہ اسے یہ الفاظ نظر ہی نہ آئیں تو اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔

ع گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

(۷) حدیث کی صحت کے لیے سند کی ضرورت ہوتی ہے، امام عبداللہؒ بن المبارکؒ فرماتے ہیں:

الاسناد من الدین ولولا الاسناد لقال من شاء ماشاء۔ سند دین کا حصہ ہے اور اگر سند نہ ہو تو جس شخص کا جو جی چاہے گا وہ کہے گا۔

(مسلم ج ۱ صـ۱۲)

اس لیے جب تک سند اور اس کے رواۃ کی ثقاہت معلوم نہ ہو، حدیث کا کوئی اعتبار نہیں، یہ ٹھیک ہے کہ تشیع اور بدعت کی وجہ سے روایت رد نہیں ہوتی لیکن اگر اہل بدعت کی ایسی روایت ہو جو داعیہ الی البدعت ہو تو پھر اس کی روایت قابل قبول نہیں (ملاحظہ ہو شرح نخبۃ الفکر صـ۷۲ وتدریب الراوی صـ۲۱۷ وغیرہ)

اور ایسا راوی جو داعیہ الی البدعت ہو جب کہ متفرد ہو تو اس کی روایت میں مزید شک پڑ جاتا ہے اور اس روایت میں امام عبدالرزاق متفرد ہیں امام بیہقیؒ ان سے بہت متاخر ہیں ان کی اس روایت کو نقل کرنے سے امام عبدالرزاق کا تفرد رفع نہیں ہوتا جب تک کہ امام بیہقیؒ کی روایت میں امام عبدالرزاقؒ کی بجائے کوئی اور ثقہ راوی نہ ہو اور اس حدیث کے الفاظ بھی بعینہٖ وہی ہوں جو امام عبدالرزاقؒ کی روایت کے ہیں اور اسی طرح علماء کرام کا اپنی عبارت میں اس روایت کو یا اس کے مضمون کو نقل کرنا تفرد کو رفع نہیں کرتا، جیسا کہ کتب اصول حدیث جاننے والوں پر بالکل واضح ہے روایت میں راوی کا تفرد تب ہی رفع ہو سکتا ہے کہ اس راوی کا کوئی اور متابع ہو ورنہ تفرد برقرار رہے گا۔ کما لا یخفی امام ابن خلدونؒ (المتوفی ۸۰۸ھ) فرماتے ہیں کہ عبدالرزاقؒ بن ہمامؒ مشہور شیعہ تھے اور آخر عمر میں نابینا اور مختلط بھی ہو گئے تھے امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں کہ انہوں نے فضائل میں ایسی روایات بیان کی ہیں جن میں ان کی کوئی بھی موافقت نہیں کرتا اور ان کو تشیع کی طرف منسوب کیا گیا ہے (مقدمہ صـ۱۹۳ طبع مصر) اور ہم نے تنقید متین صـ۱۹۱ میں شیعہ کی مشہور و معروف کتاب اصول کافی کے حوالے سے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ کے نور ہونے کا عقیدہ شیعہ کا ہے لہٰذا جب شیعہ راوی ایسی روایت نقل کرے جس میں اس کا عقیدہ مضمر ہو اور ہو بھی وہ منفرد تو

اصول حدیث کے لحاظ سے اس کا کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ اور اسی سے ملتا جلتا مضمون آپ کے اعلیٰ حضرت بھی لکھتے ہیں۔

؎ تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا  تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

(حدائق بخشش حصہ دوم صفحہ ۲)

(۸) کاش کہ مؤلف مذکور تنقید متین صفحہ ۱۳۲ و صفحہ ۱۳۳ میں درج کردہ روایات کا حوالہ دیتے اور ساتھ ہی وہ حوالے بھی نقل کر دیتے کہ یہ روایات باطل اور موضوع ہیں اور ان میں کذاب راوی موجود ہیں تاکہ عوام کو بھی کچھ پتہ چل سکتا کہ تنقید متین میں کون سی روایات کو باحوالہ موضوع اور باطل کہا گیا ہے اور ان کے باطل و موضوع ہونے کا ثبوت کیا ہے؟ مگر مؤلف مذکور نے اپنے بڑوں کی طرح یہاں بھی دجل سے کام لیا ہے اور یہ مجمل جملہ لکھ کر عوام کو مغالطہ میں مبتلا کر رہے ہیں کہ نور محمدی کے اول خلق ہونے کی روایات پر تبصرہ کرتے ہوئے مولوی سرفراز نے کہا ہے کہ ان باطل اور موضوع روایات کے چکر میں پڑ کر الخ حیرت اور افسوس ہے۔ اس دجل و تلبیس پر قارئین کرام سے گزارش ہے کہ وہ تنقید متین کا مطالعہ کریں تاکہ حقیقت بالکل نمایاں ہو جائے۔

مؤلف مذکور کی جہالت اور کوتاہ نظری ملاحظہ فرمایئے کہ ہم نے تنقید متین صفحہ ۱۴۲ میں لکھا ہے کہ اگر نور محمدی کا مطلب روح محمدی ہو تو اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے جیسا کہ شیخ عبدالحق صاحبؒ نے مدارج ج ۲ صفحہ ۲ میں دعویٰ کیا ہے، تو اس معنیٰ کے لحاظ سے اس کا کسی نص سے کوئی تضاد نہیں لہٰذا اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں ہاں اس سے نصوص قطعیہ صریحہ کا رد کرنا اور آپ کی بشریت آدمیت اور انسانیت کا انکار کرنا جیسا کہ بعض اہل بدعت کا وتیرہ ہے۔ قطعاً غلط اور سراسر بے بنیاد ہے اھ آپ اس واضح عبارت کو بھی دیکھیں اور مؤلف مذکور سے حضرت نانوتویؒ کی غیر متعلق عبارت کو نقل کر کے راقم اثیم پر اعتراض کو بھی دیکھیں کہ ان میں کیا ربط اور جوڑ ہے؟ حضرت نانوتویؒ نے کہاں آپ کی بشریت کا انکار کیا ہے اور کس مقام پر آپ کی آدمیت اور انسانیت کا رد کر کے قرآن کریم کی نصوص قطعیہ اور صریحہ کو ترک کیا ہے؟

انھوں نے تو اول مخلوق میں نورِ محمدی تسلیم کیا ہے اور آپ کی ذات کو تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کے لیے موقوف علیہا قرار دیا ہے اور وہ نور کو روح کے معنی میں لیتے ہیں چنانچہ مناظرہ عجیبہ صـ۳۷ کی اسی عبارت میں جس کا کچھ حصہ مؤلف مذکور نے بھی نقل کیا ہے۔ روح پُرفتوح محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اول ما خلق اللہ نوری کو ہم معنیٰ ثابت کر رہے ہیں اور ہم نے بھی تصریح کر دی ہے کہ نور کو روح کے معنی میں لینے سے چونکہ بشریت کا انکار لازم نہیں آتا اور نہ نصوص قطعیہ کا رد لازم آتا ہے اس لیے اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں بالفضلہ تعالیٰ ذُلو سرخیل دیوبند نے نصوص قطعیہ کا انکار کیا ہے اور نہ وہ جہنم کا ایندھن بنتے ہیں، ہاں البتہ آپ کے صدر الافاضل ان الفاظ سے کہ قرآن پاک میں جا بجا انبیاء کرام کے بشر کہنے والوں کو کافر فرمایا گیا اور درحقیقت انبیاء کی شان میں ایسا لفظ ادب سے دور اور کفار کا دستور ہے بلفظہٖ نصوص قطعیہ کا انکار کر کے ضرور دوزخ کا ایندھن بنتے ہیں۔ حضرت نانوتویؒ کا ذکر کر کے آپ نے بلا وجہ اپنے ماؤف دل کی بھڑاس نکالنے کی ناکام سعی کی ہے۔

مؤلف مذکور نے حضرت نانوتویؒ کی عبارت سے جو اُمور اخذ کیے ہیں اور ان کے چار نمبر قائم کیے ہیں۔ ان میں کسی ایک امر کے ساتھ کسی نص کا رد نہیں ہوتا نص (بلکہ نصوص) کا رد صرف اس صورت میں ہوتا ہے جب کہ آپ کی بشریت، آدمیت اور انسانیت کا معاذ اللہ تعالیٰ رد ہو اور حضرت نانوتویؒ کی کسی عبارت سے نصوص کے رد کا ادنیٰ سا اشارہ بھی ثابت نہیں ہوتا ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ نصوص کا رد نورِ محمدی (بمعنیٰ روحِ محمدی) کے تسلیم کرنے سے نہیں ہوتا بلکہ بشریت کے رد کرنے سے ہوتا ہے۔ یہ مؤلف مذکور کی خالص جہالت اور نادانی ہے کہ وہ اول ما خلق اللہ نوری کے تسلیم کرنے سے نصوص کا رد سمجھتے ہیں جب کہ اس کا معنیٰ روح خود ان کی عبارات سے ثابت ہے سہ

دل میں ناصح آئے کیا اپنا خیال  جا سکے کب یار کے مسکن میں ہم

## واسطہ فی العروض کی بحث

مؤلف مذکور نے تحذیر الناس صـ۲۳ کی ایک مختصر سی عبارت نقل کر کے اور حضرت مولانا نانوتویؒ کی مراد

کو نہ پاتے ہوئے اپنی کم فہمی اور تعصب کی وجہ سے مولانا نانوتویؒ کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ باقی حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا معاذ اللہ تعالیٰ منکر قرار دے کر خوب اپنے مریض دل کی بھڑاس نکالی ہے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم بھی اس میں قدرے تفصیل سے کلام کریں۔ حضرت نانوتویؒ یہ فرماتے ہیں کہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت اور رسالت حق ہے پر جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درجہ کا اور کوئی نبی نہیں۔ آپ کی نبوت بالذات (یعنی اولاً اور بالذات) ہے اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت آپ کے طفیل اور آپ کے فیض کا نتیجہ ہے اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کے لیے آپ واسطہ فی العروض ہیں خود حضرت مولانا کی چند عبارات ہم عرض کرتے ہیں غور سے ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) اور نبیوں کی نبوت پر ایمان ہے پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی برابر کسی کو نہیں سمجھتا اھ (مناظرہ عجیبہ ص۵)

(۲) یعنی آپ موصوف بوصف نبوت بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبی موصوف بوصف نبوت بالعرض اوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے پر آپ کی نبوت کسی اور کا فیض نہیں آپ پر سلسلۂ نبوت مختتم ہو جاتا ہے (تحذیر الناس ص۲)

(۳) موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر ختم ہو جاتا ہے جیسے موصوف بالعرض کا وصف موصوف بالذات سے مکتسب ہوتا ہے موصوف بالذات کا وصف جس کا ذاتی ہونا اور غیر مکتسب من الغیر ہونا لفظ بالذات ہی سے مفہوم ہے کسی غیر سے مکتسب اور مستعار نہیں ہوتا مثال درکار ہے تو لیجئے زمین و کہسار اور در و دیوار کا نور اگر آفتاب کا فیض ہے تو آفتاب کا نور کسی اور مخلوق (صفدر) کا فیض نہیں اور ہماری غرض وصف ذاتی ہونے سے اتنی ہی تھی الخ ہم یہ وصف اگر آفتاب کا ذاتی نہیں تو جس کا ہو وہی موصوف بالذات ہوگا اور اس کا نور ذاتی ہوگا کسی اور سے مکتسب اور کسی اور کا فیض نہ ہوگا۔ اھ (تحذیر الناس ص۳)

(۴) مگر ظاہر ہے کہ اس صورت میں فرد اکمل وہ واسطہ فی العروض ہوگا جو اپنے معروضات کے

حق میں موصوف بالذات ہوتا ہے۔ اگرچہ کسی اور کی نسبت وہ بھی معروض ہو جیسے آئینہ وقت نور افشانی در و دیوار اگر در و دیوار کی نسبت واسطہ فی العروض اور موصوف بالذات ہے تو آفتاب کی نسبت خود معروض ہے۔ (تحذیر الناس ص۱۵)

(۵) وجود ممکنات بالذات اور ذاتی نہیں بالعرض ہے اور وہ بالذات جو ہر بالعرض کے لیے چاہیے یہاں وہ وجود ہے جو ذات بحت سے صادر ہوا ہے اور اس وجہ سے اس کو لازم ذات خداوندی کہنا ضرور ہے اور اسی کو محققین صوفیاء کرام صادر اول اور وجود منبسط اور نفس رحمانی کہتے ہیں۔ اس وجود کو تو عین ذات کوئی نہیں کہتا اھ (مناظرہ عجیبہ ص۔۔)

(۶) بہرحال موصوف بالذات تو تمام موصوفین بالعرض سے موجود فی الخارج ہوں یا مقدر الوجود افضل ہوتا ہے اور سوا اس کے اور کسی کی افضلیت ایسی عام اور اکمل اور مطلق نہیں ہوتی اھ (مناظرہ عجیبہ ص۔۔)

(۷) اور انبیاء کی نبوت تو آپ کی نبوت کا پر تو ہے پر آپ کی نبوت پر قصہ ختم ہو جاتا ہے اور اس بات کو آپ کے دین کا ناسخ الادیان ہونا اسی طرح لازم ہے جیسے آفتاب کے نور کا اور انوار کو محو کر دینا الخ (تصفیۃ العقائد ص۳)

(۸) اور نیز یہ بھی ہر کوئی سمجھ گیا ہوگا کہ واسطہ فی العروض حقیقی دربارہ وجود کیسے یا کسی اور صفت وجودی کی نسبت کیسے سوائے موجود مطلق خداوند برحق کے اور کوئی نہیں آخر اپنے وجود کا حال کون نہیں جانتا کہ عرضی ہے ذاتی نہیں، ورنہ ہمیشہ سے ہوتا اور ہمیشہ رہتا یہ عیب حدوث اور داغ احتیاج ہی کیوں ہمارے نام لگتا اور جب وجود عرضی ہے تو صفات وجود یہ تمامہا پہلے عرضی ہوں گی اور اس تقریر سے کیفیت ارتباط عالم بھی اپنے خالق کے ساتھ کسی قدر محقق ہو گئی اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ سوا اس کے اور کسی کو اگر واسطہ فی العروض کہتے ہیں تو بایں معنی کہتے ہیں کہ صفت متوسط فیہا خالق سے اول وہی لیتا ہے اور سوا اس کے اوروں کو اس کے واسطے سے پہنچتی ہے بایں ہمہ ایک وصف اعنی ایک حصہ اس کا مثل واسطہ فی العروض حقیقی دونوں میں مشترک ہوتا ہے اھ (آب حیات ص۲۲۲)

(۹) بالجملہ آیت النبی اولیٰ بالمؤمنین من انفسہم بشرط فہم مثل
آفتاب نیم روز اہل نظر کے لیے اس بات پر شاہد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
منشاء وجود ارواح مؤمنین ہیں اور مابین روح نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ارواح مؤمنین وہ
رابطہ اور ارتباط ہے کہ منشاء انتزاع اور انتزاعیات میں ہوا کرتا ہے اور چونکہ بشہادت
تقریرات گذشتہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ انتزاع من بین الشیئین ہوا کرتا ہے، چنانچہ لفظ
انتزاع ہی خود اس بات پر شاہد ہے کہ شئے ثانی کے لیے دربارۂ اتصاف روحانیت روح
نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واسطہ فی العروض ہوگی کیونکہ منشاء انتزاع موصوف بالذات ہوا
کرتا ہے اور موصوف بالذات ہی واسطہ فی العروض ہوا کرتا ہے، مگر ہاں اس بات کو سمجھنا کہ
موصوف بالذات ان دونوں میں سے کون سا ہے۔ ہر کسی کا کام نہیں اہل افہام متوسط بسا
اوقات موصوف بالعرض کو موصوف بالذات اور موصوف بالذات کو موصوف بالعرض سمجھ لیتے
ہیں، چنانچہ انتزاع فوقیت و تحتیت میں اکثر یہی ہوتا ہے اھ (آب حیات ص۱۲۸)

(۱۰) سو واسطہ فی العروض ہونے کی پوری پوری صفت تو خداوند کریم ہی میں ہے، چنانچہ اوپر
مرقوم ہو چکا اور اس وجہ سے اس کو مالک حقیقی سمجھنا چاہیے۔ دوسرے رتبہ میں رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مالکیت سمجھیے کیونکہ اول تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محققین
کے نزدیک وسیلہ تمام فیوض اور واسطہ فی العروض تمام عالم کے لئے ہیں۔ چنانچہ آپ کے لیے
مقام وسیلہ کا ملنا بھی عقل کے نزدیک اسی طرح مشیر ہے۔ والعاقل تکفیہ الاشارۃ اور یہاں سے
سمجھ میں آتا ہے کہ عجب نہیں جو روایت لولاک لما خلقت الافلاک صحیح ہو کیونکہ اس
کا مضمون صحیح ہی معلوم ہوتا ہے اھ (آب حیات ص۱۸۲) تلک عشرۃ کاملۃ۔

حضرت نانوتوی کی ان عبارات اور اقتباسات سے یہ بات معلوم ہو گئی کہ حضرات انبیاء
کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام ارواح مؤمنین بلکہ تمام عالم کے لیے آپ وسیلہ فیض اور واسطہ
فی العروض ہیں اور یہ وہی چیز ہے جس کو مؤلف مذکور نے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی
کے حوالہ سے یوں نقل کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| بدانکہ اول مخلوقات و واسطہ صدور کائنات و واسطہ خلق عالم و آدم نور محمد است صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چنانچہ در حدیث صحیح وارد شدہ کہ اول ما خلق اللہ نوری و سائر مکونات علوی و سفلی ازاں نور و ازاں جوہر پاک پیدا شدہ اھ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲) | جان لو کہ اول مخلوقات اور واسطۂ خلق عالم آدم نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جیسا کہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا کیا اور باقی تمام کائنات علوی و سفلی اس نور سے پیدا ہوئی (یعنی نور کے فیض سے نہ یہ کہ نور ان کا مادہ تھا جیسا کہ بعض جاہل سمجھتے ہیں۔ صفدر) |

(توضیح البیان ص ۱۶۲)

غرضیکہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام (بلکہ تمام جہان) کے لیے جو واسطہ فی العروض کہا ہے تو اس میں انہوں نے کسی نص یا حضرات سلف صالحینؒ میں سے کسی محقق کے قول کی قطعاً کوئی خلاف ورزی نہیں کی اور اسی طرح آپ کی ذات کو تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے لیے موقوف علیہا کہنا اور نیز آپ کی نبوت کا بالذات اور باقی حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا بالعرض کہنا اس تفصیل کے ساتھ جو خود ان کی اپنی عبارات میں گزر چکی ہے بالکل صحیح ہے اور اسی طرح ہمارے بھی کسی بیان کا حضرت نانوتویؒ کی کسی عبارت سے ہرگز کوئی تضاد و تعارض نہیں جیسا کہ کسی بھی عقل مند اور باانصاف پر یہ بات ہماری عبارات کے پیش نظر مخفی نہیں ہے باقی ضدی اور متعصب کے لیے اس جہان میں کسی کے پاس کوئی علاج نہیں ہے ؎

صد حیف کہ وہ سن کے بھی ہوئی تقریر بے جا　　کرتا ہوں میں سوز غم پنہاں کی شکایت

## دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا انکار (معاذ اللہ تعالیٰ)

تو مؤلف مذکور نے منطق و معقول کی ایک واضح اصطلاح سے لاعلمی کی بنا پر اپنے بڑوں کی تقلید کرتے ہوئے یہ مسئلہ شوشہ بھی چھوڑا ہے کہ اگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت

بالذات ہے اور دوسرے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت بالعرض ہے اور آپ اُن کی نبوت کے لیے واسطہ فی العروض ہیں تو دوسرے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے نبوت کی نفی بھی درست ہے ، جیسا کہ کشتی میں سفر کرنے والا حقیقۃً متحرک نہیں ، متحرک تو صرف کشتی ہے ، مسافر کو مجازی طور پہ متحرک ہے اور اس سے حرکت کی نفی درست ہے تو اس لحاظ سے اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے نبوت کی نفی صحیح ہوگی ، حالانکہ ان کی نبوت کا انکار کفر ہے جس سے قرآن پاک کی صدہا آیات کا انکار لازم آتا ہے اور اس کی بنیاد آپ کو موقوف علیہا اور واسطہ فی العروض کہنا ہے (محصلہ توضیح البیان ص۱۲ و ص۶۹)

سو جواباً گزارش ہے کہ مؤلف مذکور خود خبط کا شکار ہیں واسطہ فی العروض میں وصف کی نفی بالذات کی ہوتی ہے نہ کہ وصف بالعرض کی جالس فی السفینہ سے حرکت کی نفی نہیں بلکہ بالذات حرکت کی نفی ہے اور جالس فی السفینہ متحرک بالعرض ہوتا ہے ، اس سے اس کی نفی نہیں ہوتی لہٰذا دوسرے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بالعرض نبوت کی نفی ہرگز درست نہیں ہے ۔ ہاں بالذات کی نفی ضرور ہے ۔ لیکن بالذات نبوت تو ان کے لیے ثابت ہی نہیں ہے کہ نفی سے کوئی محذور لازم آئے ؟ ان کی نبوت تو آپ کے فیض کا ثمرہ ہے ۔ مؤلف مذکور کا یہ شوشہ بھی ان کے بے خبر دماغ کی پیداوار نہیں ، بلکہ یہ شوشہ مولانا عبد العزیز صاحب امروہوی کا ہے ۔ جو جوابات محذورات عشرہ الموسوم بمناظرہ عجیبہ میں محذور ثالث میں مع جواب کے مذکور ہے ، چنانچہ اعتراض کا ایک حصہ یہ ہے ۔ اگرچہ نسبت وصف کی طرف ذی واسطہ کے ایجاباً مجازاً کرتے ہیں مگر حقیقت سلب کرتے ہیں پس لازم آیا کہ انبیاء موصوفین بالعرض عاری عن النبوت مثل ممکنات عاری عن الوجود کے ہوں اور سلب نبوت کا حقیقۃً ان سے درست ہوا ہے (مناظرہ عجیبہ ص۹)

اس سوال اور شوشہ کا جواب دیتے ہوئے حضرت مولانا نانوتوی ارقام فرماتے ہیں کہ خلاصہ اعتراض اول تو یہ ہے کہ انبیاء باقی سے سلب نبوت ذاتی یعنی بالذات لازم آئے گا اس کا جواب تو فقط اتنا ہے کہ یہ اعتراض تو اور انبیاء کے نبی بالذات ہونے پر موقوف ہے اگر اعتراض کرنا تھا تو پہلے اس مقدمہ کو دکھا دو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت بالذات

ہے۔ آپ کے طفیل فیض اور واسطہ سے نہیں۔ صفدر ثابت کرنا تھا سو یہ مقصد بحمد آپ سے ثابت ہو اتو ہو انشاء اللہ تعالیٰ اھ (مناظرہ عجیبہ ص ۵۲) اب مؤلف مذکور اور ان کے بزعم خویش لائق، قابل اور محقق استاذ ہی یہ مقصد ثابت کر دکھائیں کہ باقی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت بالذات ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فیض اور واسطہ فی العروض ہونا اس میں نہیں ہے۔ اگر ایسا ثابت کردیں تو پھر اعتراض بجا ہوگا ورنہ مردود ہے اور انشاء اللہ العزیز یہ ثابت نہیں سکتے۔

باقی قرآن کریم کی آیت کریمہ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ اور علامہ ابو السعودؒ کی تفسیر سے حضرت مولانا نانوتویؒ ہرگز مخالف نہیں کیونکہ حضرت نانوتویؒ قرآن کریم کی آیت مذکورہ اور اس کی تفسیر کی روشنی میں حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نفس نبوت میں قطعاً کوئی فرق نہیں کرتے سب کو نبی تسلیم کرتے ہیں۔ ہاں اوصاف مخصوصہ کے فرق کو ضرور ملحوظ رکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصف نبوت سے بالذات متصف ہیں اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام وصف نبوت سے بالعرض موصوف ہیں جیسا کہ علامہ ابو السعودؒ کی تفسیر میں ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو لا نفرق الآیۃ اور علامہ ابو السعودؒ سے اس کی تفسیر نقل کر کے مغالطہ دینا جیسا کہ مؤلف مذکور نے کیا ہے اہل علم کی شان سے کوسوں دور ہے مگر اہل بدعت کو اس سے کیا انہیں تو علماء دیوبند کثر اللہ تعالیٰ جماعتہم سے عوام کالانعام کو متنفر کرنے کے لیے کوئی بھی حربہ اور شوشہ درکار ہے ؎

نئی کچھ نہیں ان کی جاں بازیاں     یہی کھیل ان کا لڑکپن سے ہے

الغرض حضرت مولانا نانوتویؒ نہ تو کسی ایسی چکر میں مبتلا ہوئے ہیں اور نہ کسی نص قطعی اور خبر متواتر کی کوئی تاویل انہوں نے کی۔ یہ عمدہ جلیلہ آپ کے صدر الافاضل کو ہی حاصل ہے کہ وہ آپ کی بشریت کا اس عبارت میں انکار کر کے صدہا نصوص اور احادیث متواترہ اور اجماع امت کے منکر ہو کر دوزخ کا ایندھن بنے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک مسلمان کو اس

دوزخ سے بچائے آمین رہا مؤلف مذکور کا یہ شوشہ کہ مولانا نانوتوی نے تحذیر الناس میں ظلی اور بروزی نبوت کا راستہ دکھا کر مرزا غلام احمد کو دعوی نبوت پر آمادہ کیا ہے علماء دیوبند آج تک مرزائیوں کے اس استدلال سے جان نہیں چھڑا سکے۔ فیصلہ تو یہ محض ان کی لاعلمی اور جہالت کا پلندہ ہے۔ اس مسئلہ پر دیگر علماء کرام نے جو کچھ لکھا ہے وہ اپنی جگہ پر ہے۔ راقم اثیم نے بھی بانی دارالعلوم دیوبند اور عبارات اکابر حصہ اول میں بقدر ضرورت اس کی بحث کر دی ہے جب اس کا فریق مخالف کی طرف سے کوئی معقول جواب آئے گا، تو بشرط زیست پھر دیکھا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ ورنہ کوئی اور ڈھ کھڑا ہوگا کیونکہ یکل فرعون موسیٰ مشہور مقولہ ہے ؎

جسے آپ گنتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا — میں وہی ہوں مومن مبتلا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

## تیسرا اعتراض

مولوی غلام رسول سعیدی صاحب اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضرت جابرؓ کی اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد مولوی اشرف علی تھانویؒ نے ف فائدہ کا عنوان قائم کیا کہتے ہیں ف اس حدیث سے نور محمدی کا اول الخلق ہونا باولیت حقیقیہ ثابت ہوا کیونکہ جن جن اشیاء کی نسبت روایات میں اولیت کا حکم آیا ہے۔ ان اشیاء کا نور محمدی سے متأخر ہونا اس حدیث میں منصوص ہے۔ انتہی نشر الطیب صٓ !

## حضرت تھانویؒ اور حدیث نور

مؤلف مذکور یہاں بھی جہل مرکب کا شکار ہیں اور لاعلمی میں کچھ نہ کچھ ہانک دیتے ہیں۔ تھانوی صاحب کا حوالہ بھی ان کو مفید نہیں، اس لیے کہ حضرت جابرؓ کی حدیث کے بارے ہم نے صرف اصولی طور پر اس کی صحت پر باحوالہ کلام کیا ہے کہ اس کی سند معلوم نہیں اور اس کا ظاہری مضمون صحیح احادیث کے خلاف ہے۔ اس کو ہم نے قطعی طور پر باطل اور موضوع تو نہیں کہا جیسا کہ مؤلف مذکور دجل کا ثبوت دے رہے ہیں۔ حضرت ملا علی القاریؒ لکھتے ہیں کہ ولا یلزم من عدم الصحت وجود الوضع کما لا یخفی (موضوعات کبیر ص۱۱۹) اور مولانا عبد الحیؒ فرماتے ہیں لا یصح لا یلزم منہ ان یکون باطلا الخ (الآثار المرفوعہ لمولانا عبد الحی ص۳۳) عدم صحت سے اس کا موضوع ہونا لازم نہیں آتا۔

جیسا کہ مخفی نہیں، عدم صحت سے اس کا باطل ہونا لازم نہیں آتا۔ وثانیاً اس حدیث جابرؓ پر بحث کرنے کے بعد فائدہ کے عنوان سے لکھا ہے کہ اور بھی متعدد الفاظ آپ کے نور ہونے کے مضمون کے مروی ہیں۔ آگے ہم نے اس مضمون کی بعض حدیثوں کا حوالہ دیا ہے اور با حوالہ ان کا باطل اور موضوع ہونا ثابت کیا ہے۔ اس ساری بحث کو مؤلف مذکور شیر مادر سمجھ کر ہڑپ کر گئے ہیں۔

وثالثاً حضرت جابرؓ کی مذکور حدیث کے بارے میں باوجود علمی اور اصولی بحث کے ہم نے لکھا ہے کہ اگر نور سے روح مراد ہو تو اس معنی کے لحاظ سے اس کا کسی نص سے کوئی تضاد نہیں، لہٰذا اس کے ماننے میں کوئی حرج نہیں الخ اور ہم نے حضرت تھانویؒ کا حوالہ دیا ہے کہ وہ اس معنی میں اس کو تسلیم کرتے ہیں اور ہم نے اس معنی میں نور کو اول حقیقی تسلیم کیا ہے، کیونکہ اس سے کسی نص کی مخالفت لازم نہیں آتی ہماری اس تصریح کے ہوتے ہوئے مؤلف مذکور کا یہ لکھنا کہ آپ کسی طور اول حقیقی نہیں مانتے، سفید جھوٹ اور خالص افترا ہے اور بفضلہ تعالیٰ جب راقم اثیم اور حضرت تھانویؒ کی بات ایک ہی ہے اور خالص علمی ہے تو ہم میں سے کسی کی جہالت کا کیا سوال؟ حضرت تھانویؒ اپنی جگہ علم و معرفت کے پہاڑ اور راقم اثیم ان کی پیروی اور خوشہ چینی کرنے والا ایک ادنیٰ طالب علم ہے جب دونوں کی بات میں کوئی تضاد اور تخالف نہیں تو آپ بیچ میں صلح صفائی کرنے والے بندر بانٹ کا نمونہ کون ہیں؟

حضرت شاہ عبد العزیز صاحب تحریر فرماتے ہیں در عالم ارواح اول کسے کہ پیدا شد ایشاں بودند (تفسیر عزیزی پارہ نمبر ۳ ص ۲۱۹) یعنی عالم ارواح میں سب سے پہلے جو پیدا ہوئے، وہ آپ ہی تھے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، و رابعاً ہم نے اس کی تصریح کی ہے کہ آپ کو اگر اس طرح نور تسلیم کیا جائے جس سے آپ کی بشریت آدمیت اور انسانیت کا انکار ہوتا ہو تو اس سے نصوص قطعیہ اور صریحہ کو رد لازم آتا ہے اور حضرت تھانویؒ نے اپنی لا تعداد کتابوں میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشریت کو واضح الفاظ میں ثابت کیا ہے۔ ہم یہاں صرف نشر الطیب ہی کا حوالہ عرض کرتے ہیں۔

حضرت تھانویؒ لکھتے ہیں نکتہ چہارم چونکہ آپ بھی بشریت میں مادیت میں عنصریت

ہیں امت کے ساتھ شریک ہیں اور بعض امور زائدہ مثل کثرت مال وغیرہ میں اوروں کے ساتھ مساوی بھی نہیں الخ (نشر الطیب صفحہ ۱۲۵ طبع جید برقی پریس دہلی) الحاصل حضرت تھانوی رح نے آپ کی بشریت کا معاذ اللہ تعالیٰ انکار نہیں کیا) البتہ ایک نامعلوم سند سے روایت کا حوالہ دے کر اس کا ایسا معنی بیان کرتے ہیں جو علامہ خفاجیؒ اور حضرت ملا علی القاریؒ وغیرہ بزرگ بیان کرتے ہیں جو نصوص قطعیہ کے عین مطابق ہے اور بفضلہ تعالیٰ وہ جنت کے وارث ہیں آپ اپنی اور اپنے صدر الافاضل کی فکر کیجئے جن کی خاطر تعصب اور ضد میں آکر آپ بے جا تاویلیں بھی کرتے ہیں اور دوسروں پر خالص جھوٹ بھی بولتے ہیں اور اہل علم کی عبارات سمجھنے سے بھی یکسر قاصر ہیں اور جہل مرکب کا خالص مجسمہ ہیں مگر اپنی جماعت سے داد تحسین حاصل کر لے اور محقق اور مدقق کے القاب حاصل کر رہے ہیں فوا اسفا و یا للعجب حضرت نانوتوی رح اور حضرت تھانویؒ وغیرہ بزرگ تو بقول علامہ اقبالؒ اس کا مصداق ہیں؟

یہ غازی یہ تیرے پُر اسرار بندے — جنہیں تو نے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا — سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی (ضربِ کلیم)

دلیل نمبر (۳) جواہر البحار ج ۲ ص ۲۲۶ پر ہے۔

وردفی حدیث عائشة رضی الله تعالیٰ عنہا انہا کانت مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی فراشه فی لیلة ظلمة فسقط من یدها ابرة الی الارض فکشفت عن وجه صلی الله علیه وسلم فوجدتہا بنور جبینه فرفعتہا

حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں ہے کہ ایک اندھیری رات کو وہ حضور کے ہمراہ بستر پر تھیں اچانک ان کے ہاتھ سے سوئی زمین پر گر گئی پس وہ حضور کے چہرہ انور سے ظاہر ہوئی اور ام المومنینؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی کے نور سے اس سوئی کو پایا اور اٹھایا۔

یہ حدیث نقل کرنے کے بعد مولوی غلام رسول سعیدی صاحب نے ملا علی القاریؒ اور

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے حوالے بھی ذکر کیے ہیں ہم یہاں پر ان کا خلاصہ ذکر کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

ملا علی القاریؒ تحریر فرماتے ہیں کہ

بعض محققین نے بیان فرمایا کہ ہمارے نبی علیہ السلام کا جمال غایت کمال میں تھا۔ روایات سے ثابت ہے کہ آپ کی صورت کا نور دیوار پر منعکس ہوتا تھا اور وہ دیوار آئینے کی طرح آپ کی صورت نور کی حکایت کرتی تھی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے جمال کو صحابہؓ کی نگاہوں سے بھی مستور رکھا کیونکہ اگر ان پر مکمل جمال ظاہر ہو جاتا تو وہ آپ کو دیکھنے کی تاب نہ لا سکتے۔

(جمع الوسائل صفحہ ۲) شاہ ولی اللہؒ شاہ عبدالرحیمؒ سے حکایت کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ شاہ عبدالرحیمؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضور کی زیارت سے مشرف ہوا اور آپ سے سوال کیا کہ جمال یوسف سے زنانِ مصر نے انگلیاں کاٹ لیں، آپ کے جمال سے کسی نے انگلیاں نہ کاٹیں، آپ نے فرمایا کہ اللہ نے غیرت کی وجہ سے میرے جمال کو لوگوں کی نگاہوں سے مستور رکھا (انفاس العارفین صفحہ ۴۹)

نیز ملا علی القاری فرماتے ہیں کہ

بہر کیف نبی علیہ السلام کا نور شرقاً و غرباً غایت ظہور میں ہے اور جس کو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا، وہ آپ کا نور ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی کتاب میں نور سے موسوم فرمایا۔ (موضوعات کبیر صفحہ ۸۶)

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ وَ اَنْزَلْنَا اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا کی تقریر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہم اَنْزَلْنَا سے بھی رسول مراد لے سکتے ہیں، چنانچہ ایک اور مقام پر ہے قَدْ اَنْزَلْنَا اِلَیْکُمْ ذِکْرًا رَّسُوْلًا۔ رسولاً بدل بطور تفسیر ہے ذکراً سے یہاں بھی اَنْزَلْنَا کا مفعول رسول واقع ہوا ہے۔ پس اس سے بھی تفسیر مختار پر کوئی غبار نہیں رہا۔ (النور صفحہ ۲۱)

نیز ملا علی القاریؒ ایک دوسرے مقام پر تحریر فرماتے ہیں کہ

نبی علیہ السلام چاند سے زیادہ حسین ہیں کیونکہ آپ کا نور آفاق اور انفس دونوں میں

ظاہر ہے اور صوری اور معنوی دونوں قسم کے کمالات کے جامع ہیں بلکہ حقیقت میں ہر چیز آپ کے نور سے پیدا ہوئی اسی طرح اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ میں مَثَلُ نُوْرِہٖ کی تفسیر نور محمد کے ساتھ کی گئی ہے۔ پس نبی علیہ السلام کا نور ذاتی ہے جس کا دن رات میں کسی وقت بھی انفکاک نہیں ہوتا اور چاند کا نور مکتسب و مستعار ہے کبھی کم ہو جاتا ہے اور کبھی گہن لگنے سے مسلوب ہو جاتا ہے اور دن کے اجالوں میں ماند پڑ جاتا ہے۔ سعیدی، (توضیح البیان صفحہ ۱ تا صفحہ ۲)

**الجواب** مؤلف مذکور نے یہ جتنی کاوش کی ہے بالکل بے سود ہے اولاً اس لیے کہ حضرت عائشہؓ کی جس روایت میں سوئی ملنے کا ذکر ہے، وہ باطل اور موضوع ہے حضرت مولانا عبد الحی لکھنوی اپنی کتاب الآثار المرفوعۃ فی الاخبار الموضوعۃ میں گھڑی ہوئی اور جعلی روایات (مختلفہ موضوعہ صفحہ ۱۶۷) کی مد میں لکھتے ہیں۔

ومنہا ما یذکرہ الوعاظ عند ذکر الحسن المحمدی انہ فی لیلۃ من اللیالی سقطت من ید عائشۃؓ ابرۃ ففقدت فالتمستہا ولم تجد فضحك النبی صلی اللہ علیہ وسلم و خرجت لمعۃ اسنانہ فاضآءت الحجرۃ ورأت عائشۃؓ بذالك الضوء ابرۃ وھٰذا وان کان مذکورًا فی مدارج النبوۃ و غیرہ من کتب السیر لجا معہ للرطب والیابس فلا یستند بکل

اور ان جعلی روایتوں میں وہ روایت بھی ہے جس کو واعظ حسن محمدی کے ذکر میں بیان کرتے ہیں کہ ایک رات حضرت عائشہؓ کے ہاتھ سے سوئی گر گئی اور وہ گم ہو گئی اور انھوں نے اس کو تلاش کیا مگر نہ ملی اتنے میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے اور آپ کے دانتوں سے نور کی ایک شعاع نکلی جس کے ذریعہ حجرہ روشن ہو گیا اور اس روشنی کی وجہ سے حضرت عائشہؓ نے سوئی دیکھ لی اور یہ اگرچہ مدارج النبوۃ وغیرہ سیرت کی کتابوں میں جن میں رطب و یابس سب کچھ ہوتا ہے

ما فيها الزوائد والمناكير لكنه لم يثبت رواية ودراية انتهى (الآثار المرفوعة في الأخبار الموضوعة ص ۲۷۵)

مذکور ہے لیکن ان میں درج شدہ ہر چیز سے صرف وہی استناد کرے گا جو سویا ہوا ہو یا اونگھ رہا ہو مگر یہ روایت روایۃً اور درایۃً ثابت نہیں۔

ایسی جعلی اور من گھڑت روایت سے جو نہ روایۃً ثابت ہے اور نہ درایۃً مؤلف مذکور کو کیا فائدہ ہے۔ مولانا سید سلیمان ندویؒ اس روایت کے بارے لکھتے ہیں یہ بالکل جھوٹ ہے (سیرت النبی ج ۳ ص ۱۶۶) ثانیاً یہ روایت بخاری اور مسلم وغیرہ کی صحیح روایت کے خلاف ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ۔

كنت أنام بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجلاي في قبلته فإذا سجد غمزني فقبضت رجلي وإذا قام بسطهما قالت والبيوت يومئذ ليس فيها مصابيح (بخاری ج ۱ ص ۵۶ ومسلم ج ۱ ص ۱۹۸)

میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے سویا کرتی تھی اور میرے دونوں پاؤں آپ کے قبلہ کی طرف ہوتے تھے جب آپ سجدہ کرتے تو مجھے دباتے تو میں اپنے پاؤں سمیٹ لیتی اور جب آپ کھڑے ہو جاتے تو میں پاؤں پھیلا لیتی اور گھروں میں اس زمانہ میں چراغ نہیں ہوتے تھے

امام نوویؒ لیس فیہا مصابیح کی شرح میں لکھتے ہیں کہ

أرادت به الاعتذار تقول لو كان فيها مصابيح لقبضت رجلي عند إرادة السجود ولما أحوجته إلى غمزي انتهى (شرح مسلم ج ۱ ص ۱۹۸)

حضرت عائشہؓ لیس فیہا مصابیح کے جملے سے عذر پیش کرتی ہیں اور فرماتی ہیں کہ اگر گھر میں چراغ ہوتے تو آپ کے سجدہ کے وقت میں پاؤں خود سمیٹ لیتی اور آپ کو مجھے دبانے کی ضرورت پیش نہ آتی۔

اور علامہ عینی الحنفیؒ لکھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| والمعنى لو كانت المصابيح | مطلب یہ ہے کہ اگر چراغ ہوتے تو آپ |
| لقبضت رجلي عند ارادته | کے سجدہ کے وقت میں پاؤں خود سمیٹ لیتی |
| السجود و لما احوجته الى | اور آپ کو میرے بدن کے دبانے کی |
| غمزي (عمدة القاری ج ۴ ص ۲۲۸) | حاجت نہ پڑتی۔ |

ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کی یہ صحیح روایت اس بات کی واضح اور روشن دلیل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی موجودگی میں بھی حجرہ میں اندھیرا رہتا تھا اور جب آپ رات کو نماز پڑھتے اور چراغ نہ ہوتا تو آپ اپنے ہاتھ مبارک سے حضرت عائشہؓ کا بدن دباتے تاکہ وہ اپنے پاؤں سمیٹ لیں اور آپ سجدہ کر سکیں اور بقول امام نوویؒ اور علامہ عینیؒ یہ اس لیے ہوتا تھا کہ گھروں میں چراغ نہیں ہوتے تھے اور اندھیرے کی وجہ سے آپ کو دبانے کی یہ زحمت گوارا کرنا پڑتی تھی، ورنہ حضرت عائشہؓ صدیقہ آپ کو یہ تکلیف نہ دیتیں۔ اگر آپ کے نور کی روشنی ہوتی تو اس روشنی کی وجہ سے وہ خود بخود اپنے پاؤں سمیٹ لیتیں اور کسی بھی صاحب بصیرت پر یہ مخفی نہیں کہ آپ کے گھر میں اجالا چراغ جلتا تھا، اگر گھر میں آپ کے نور کی روشنی ہوتی تو چراغ جلانے کی کیا ضرورت تھی؟ رہا حضرت ملا علی القاریؒ کی جمع الوسائل کے حوالہ سے جو استدلال مؤلف مذکور نے کیا ہے، وہ غلط ہے اس لیے کہ ملا علی القاریؒ اس روایت کا حوالہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں علی ماروی ان صورتہ الخ جیسا کہ روایت کیا گیا ہے یہ روایت کس کتاب میں ہے؟ اس کی سند کیا اور کیسی ہے؟ اس کا کچھ پتہ نہیں تو ایسی مجہول السند اور بے ثبوت روایت سے استدلال کا کیا معنی؟ مؤلف مذکور کی دیدہ دلیری اور دجل ملاحظہ کیجیے کہ وہ علی ماروی کا معنی کرتے ہیں۔ روایات سے ثابت ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور یہ ایک ثابت حقیقت ہے کہ عقائد باطلہ اور اعمال بدعیہ دجل اور تلبیس کے سوا ثابت ہی نہیں ہوتے اور نہ ہو سکتے ہیں۔ یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ حضرت ملا علی القاریؒ نے مرقات میں پہلے یہ تحریر فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| قال ابن حجر اختلف الروایات | ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اول مخلوقات کے |

| | |
|---|---|
| فی اول المخلوقات وحاصلها | بارے میں روایات مختلف ہیں اوران |
| کما بینتُها فی شرح شمائل | کا حاصل جیسا کہ میں نے شرح شمائل الترمذی |
| الترمذی ان اولها النور | میں بیان کیا ہے یہ ہے کہ اول وہ نور |
| الذی خلق منه علیه الصلوٰة | ہے جس سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم |
| والسلام ثم الماء ثم العرش | علیہ وسلم پیدا ہوئے پھر پانی اور پھر |
| الخ (مرقات ج۱ ص۱۴۶) | عرش ہے۔ |

اس سے دو باتیں ثابت ہوئیں ایک بات تو یہ کہ اس مقام میں وہ وثوق سے اول المخلوقات نور محمدی لکھتے ہیں اور دوسری یہ کہ جمع الوسائل شرح شمائل الترمذی انھوں نے مرقات سے پہلے تصنیف فرمائی ہے جس کا حوالہ وہ مرقات کی اس عبارت میں دے رہے ہیں۔ اس کے بعد وہ مرقات میں لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| ثم رأیت فی الدر المنثور نقلاً | پھر میں نے درمنثور میں حضرت ابن عباسؓ سے |
| عن ابن عباسؓ ان اول شئی | منقول یہ روایت دیکھی کہ سب سے پہلے |
| خلقه الله القلم فقال له | اللہ تعالیٰ نے جو چیز پیدا کی وہ قلم ہے |
| اکتب فقال یارب وما اکتب | اور اس سے فرمایا لکھ اس نے کہا اے |
| قال اکتب القدر یجری من | میرے رب میں کیا لکھوں؟ فرمایا کہ آج |
| ذلک بما هو کائن الی ان | سے لے کر قیامت قائم ہونے تک جو تقدیر |
| تقوم الساعة ثم طوی الکتب | جاری ہے لکھ پھر صحیفہ لپیٹ دیا اور |
| ورفع القلم رواه البیهقی | قلم اٹھالی اور اس کو امام بیہقیؒ وغیرہ نے |
| وغیره والحاکم وصححه | روایت کیا اور امام حاکمؒ نے بھی اور اس |
| وفی الدرایة عن ابی هریرةؓ | کو صحیح کہا ہے اور درمنثور میں حضرت ابوہریرہؓ |
| قال سمعت رسول الله صلی الله | سے ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم |
| علیه وسلم یقول ان اول شئی | سے سنا آپ نے فرمایا کہ سب سے پہلے |

خلق الله القلم ثم النور و
هي الدواة الى ان قال وروى ان
اول ما خلق الله العقل وان
اول ما خلق الله نوري وان
اول خلق الله روحي وان اول
ما خلق الله العرش والاولية
من الامور الاضافية فيؤول
ان كل واحد مما ذكر قبل
ما هو من جنسه فالقلم خلق
قبل جنس الاقلام ونوره
قبل الانوار والا فقد ثبت
ان العرش قبل خلق السموات
والارض فتطلق الاولية على
كل واحد بشرط التقييد
فيقال اول المعاني كذا واول
الانوار كذا ومنه قوله اول
ما خلق الله نوري وفي رواية
روحي ومعناهما واحد فان
الارواح نورانية اي اول ما
خلق الله من الارواح روحي
اه (مرقات ج ۱ ص ۱۶۱)

اللہ تعالیٰ نے قلم پھر دوات پیدا کی الخ پھر
فرمایا، اور یہ بھی روایت کی گئی ہے کہ سب
سے پہلے اللہ تعالیٰ نے عقل پیدا کی ہے
اور یہ بھی سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا
نور پیدا کیا ہے اور یہ بھی سب سے پہلے
اللہ تعالیٰ نے میری روح پیدا کی اور یہ
بھی کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے عرش
پیدا کیا اور اولیت اضافی امور میں سے ہے
تو اس کی یہ تاویل کی جائے گی کہ اولیت
ہر چیز کی جنس کے لحاظ سے ہوگی مثلاً اقلام
کی جنس میں قلم تقدیر اور انوار کی جنس میں
آپ کا نور پہلے پیدا ہوا ورنہ ثابت ہو چکا
ہے کہ عرش آسمانوں اور زمین سے پہلے پیدا
ہوا ہے، تو اولیت ہر ایک پر بشرط قید بولی
جائے گی، مثلاً اول معانی میں فلاں چیز اور
اول انوار میں فلاں ہے اور اسی سے ہے
آپ کا یہ ارشاد کہ اول ما خلق اللہ نوری
اور ایک روایت میں روحی ہے اور دونوں
کا مطلب ایک ہے کیونکہ ارواح نورانی ہیں
یعنی اللہ تعالیٰ نے ارواح میں سب سے
پہلے میری روح پیدا کی ۔

اس عبارت سے یہ امر بالکل عیاں ہو جاتا ہے کہ حضرت ملا علی القاری رح کے سامنے پہلے

حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کی یہ مرفوع روایت ان اول ما خلق اللہ القلم نہ تھی اس صحیح روایت کے اور اسی طرح اولیت کی دیگر بعض روایات کے سامنے آجانے سے وہ اولیت کو وہ اضافیہ پر محمول کرنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ اگر نور ہی ان کی تحقیق میں اول الخلق ہوتا تو اپنی پہلی تحقیق پر جمے رہتے اور ان کو اول اضافی کی تاویل کی ضرورت پیش نہ آتی اور ثم رایت فی الدر المنثور کے الفاظ اس بات کا واضح قرینہ ہے کہ یہ تفصیل پہلے ان کے سامنے نہ تھی، ورنہ وہ پہلے ہی اولیت کو اضافی پر محمول کرتے۔ ورابعاً انفاس العارفین کی عبارت سے مؤلف مذکور کو کیا فائدہ ہے؟ آپ کے حسن و جمال کا کون مسلمان منکر ہے لیکن اس جمال کی وجہ سے اس نورانیت اور روشنی کا کیا ثبوت ہے کہ اندھیرے میں گری پڑی سوئی مل جائے یا در و دیوار روشن ہو جائیں بلکہ خود یہ عبارت ان کے خلاف جاتی ہے کیونکہ اس میں تصریح ہے کہ آپ کے جمال کو لوگوں کی نگاہوں سے مستور رکھا گیا ہے۔ ظاہر امر ہے کہ حسی نور کو لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل اور مستور نہیں ہوا کرتا وہ تو ہر کہ و مہ کو عیاناً نظر آتا ہے اور آسکتا ہے وخامساً حضرت علی القاریؒ کی موضوعات کبیر میں جس نور کا ذکر ہے وہ حسی نہیں بلکہ معنوی نور ہے جس کو نور نبوت، نور رسالت اور نور ہدایت سے تعبیر کیا جاتا ہے جو مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک پھیلا ہوا ہے اور خود ان کی عبارت میں شرقاً و غرباً کے الفاظ اس کا واضح قرینہ ہے اور اس نور سے حسی نور قطعاً مراد نہیں جو ہر ایک کو ظاہراً نظر آئے کیونکہ موضوعات کبیر ص۱۰۱ میں اسی عبارت کے آگے یہ الفاظ بھی ہیں۔

لکن ھذا النور لیس لہ الظہور الخ۔ — لیکن یہ نور ظاہر نہیں ہے۔

اگر حسی نور ہوتا تو یقیناً اس کا ظہور ہوتا اور وہ کسی پر مخفی نہ رہتا کما لا یخفیٰ چونکہ یہ الفاظ مؤلف مذکور کے سراسر خلاف ہیں جیسا کہ بالکل عیاں ہے اس لیے وہ ان کو پی گئے ہیں مفید مطلب عبارت کو نقل کر دی ہے اور ان الفاظ کا حوالہ ہی نہیں دیا تاکہ قلعی نہ کھل جائے۔ وسادساً علامہ الفاسیؒ کے نزدیک نور محمدیؐ سے مختار تفسیر میں قرآن کریم مراد ہے جیسا کہ ان کی منقولہ

عبارت میں اس کی تصریح ہے اور بیان القرآن ج۱ ص۱۶۹ میں انزلنا الیکم نورًا مبینًا کے ترجمہ اور اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں اور ہم نے تمہارے پاس ایک صاف نور بھیجا ہے اور وہ قرآن مجید ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کے ذریعہ سے جو کچھ تم کو بتلایا جاوے، وہ سب حق ہے الخ اور نور و کتاب مبین کے عربی کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ۔

| | |
|---|---|
| اشارة الی کون عطف الکتاب | اس میں اشارہ ہے کہ لفظ کتاب کا عطف |
| للتفسیر فھما متغایران بالصفة | تفسیر کے لیے ہے اور یہ دونوں لفظ صفت |
| متحدان بالذات ولذا احسن | کے لحاظ سے متغایر ہیں اور ذات کے اعتبار |
| افراد الضمیر فی بہ و بھذا | سے متحد ہیں اور اسی لیے بہ میں مفرد ضمیر کا لانا |
| التفسیر حسن اسناد الھدایة | اچھا ہے اور اسی تفسیر کے لحاظ سے ہدایت |
| ھھنا الی اللہ تعالیٰ وجعل الکتاب | کی اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف اچھی ہے کہ |
| والنور سببًا و اسناد التبیین | اس نے کتاب اور نور کو ہدایت کا سبب |
| فیما قبل الی رسول اللہ صلی اللہ | بنایا ہے اور اسی لیے اس سے قبل بیان |
| علیہ وسلم واما اذا فسر النور | کرنے کی نسبت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ |
| بالرسول لا یحصل ھذا الحسن | علیہ وسلم کی طرف اچھی ہے اور اگر لفظ |
| ومؤید تفسیر ھذا قولہ | نور کی تفسیر رسول کے ساتھ کی جائے تو یہ |
| تعالیٰ وانزلنا الیکم نورًا | اچھائی حاصل نہیں ہوتی اور میری اس تفسیر |
| مبینًا۔ واریدبہ الکتاب | کا مؤید اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وانزلنا |
| قطعا انتھی۔ | الیکم نورًا مبینًا اور اس سے قطعی طور پر |
| (ج۱ ص۱۵۸ حاشیہ نمبر۶ طبع مجتبائی دہلی) | کتاب مراد ہے۔ |

اس سے معلوم ہوا کہ بقول حضرت تھانوی نورًا مبینًا سے مراد قطعی طور پر تو صرف کتاب ہے جس کا نزول اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا ہے۔ ہاں صرف احتمال کے درجہ میں وہ یہ تفسیر بھی نقل کرتے ہیں کہ نور سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی مراد ہو اور آپ کی بشریت

کا وہ واضح طور پر اقرار و اثبات کرتے ہیں کما قر لو آپ کی ذات کو بشر تسلیم کر کے آپ کو نور ماننے کا مطلب یہی ہے کہ آپ نور ہدایت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نور نبوت دے کر کل جہان کو نور توحید اور نور ایمان و اسلام سے منور کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد پورا ہو گیا ہے کہ

وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ — اور اللہ تعالیٰ اپنے نور (اسلام) کو مکمل کرے گا اور اگرچہ مشرک اس کو ناپسند کریں

وسائل حضرت ملا علی القاری کی جمع الوسائل میں جس نور کا ذکر ہے، وہ معنوی نور ہے نہ کہ حسی جو مؤلف مذکور کا مطلب ہے کیونکہ آفاق اور انفس میں جس نور کا فیض پہنچا ہے اور پہنچتا ہے وہ معنوی نور ہے جو نور نبوت اور نور ہدایت ہے اور یہ جملہ بھی اس کا مؤید ہے کہ آپ صوری اور معنوی دونوں قسم کے کمالات کے جامع ہیں۔ اسی طرح مثل نور وہ ہیں آپ کے جس نور کا ذکر ہے، وہ نور نبوت اور نور ہدایت ہے اس میں کیا شک ہے؟ اور آپ کے نور کے ذاتی ہونے کا یہی مطلب ہے جو حضرت نانوتوی کی عبارت کی روشنی میں گزر چکا ہے کہ اولاً بالذات وہ آپ کو مرحمت ہوا اور آپ کے فیض سے بالعرض سب انبیاء کو پہنچا۔ آپ کا نور مخلوق میں سے کسی سے مکتسب نہیں، صرف اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے اور چاند کا نور سورج سے مکتسب ہونے کے باوجود گہن میں آجاتا ہے، لیکن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نبوت اور نور ہدایت کبھی کفر و شرک کے گہن میں نہیں آیا اور نہ کبھی دلائل و براہین کی مد میں مغلوب ہوا ہے اور اس دور میں بھی لوگ مسلمان ہوتے جب کہ دنیا میں کفر و شرک کا ہر طرف دور دورہ تھا اور ظاہری طور پر دنیا کے کسی ملک میں مسلمانوں کا بجز چند ایک کے کوئی اقتدار نہ تھا جو کسی کی کشش کا باعث ہوتا اور اس ایمانی اور اسلامی نور کو دنیا سے کفر نے مٹانے کی از حد کوشش کی ہے مگر بفضلہ تعالیٰ۔ سہ

نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن — پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

# بابِ سوم

ناظرین کرام! ہم اس باب میں احادیث صحیحہ اور محدثین عظام کے اقوال نقل کر کے یہ ثابت کریں گے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا اور فریق مخالف جن روایات سے استدلال کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہیں تھا۔ ان کے جوابات بھی عرض کرتے ہیں۔ (فیاض)

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہونے کا ثبوت

دلیل نمبر (۱) امام حاکم ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحافظ (المتوفی سنہ ۴۰۵ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس بن مالکؓ نے فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| بینما النبی صلی اللہ علیہ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات |
| وآلہ وسلم یصلی ذات لیلۃ | نماز پڑھ رہے تھے کہ اچانک آپ نے |
| از مدّ یدہ ثم اخرھا فقلنا | اپنا ہاتھ آگے بڑھایا، پھر پیچھے ہٹا لیا |
| یا رسول اللہ رأیناک صنعت | پس ہم نے کہا یا رسول اللہ ہم نے آپ کو |
| فی ھذہ الصلوٰۃ شیئًا لم | اس نماز میں ایسی کارروائی کرتے دیکھا ہے |
| تکن تصنعہ فیما قبلہ | جو آپ نے اس سے قبل نہیں کی، فرمایا |
| قال اجل انہ عرضت علیّ | ہاں بلا شبہ مجھ پر جنت پیش کی گئی تو میں |
| الجنۃ فرأیت فیھا دالیۃ | نے اس میں اونچے درخت دیکھے جن کے |
| قطوفھا دانیۃ فاردت ان | گچھے نیچے کو جھکے ہوئے تھے، تو میں نے |

اتناول منها شیئاً فاوحی الی ان استاخر فاستاخرت وعرضت علی النار فیما بینی وبینکم حتی رأیت ظلی وظلکم فیها فاومأت الیکم ان استاخروا فاوحی الی ان اقرھم فانک اسلمت واسلموا وھاجرت وھاجروا وجاھدت وجاھدوا فلم ار لک فضلاً علیھم الا بالنبوۃ فاولت ذلک ما یلقی امتی بعدی من الفتن انتھی۔ (مستدرک ص ۴۵۶ ج ۴) قال الحاکم والذھبی صحیح۔

ارادہ کیا کہ ان سے کچھ لے لوں پس میری طرف وحی آئی یہ کہ پیچھے ہٹ جاؤ میں پیچھے ہٹ گیا اور مجھ پر دوزخ بھی پیش کی گئی جو میرے اور تمہارے درمیان تھی یہاں تک اس کی آگ کی روشنی میں میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا پس میں نے تمہیں اشارہ کیا کہ پیچھے ہٹ جاؤ، سو میری طرف وحی آئی کہ ان کو ان کی جگہ پر ٹکا رہنے دے: کیونکہ تو نے اسلام قبول کیا اور انہوں نے بھی، تو نے بھی ہجرت کی اور انہوں نے بھی تو نے جہاد کیا انہوں نے بھی پس میں تیری ان پر بجز نبوت کے اور کوئی فضیلت نہیں دیکھتا پس میں نے اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ میری امت میرے بعد فتنوں میں مبتلا ہوگی۔

امام حاکم اور ناقدِ فن رجال علامہ شمس الدین ابو عبداللہ ذہبی (المتوفی سنہ ۷۴۸ھ) دونوں فرماتے ہیں کہ یہ صحیح ہے۔ حافظ ابن القیم الحنبلی (المتوفی سنہ ۷۵۱ھ) نے بھی یہ روایت نقل کی ہے (ملاحظہ ہو حادی الارواح الی بلاد الافراح ص ۱۷ طبع مصر) اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا جس طرح کہ حضرات صحابہ کرامؓ کا سایہ تھا اور یہی وجہ ہے کہ آپ نے دوزخ کی آگ کے شعلوں کی روشنی میں اپنا سایہ بھی دیکھا اور حضرات صحابہ کرامؓ کا سایہ بھی دیکھا اگر آپ کا سایہ نہ ہوتا تو اس آگ کی روشنی میں اپنا سایہ دیکھنے کا کوئی معنی نہیں جیسا کہ کسی بھی صاحبِ فہم و بصیرت سے یہ مخفی نہیں ہے!

**اعتراض** | اگر قرآن کی طرف التفات کیے بغیر محض لفظ ظل کے اطلاق سے تاریک سایہ ثابت ہو جاتا ہے تو حدیث مبارک میں سبعۃ یظلہم اللہ بظلہ

اور یوم لا ظل الا ظلہ سے کیا، اللہ تعالیٰ کے لیے بھی العیاذ باللہ سایہ ثابت کیجئے گا ثانیاً یہ کہ رأیت ظلی و ظلکم فیہا یعنی میں نے دوزخ میں اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا اس جملہ میں ظل اپنی حقیقت پر محمول نہیں ہے کیونکہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگ کی طرح روشن نہیں ہوتی، چنانچہ مشکوٰۃ شریف باب صفۃ النار فصل ثانی کی پہلی حدیث میں ہے فہی سوداء مظلمہ جہنم کی آگ سیاہ اور اندھیری ہے۔ دیوبندیوں نے حدیث کے ترجمہ میں اپنی طرف سے یہ بڑھایا کہ اس آگ کی روشنی میں میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا۔ علمی بے مائگی کے سوا کچھ نہیں کیونکہ جہنم کی آگ سیاہ اور اندھیری ہے، وہاں روشنی کا کیا کام پھر کس قدر حیرت ہے کہ اپنے ناپاک عقیدہ کو ثابت کرنے کے لیے حدیث میں تصرف کیا اور روشنی کا لفظ بڑھا کر سایہ کے جواز کا چور دروازہ نکال لیا اور اسی طرح جو بات حضور نے نہیں فرمائی اسے آپ کی طرف منسوب کر کے العیاذ باللہ جہنم کے سیاہ اندھیروں میں اپنا مقام بنا لیا۔ بہرحال دو طرح ثابت ہو گیا کہ یہاں ظل کا لفظ اپنی اصل پر محمول نہیں، ایک تو اس لیے کہ آپ نور ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا، دوسرا اس لیے کہ جہنم میں سایہ دکھائی دینا معقول ہی نہیں ہے کیونکہ جہنم تو سیاہ تاریکی ہے اور سایہ روشنی میں متحقق ہوتا ہے پس ان دو قرینوں سے متعین ہو گیا کہ یہاں پر لفظ ظل مجاز پر محمول ہے اور ظل مجازی طور پر شخص کے معنی میں آتا ہے معالم التنزیل میں ہے وقیل ظلالہم ای اشخاصہم پس معنی حدیث یہ ہے کہ میں نے جہنم کو دیکھا اور اس میں اپنے اور تمہارے اشخاص کو دیکھا اور جہنم میں دیکھنے سے حضور نے یہ تعبیر کی کہ آپ کے وصال کے بعد امت فتنے میں مبتلا ہوئی، باقی جہنم میں دیکھنے کا مطلب مجاز بالمشارفۃ کے طور پر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ خود یا صحابہ کو جہنم کے قریب یا اس کے کنارے دیکھا ہو اور اگر خود جہنم میں دیکھنا بھی وارد ہو تو معاذ اللہ وہ کسی طرح تنقیص شان کا موجب نہیں، کیونکہ جہنم میں ہونا صرف کفار کے لیے موجب عذاب و اہانت ہے۔ ہر ایک کے لیے نہیں، ورنہ خزنۂ جہنم

بھی تو جنہم میں موجود ہیں اور ما منکم الا وارد ھا کے تحت مفسرین کہتے ہیں کہ تمام مومنین کا جہنم سے گزر ہوگا، مگر ان کے لیے یہ باعث نشاط و سرور ہوگا اور کفار کے لیے یہ ہی گزر موجب عذاب و اہانت ہوگا (توضیح البیان ص۱۸۴، ۱۸۵)

**الجواب** مؤلف مذکور نے یہ جو کچھ کہا ہے مردود ہے اولاً اس لیے کہ عربی دان بحمد اللہ تعالی بکثرت موجود ہیں کسی لائق عربی دان ثالث سے دریافت کرلیں کہ وعرضت علی النار فیما بینی و بینکم حتی رأیت ظلی و ظلکم فیہا کا ترجمہ اور مطلب کیا ہے؟ انشاء اللہ العزیز کوئی منصف مزاج عربی دان اس عبارت کا مطلب اور ترجمہ اس کے بغیر اور کچھ نہیں بیان کرے گا کہ اور مجھ پر دوزخ بھی پیش کی گئی جو میرے اور تمہارے سامنے تھی، یہاں تک کہ اس کی آگ کی روشنی میں میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا اور اگر مؤلف مذکور کا بیان کردہ معنی ہی ہم لے لیں کہ میں نے آگ میں اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا تو پھر بھی ہمارا مدعیٰ واضح ہے اور اس ترجمہ سے مؤلف مذکور کو کوئی فائدہ نہیں جیسا کہ کسی بھی ذی علم اور صاحب بصیرت سے یہ بات مخفی نہیں ہے۔ وثانیاً اس لیے کہ اللہ تعالی کا جسم نہیں گو لطیف ہی سہی اس لیے اس کا سایہ عقلاً بھی نہیں ہو سکتا۔ بخلاف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ کا جسم مبارک تھا گو لطیف سہی، چنانچہ خان صاحب بریلی لکھتے ہیں کہ وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف اور جسم انسانی رکھتے ہیں، مگر ارواح و ملائکہ سے ہزار جگہ الطف اھ (نفی الفئ ص۱) اور جسم بشر، آدمی اور انسان کا سایہ ہونا عقل کے عین مطابق ہے اور صحیح حدیث سے ثابت بھی ہے کما مر اس لیے یظلہم اور الا ظلہ سے حقیقت مراد نہیں، بلکہ مجاز مراد ہے کہ اس سے اللہ تعالی کے عرش کا سایہ مراد ہے، کیونکہ عرش بھی جسم ہے اور اس کا سایہ ہے اور الجامع الصغیر ج۲ ص۳ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں سبعۃ یظلہم اللہ تحت ظل عرشہ یوم لا ظل الا ظلہ الحدیث وقال حسن اور السراج المنیر ج۲ ص۳۳۹ میں ہے۔ باسناد حسن۔ اس مرفوع صریح اور حسن حدیث سے واضح ہوگیا کہ ظل اللہ سے بحذف مضاف ظل عرش مراد ہے اور ایک اور حدیث میں وظلل علیہم الغمام الحدیث کے الفاظ آتے

میں موارد الظمآن ص۶۴۲ یعنی کچھ مومن قیامت کے دن بادل کے سائے کے نیچے ہوں گے وثانیاً بلاشبہ حضرت جنیدؒ ایک تفسیر کے رو سے مومنین کا دوزخ میں سے ہو کر گزرنا حتیٰ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دوزخ میں سیر و سیاحت کے طور پر داخل ہونا کسی تنقیص کا موجب نہیں کیونکہ یہ داخلہ بطور سزا و عذاب کے نہیں بلکہ بطور سیر و سیاحت یا عبور اور انتظامی امور کے تحت ہے اور اس میں شرعاً اور عقلاً کوئی خرابی نہیں مگر نہ تو اس توجیہ کی یہاں ضرورت ہے اور نہ گنجائش کیونکہ اسی حدیث میں تصریح موجود ہے کہ آپ دوزخ میں داخل نہیں ہوئے بلکہ دوزخ آپ کے سامنے پیش کی گئی اور آپ نے اس کو اپنے اور اپنے حضرات صحابہ کرامؓ کے سامنے دیکھا اور اس کی روشنی میں اپنا سایہ بھی دیکھا اور حضرات صحابہ کرامؓ کا سایہ بھی دیکھا اور آپ نے ان پر شفقت کرتے ہوئے ان کو پیچھے ہٹنے کا حکم بھی دیا الخ یہ تمام مضمون اس کو واضح کرتا ہے کہ آپ دوزخ کے اندر داخل نہیں ہوئے اور ایک اور روایت اس کی مزید تائید کرتی ہے، چنانچہ صحیح مسلم کتاب الکسوف کی ایک روایت میں آتا ہے (اور اس موقع پر بھی آپ پر جنت اور دوزخ پیش کی گئی تھی) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| لقد جئ بالنار وذلکم حین | بتحقیق دوزخ لائی گئی اور یہ اس وقت |
| رأیتمونی تأخرت مخافة | جب تم نے مجھے دیکھا کہ میں پیچھے ہٹا اس |
| ان یصیبنی من لفحها الحدیث | ڈر کے مارے کہ کہیں آگ کے شعلے مجھے |
| (مسلم ج ۱ ص۲۹۸) | تکلیف نہ دیں۔ |

الحدیث یفسر بعضہ بعضاً کے قاعدہ کے مطابق اس صحیح حدیث سے بالکل واضح ہو گیا کہ آپ دوزخ میں داخل نہیں ہوئے، لہٰذا مؤلف مذکور کا اس توجیہ کے لیے جگر کاٹنا بالکل لاحاصل ہے وثالثاً اگرچہ لفظ ظل مجازی طور پر ذات اور شخص کے معنی کے لیے آتا ہے لیکن مجاز کی وہاں ضرورت پیش آتی ہے، جہاں حقیقت ناممکن یا متعذر ہو اور یہاں ایسا نہیں، پھر بلا دلیل مجاز مراد لینے کی کیا حاجت ہے؟

یہ بھی یاد رہے کہ نحوی طور پر ضمائر ذوات پر دال ہیں۔ یہاں ظلی میں حرف یا ضمیر متکلم ہے جو ذات اور شخص پر دلالت کرتی ہے اسی طرح ظلکم میں لفظ کم ضمیر مخاطب ہے جو ذات پر دال ہے اور اگر یہاں ظل سے مراد بھی ذات اور شخص ہو تو اضافۃ الشئ الی النفسہ لازم آتی ہے جو درست نہیں یہی وجہ ہے کہ معالم التنزیل وغیرہ میں اس تفسیر اور توجیہ کو لفظ قیل سے تعبیر کیا ہے جو عموماً ضعف اور کمزوری پر دلالت کرتا ہے کیونکہ وہاں بھی وظلالہم میں ضمیر ہم مضاف الیہ موجود ہے تو اس لحاظ سے اضافۃ الشئ الی النفسہ لازم آتی ہے اور یہ ضعیف و کمزور توجیہ ہے وثالثاً مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ مولوی سرفراز صاحب نے اپنے کمزور مطالعہ اور علمی بے مائیگی کے تحت مشکوٰۃ شریف باب صفۃ النار فصل ثانی کی پہلی حدیث نہیں دیکھی جس میں آتا ہے۔ فہی سوداء مظلمۃ کہ جہنم کی آگ سیاہ اور اندھیری ہے۔ للہذا اپنی طرف سے آگ کی روشنی کا لفظ بڑھانا علمی بے مائیگی ہے کیونکہ جہنم کی آگ سیاہ ہے، وہاں روشنی کا کیا کام ؟ لیکن یہ سب کچھ مؤلف مذکور کی نری جہالت ہے۔ اولاً تو اس لیے کہ یہ حدیث ترمذی میں مذکور ہے اس کو نقل کرنے کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وحدیث ابی ھریرۃ ھذا موقوف | کہ صحیح تر بات یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرۃ |
| اصح ولا اعلم احداً رفعہ | کی یہ روایت موقوف ہے مجھے معلوم نہیں |
| غیر یحییٰ ابن ابی بکیر | کہ یحییٰ ابن ابی بکیر کے علاوہ کسی اور نے |
| عن شریک (ترمذی ج ۲ ص۸۳) | اس کو شریک سے مرفوع بیان کیا ہو۔ |

اور اس میں جو راوی شریک ہیں، وہ باوجود ثقہ ہونے کی حدیث میں غلطی کر جاتے تھے۔ امام ابراہیم بن سعید الجوہریؒ فرماتے ہیں کہ انھوں نے چار سو حدیث میں غلطی کی ہے اور امام ازدیؒ فرماتے ہیں کہ وہ سیٔ الحفظ کثیر الوہم اور مضطرب الحدیث تھے (محصلہ تہذیب التہذیب ج ۴ ص ۳۳۳ تا ۳۳۶) غرضیکہ یہ روایت نہ تو مرفوع ہے اور نہ اصولِ حدیث کے لحاظ سے صحیح ہے، للہذا اس پر جواب کی بنیاد رکھنا درست نہیں ہے اور دوسرے اس لیے کہ جہنم کے مختلف طبقات ہیں، وہاں آگ بھی ہے اور زمہریر بھی ہے اور اسی طرح طبقہ اور طبقہ اور آگ اور آگ کا فرق

اور تفاوت ہے اور حدیث قالت النار رب اکل بعضی بعضا الحدیث (مسلم ج ۲ صفحہ ۲۲۴) اس کی واضح دلیل ہے، اگر کسی طبقہ کی آگ سوداء مظلمۃ ہو اور کسی طبقہ کی روشن ہو تو اس میں کیا اشکال ہے؟ جبکہ قرآن کریم میں ناراً ذات لہب کا ذکر ہے کہ آگ شعلوں والی، خانصاحب نار حامیۃ کا معنی کرتے ہیں، آگ شعلے مارتی اور ناراً ذات لہب کا ترجمہ کرتے ہیں لپٹ مارتی آگ اور ابھی صحیح مسلم کی روایت لفح کا لفظ جس کے معنی شعلہ کے ہوتے ہیں۔ بیان ہو چکا ہے۔ اندریں حالات جہنم کی آگ کے شعلوں کا اور اس کی روشنی کا انکار کیونکر درست ہو سکتا ہے؟ صراح صفحہ ۵۲ میں لہب کا معنی زبانہ آتش یعنی آگ کا شعلہ کیا ہے۔

**دلیل نمبر (۲)** حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے، اور اس سفر میں بعض دیگر ازواج مطہرات بھی آپ کے ساتھ تھیں حضرت صفیہؓ کا اونٹ بیمار ہو گیا، حضرت زینبؓ کے پاس اپنی ضرورت سے زائد اونٹ تھا، آپ نے فرمایا کہ صفیہ کا اونٹ بیمار ہے۔ اے زینبؓ اگر اسے تو اپنا فالتو اونٹ دے دے تو بہتر ہوگا انہوں نے کہا کیا میں اس یہودیہ کو اونٹ دے دوں، ان کے اس نازیبا جواب سے آپ ناراض ہو گئے اور آپ نے ذوالحجہ محرم دو یا تین ماہ حضرت زینب کے پاس جانا ہی ترک کر دیا!

| | |
|---|---|
| قالت حتی یئست منه وحولت سریری قالت بینما انا یوما بنصف النهار اذا انا بظل رسول الله صلی الله مقبلاً الخ (طبقات ابن سعد جلد ۸ صفحہ ۱۲۶ طبع بیروت) | حضرت زینبؓ فرماتی ہیں کہ میں آپ سے ناامید ہو گئی اور میں نے اپنی چارپائی وہاں سے ہٹا دی، فرماتی ہیں کہ میں اسی حالت میں تھی کہ اچانک ایک دن دوپہر کے وقت میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ دیکھا جو میری طرف آرہا تھا۔ |

اس حدیث کے راوی یہ ہیں۔

(۱) عفان بن مسلمؒ (صحاح ستہ کے راوی ہیں) امام عجلیؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے ہیں، امام ابو حاتمؒ ان کو ثقہ امام اور متقن کہتے ہیں۔ علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ کثیر الحدیث ثبت اور حجت کہتے ہیں

امام ابن خراشؒ ان کو ثقہ من خیار المسلمین اور محدث ابن قانعؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔
امام ابن حبان ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۲۳۳ و ص ۲۳۴)
(۲) حماد بن سلمہؒ (علامہ ذہبیؒ ان کو الامام الحافظ اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں) (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۱۸۹)
(۳) ثابت بنانیؒ (یہ بھی صحاح ستہ کے مرکزی راوی ہیں) امام نسائیؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔
علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔ محدث ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔
(تہذیب التہذیب ج ۲ ص ۳)
(۴) شمیسہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں مقبولۃ من الثالثۃ (تقریب ص ۴۷۳ طبع فاروقی دہلی)
کہ تیسرے طبقے کے راویوں میں سے ہے اور مقبول ہے اور ان پر کسی کی کوئی جرح منقول نہیں ہے۔
(۵) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔!
غرضیکہ اس روایت کے سب راوی ثقہ ہیں۔
اور یہ روایت مسند احمد اور مجمع الزوائد میں بھی ہیں اس کے الفاظ آخر میں یوں ہیں۔

| | |
|---|---|
| فلما كان شهر ربيع الاول | یعنی جب ربیع الاول کا مہینہ آیا تو آپ |
| دخل عليها فرأت ظله فقالت | میرے پاس آئے، فرماتی ہیں کہ جب میں |
| ان هذا الظل رجل وما | نے آپ کا سایہ دیکھا تو میں نے کہا کہ یہ سایہ |
| يدخل على النبي صلى الله | کسی مرد کا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم |
| عليه وسلم فمن هذا؟ | میرے پاس آتے نہیں، تو یہ کون ہے اتنے |
| فدخل النبي صلى الله عليه | میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوگئے |
| وسلم (مسند احمد ج ۶ ص ۲۳۸ | |
| ومجمع الزوائد ج ۴ ص ۳۲۳) | |

مسند احمد کے راوی یہ ہیں۔
(۱) عبد الرزاقؒ (الحافظ الکبیر) جن کو بے شمار محدثین نے ثقہ کہا ہے۔ (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۳۱)
(۲) جعفر بن سلیمان امام احمدؒ ان کو لا بأس بہ اور امام ابن معینؒ ثقہ کہتے ہیں۔ علامہ ابن سعدؒ

کو ثقہ اور امام ابو احمدؒ حسن الحدیث کہتے ہیں امام ابن مدینیؒ فرماتے ہیں کہ وہ ہمارے نزدیک ثقہ ہیں، امام بزارؒ ان کو مستقیم الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ج۴ ص۹۵ تا ص۹۶ محصلاً)

(۳) ثابت بنانیؒ (ان کا تذکرہ پہلے گزر چکا ہے)

(۴) شیبہؒ (ان کا تذکرہ بھی پہلے گزر چکا ہے)

(۵) حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

اس روایت کے جملہ وارث بھی ثقہ ہیں۔

**اعتراض** اس حدیث میں بھی ظل سے مراد شخص ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نور ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا، اس لیے ہمارے نزدیک اس حدیث میں بھی ظل شخص کے معنی پر محمول ہے اور اس میں کوئی استبعاد نہیں ہے (توضیح البیان ص۱۸۵ و ص۱۸۶)

**الجواب** مؤلف مذکور کا یہ جواب بھی سراسر باطل ہے اولاً اس لیے کہ اس میں بھی اضافۃ الشیٔ الی نفسہ لازم آتی ہے ثانیاً اس لیے کہ مسند احمد اور مجمع الزوائد کی حدیث کے الفاظ اس باطل تاویل بلکہ تحریف کی بیخ کنی کرتے ہیں۔

حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

فلما كان شهر ربيع الاول دخل عليها فرأت ظله فقالت ان هذا الظل رجل وما يدخل على النبي صلى الله عليه وسلم فمن هذا؟ فدخل النبي صلى الله عليه وسلم.

یعنی جب ربیع الاول کا مہینہ آیا تو آپ میرے پاس آئے، فرماتی ہیں کہ میں نے آپ کا سایہ دیکھا تو فرمانے لگیں کہ یہ سایہ تو مرد کا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو میرے پاس آتے نہیں تو یہ کون ہے اتنے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہو گئے۔

(مسند احمد ج۶ ص۳۳۶ و مجمع الزوائد ج۴ ص۳۲۳)

اگر سایہ سے مراد آپ کی ذات اور شخص ہے جیسا کہ مؤلف مذکور کا بے بنیاد دعویٰ ہے تو

کیا حضرت زینبؓ نے آپ کی ذات اور شخص کو دیکھ کر بھی نہ پہچانا اور حیرت کا اظہار کرنے لگیں کہ کون ہے وہ سایہ میں تو اشتباہ ہو سکتا ہے بلکہ نفس شخصیت میں کیا اشتباہ تھا جس پر ان کو حیرت ہوئی ؟ اور حدیث کے آخر کے الفاظ مزید وضاحت کرتے ہیں۔ فدخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ سایہ پہلے نظر آیا اور آپ بعد کو داخل ہوئے اور مؤلف مذکور کی تحریف کے پیش نظر یہ مطلب ہوگا کہ آپ کا شخص اور وجود پہلے نظر آیا اور داخل ہوا، اس کے بعد آپ داخل ہوئے۔ کیا ایسے مہمل اور بے سروپا معانی سے شریعت اور حدیث کا مذاق نہیں اڑایا جا رہا ؟ معاذ اللہ تعالیٰ ثانیاً نصوص قطعیہ۔ احادیث متواترہ اور اجماع سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر تھے اور بشر کا سایہ ایک لازم امر ہے۔ بخلاف آپ کے نور ہونے کے کہ کسی قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت دلیل سے آپ کا نور ہونا ثابت نہیں ہے۔ اگر ایک تفسیر کے رو سے نور سے آپ کا نور ہونا ثابت ہے، تو وہ صرف ایک احتمال کے درجہ میں ہے اس کو قطعیت ہرگز حاصل نہیں، پھر یہ نور آپ کی صفت ہے نہ کہ ذات کیونکہ ذات آپ کی بہرحال بشریت ہے اور آپ کا سایہ یقیناً تھا۔

ان صحیح روایتوں سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا باقاعدہ سایہ تھا جیسے نصوص قطعیہ سے آپ کی بشریت ثابت ہے۔ تو بشریت کے تمام لوازمات جن میں ایک سایہ بھی ہے ثابت ہے۔!

## سایہ کا انکار کرنا دراصل شیعہ کا مذہب ہے

چنانچہ شیعہ کی مستند کتاب الکافی مع الصافی صہ ۱۵۲ ج ۳ حصہ سوم میں ہے ولم یکن لہ فئ الخ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا۔

مشہور شیعی عالم خلیل قزوینی اس کا مطلب یہ کرتے ہیں کہ

دنبود اورا سایہ یعنی ہمیشہ ابری میان      آپ کا سایہ نہ تھا یعنی ہمیشہ بادل آپ

اور قرص آفتاب بود الخ ۔۔۔ کے درمیان اور سورج کی ٹکیہ کے درمیان
(العانی جلد سوم حصہ دوم ص۵۲ طبع لکھنؤ) حائل رہتا تھا۔

ان کی اس تاویل سے ثابت ہوتا ہے کہ ظاہری الفاظ سے سایہ کی جو نفی ہو رہی ہے اس پر وہ بھی مطمئن نہیں ہیں اور تاویل پر مجبور ہیں بلکہ قطع نظر اس کے کہ ہمیشہ آپ کے سر مبارک پر بادل کے سایہ کا کسی صحیح حدیث سے ثبوت نہیں ہے۔ الخ

**اعتراض** بریلوی عالم غلام رسول سعیدی صاحب لکھتے ہیں کہ اگر سایہ نہ ہونے کا مسئلہ شیعوں کا ہے تو کیا حضرت عثمانؓ، حضرت ابن عباسؓ، امام سیوطی شافعیؒ، قاضی عیاض مالکیؒ، علامہ ابوالبرکات نسفی حنفیؒ، ملا علی القاری حنفیؒ، شیخ محقق عبدالحق محدث دہلویؒ، علامہ بیجوریؒ، شہاب الدین خفاجی ابن مبارکؒ اور ابن جوزیؒ یہ تمام صحابہؓ اور اکابر ائمہ دینؒ حضرات شیعہ تھے۔ جب عہد رسالت سے لے کر شاہ عبدالعزیزؒ تک تمام اکابر مسلمین حضورؐ کے سایہ نہ ہونے کے قائل تھے تو آپ کے انکار پر کون کان دھرے گا اور یہ جو آپ نے صحابہؓ سے لے کر شاہ عبدالعزیزؒ تک تمام مسلمانوں کو بیک جنبش قلم شیعہ بنا ڈالا ہے۔ بھلا علم و تحقیق کی کسوٹی پر ایسی بے سروپا باتیں کون مانے گا اور اگر واقعی سایہ نہ ہونا شیعہ کا مسئلہ ہے تو جناب والا گستاخی معاف تو پھر سب سے بڑے شیعہ تو مولوی گنگوہی ہیں جو لکھتے ہیں آپ کا سایہ نہ ہونا تواتر سے ثابت ہے اور دوسرے نمبر پر مولوی اشرف علی تھانویؒ ہیں شکر النعمہ ص۳۹ پر لکھتے ہیں یہ بات مشہور ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہیں تھا۔ یا پھر عزیز الرحمٰن مفتی دیوبند شیعہ ہیں جو عزیز الفتاویٰ ج۸ ص۲۰۲ پر لکھتے ہیں۔ امام سیوطیؒ نے خصائص الکبریٰ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ زمین پر واقع نہ ہونے کے بارے میں یہ حدیث نقل کی ہے

اخرج الحکیم الترمذی عن ذکوان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن یری لہ ظل فی شمس ولا قمر الخ (توضیح البیان ص۱۵۲ تا ص۱۸۳)

**الجواب** ان حضرات کے سامنے یقیناً وہ احادیث نہیں جو سایہ کے وجود کی با حوالہ ذکر کی گئی ہیں اگر یہ احادیث ان حضرات کے سامنے ہوتیں تو وہ ہرگز ان کے خلاف کچھ نہ

فرماتے ۔ ان حضرات نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کا ذکر ضرور کیا ہے اور ان کا ماخذ آجا کر کے حضرت ابن عباسؓ کی طرف منسوب بے سند اور بے اصل روایت اور حضرت ذکوانؒ کی موضوع اور جعلی روایت ہے یا پھر ذکر روئی وغیرہ الفاظ سے بغیر کسی سند کے اس کا ذکر ہے ، پھر کسی کو کیا مصیبت پڑی ہے کہ سایہ کی سنداً صحیح روایات سامنے آنے کے بعد ان سے بے سروپا روایات پر اس مسئلہ کی بنیاد رکھے ، چونکہ سایہ نہ ہونے کی روایت بالکل بے اصل ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ مولانا تھانویؒ وغیرہ محتاط علماء اس حدیث کی صحت کی ذمہ داری نہیں اٹھاتے اور فرماتے ہیں کہ یہ بات مشہور ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہیں تھا اور حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ نے سایہ والی روایت کی خوب تردید بھی کی ہے مگر مؤلف مذکور شیر مادر سمجھ کر اس کو بالکل پی گئے ہیں اور اصول کافی جس پر بقول شیعہ حضرات کے امام مہدی نے دستخط اور تصدیق ثبت فرمائی اور فرمایا ہذا کاف لشیعتنا کہ یہ کتاب ہمارے شیعہ کے لیے کافی ہے اور اسی کتاب سے پہلے باحوالہ یہ عرض کیا گیا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا اور ہم نے یہ کہا ہے کہ اصل میں سایہ نہ ہونے کا مسئلہ شیعہ کا ہے ۔ اگر سایہ ہونے کی صحیح روایات موجود نہ ہوتیں اور پھر ہم ان اکابر کی نقول کی مخالفت کرتے تو ہم قصوروار ہوتے ، لیکن سایہ ہونے کی صحیح روایات کی موجودگی میں ہم پر الزام کیسا ؟ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ان اکابر کو وہ صحیح احادیث نہیں پہنچیں ، ورنہ صحیح حدیث کی مخالفت کون مسلمان گوارا کرتا ہے ؟ اور چونکہ ہمارا مستدل لفظ بشر سے ہے جو قرآن کریم میں جابجا مذکور ہے اور سایہ ہونے کی صریح اور صحیح احادیث سے ہے ، اس لیے ہم یہی کہتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کا عقیدہ یہی ہونا چاہیے کہ آپ کا سایہ تھا اور جن حضرات تک یہ صحیح روایات نہیں پہنچیں ، وہ معذور ہیں مگر جن کو علم ہو چکا وہ کس طرح معذور ہو سکتے ہیں ۔ ؟

# باب چہارم

ناظرین کرام! اس باب میں ہم فریق مخالف کے وہ دلائل نقل کرتے ہیں جن سے انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے پر استدلال کیا ہے اور پھر ان کے جوابات بھی نقل کیے جاتے ہیں۔ از فیاض،

**دلیل نمبر (۱)** بریلوی عالم مولوی غلام رسول سعیدی صاحب لکھتے ہیں کہ جمہور مسلمین کا عقیدہ ہے کہ حضور علیہ السلام کے جسم اقدس کے لیے تاریک سایہ ثابت نہیں ہے۔ کیونکہ حضور علیہ السلام نور ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا اور نورانیت کا ثبوت بشریت کی نفی کو مستلزم نہیں ہے، کیونکہ سایہ مطلقاً بشریت کے لوازم سے نہیں بلکہ بشریت کثیفہ کے لوازم سے ہے اور نبی علیہ السلام کی بشریت کثافت سے منزہ ہو کر اس درجہ لطافت میں تھی کہ تاریک سایہ کا موجب نہ ہوتی تھی۔ نیز یہ عقیدہ ظنی ہے اور ظنیات کے باب میں دلائل ظنیہ کفایت کرتے ہیں۔ محدث ابن جوزیؒ الوفا باحوال المصطفیٰ ص۴۰۷ پر اور ان کے حوالے سے ملا علی جمع الوسائل ج۱ ص۱۷۶ اور امام مناوی شرح شمائل علی ہامش جمع الوسائل ج۱ ص۴۷ اور ج۱ ص۱۷۶ پر تحریر فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| عن ابن عباس قال لم یکن لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظل ولم یقم مع شمس قط الا غلب ضوءہ ضوء الشمس ولم | ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا اور آپ کبھی سورج کی روشنی میں کھڑے نہ ہوتے مگر آپ کا نور سورج کی روشنی پر غالب آجاتا اور نہ کبھی چاند کی روشنی میں |

یفوق ضوء سراج فقط الا غلب ضوءہ علی ضوء السراج۔ آتے، مگر آپ کا نور چاند کی روشنی پر غالب رہا۔

یہ روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

علامہ نبھانیؒ وسائل الوصول صلا میں تحریر فرماتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نور تھے، پس دھوپ یا چاندنی میں چلتے تو آپ کا سایہ نہ ظاہر ہوتا۔ فوائد جلیلہ شرح شمائل محمدیہ صلا ج ۲ میں سیدی محمد بن قاسم جسوسؒ تحریر فرماتے ہیں کہ ابن مبارکؒ اور ابن الجوزیؒ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کبھی دھوپ میں نہ کھڑے ہوتے مگر آپ کا نور سورج پر غالب رہا اور نہ کبھی چاندنی میں کھڑے ہوتے، مگر چاند پر آپ کا نور غالب رہا، اسی لیے نبی علیہ السلام کا سایہ نہ تھا اور ابن سبعؒ نے شفاء میں ذکر کیا اور اس کو قاضی عیاضؒ نے شفا میں نقل کیا کہ آپ کے شخص کریم کا سایہ نہ تھا نہ چاندنی میں نہ دھوپ میں اور سایہ نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ کا سایہ در حقیقت میں آپ کی مثال کے مرتبہ کا ہے، زمین پر گرنے سے محفوظ رکھا جائے یا گندی جگہوں اور قدموں کے نیچے واقع ہونے سے محفوظ رکھنے کے لیے یا اس لیے کہ سایہ تاریکی کو مستلزم ہے اور نور کے لیے حجاب ہوتا ہے اور نبی علیہ السلام تو نور منیر ہیں پس آپ کا سایہ کس طرح متصور ہوگا یا اس لیے کہ شمس و قمر تو آپ کے نور سے مخلوق ہوتے اور آپ کے سبب سے ظہور میں آتے، پس آپ کے سبب سے ان کی روشنی کس طرح چھپ سکتی ہے جتنی کہ آپ کا سایہ ہو، کیونکہ جو کسی چیز کا مظہر ہو، وہ اس کے لیے ساتر نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ کہا جائے کہ حضورؐ تو بشر ہیں، جیسا کہ قرآن میں ہے پھر آپ کے لیے سایہ کیونکر نہ ہوگا؛ تو اس کے جواب میں ہم کہیں گے کہ آپ کی بشریت عام بشریت کی طرح نہیں ہے۔ جیسے یاقوت پتھر ہے مگر عام پتھروں کی طرح نہیں ہے۔ بقول ابوالحسن شاذلیؒ آپ باوجود بشریت کے نور ہیں۔ اس لیے آپ نور سے موسوم ہوتے۔ شیخ محقق نے شرح ہمزیہ میں کہا کہ حدیث عمرؓ میں ہے کہ آپ نے فرمایا، اے عمرؓ جانتے ہو میں کون ہوں ؟ میں وہ ہوں کہ سب کو اللہ عزوجل نے سب سے پہلے پیدا کیا، وہ میرا نور تھا پس میرے نور نے اللہ کو سجدہ کیا اور

سات سو سال سجدہ میں رہا پس پہلا ساجد میرا نور تھا اور مجھے اس پر فخر نہیں اے عمرؓ جانتے ہیں میں کون ہوں؟ میں وہ ہوں کہ اللہ نے عرش کو میرے نور سے پیدا کیا اور کرسی و لوح و قلم کو میرے نور سے پیدا کیا اور آنکھوں کے نور کو میرے نور سے پیدا کیا اور عقل جو لوگوں کے سروں میں ہے، وہ بھی میرے نور سے پیدا کی اور معرفت جو قلوب مومنین میں ہے وہ بھی میرے نور سے پیدا کی اور مجھے اس پر فخر نہیں الخ پس تمام انوار و اضواء کو حضور کے نور سے پیدا کیا گیا، لہٰذا سب حضور علیہ السلام کے نور کی فرع ہیں اور آپ کا نور سب کے لیے اصل بھلا فرع کا اصل کے ساتھ کیا مقابلہ ہو سکتا ہے؟ دیکھیں وہ کیسے شقی العقل ہیں جو فرع کے کمال نقی ظل مانتے ہیں اور اصل کے لیے اس کا انکار کرتے ہیں۔ سعیدی، (حصلہ توضیح البیان ۱۷۲تا ص۱۷۶)

**جواب** مؤلف مذکور کا یہ دعویٰ کہ آپ کا سایہ نہ ہونا جمہور مسلمانوں کا عقیدہ ہے بالکل بے بنیاد دعویٰ ہے۔ اس لیے کہ جب صحیح احادیث سے آپ کا سایہ ثابت ہے ان صحیح احادیث کو چھوڑ کر جمہور مسلمان کب جعلی اور بے ثبوت روایات پر عقیدہ رکھ سکتے ہیں۔ ہم نے تنقید متین میں مستدرک حاکم کی سند سے آپ کے سایہ کے ثبوت کی روایت نقل کر کے حاکمؒ اور ناقد فن رجال علامہ ذہبیؒ کی تصحیح بھی نقل کر دی ہے اور اسی طرح طبقات ابن سعدؒ مسند احمد اور مجمع الزوائد سے بھی روایت نقل کر کے اس کی سند کے رجال اور ان کی توثیق بھی وہیں بیان کر دی ہے۔

مجمع الزوائد کی ایک روایت کے الفاظ یوں ہیں۔

| | |
|---|---|
| فرأت ظله فقالت ان هذا | کہ حضرت زینبؓ نے آپ کا سایہ دیکھا |
| الظل رجل وما يدخل على النبي | سو وہ فرمانے لگیں کہ یہ تو مرد کا سایہ ہے |
| صلى الله عليه وسلم فدخل | اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو میرے |
| النبي صلى الله عليه وسلم | پاس آتے نہیں اتنے میں آپ اندر |
| الحديث. (مجمع الزوائد ج ۴ ص۳۲۳) | داخل ہو گئے۔ |

امام ہیثمیؒ فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| رواہ احمد وفیہ سمیہ | اس روایت کو امام احمدؒ نے روایت کیا ہے |
| وروی لہا ابو داؤد وغیرہ | اور اس میں سُمیّہؒ ہیں امام ابوداؤدؒ وغیرہ |
| ولم یضعفہا احد وبقیۃ | نے ان کی روایت لی ہے اور کسی نے ان |
| رجالہ ثقات (ج ۴ ص ۳۲۱) | کی تضعیف نہیں کی اور باقی راوی ثقہ ہیں |

اور دوسری روایت کے مرکزی الفاظ یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| اذ رأت ظلہ قد اقبل الحدیث | اچانک انہوں نے آپ کے سایہ کو آتے |
| (مجمع الزوائد ج ۴ ص ۳۲۳) | ہوئے دیکھا۔ |

اور علامہ ہیثمیؒ اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| رواہ الطبرانی فی الاوسط وفیہ | اس کو طبرانیؒ نے (معجم) اوسط میں روایت |
| سمیۃ روی لہا ابو داؤد وغیرہ | کیا ہے اور اس میں سُمیّہؒ ہے امام ابوداؤدؒ |
| ولم یجرحہا احد وبقیۃ | وغیرہ نے ان سے روایت لی ہے اور |
| رجالہ ثقات (ج ۴ ص ۳۲۳) | کسی نے ان پر جرح نہیں کی باقی سب |
| | راوی ثقہ ہیں۔ |

جمہور مسلمین ان صحیح روایات کو کیسے ترک کر سکتے ہیں جب کہ ان کے مقابلہ میں کوئی صحیح حدیث ہی موجود نہیں ہے اور ان صحیح روایات کی تائید مجمع الزوائد کی ایک اور روایت سے ہوتی ہے جو اوقات صلوات کے باب میں امامت جبرائیل کے عنوان سے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً مروی ہے جس میں یہ الفاظ بھی ہیں۔

| | |
|---|---|
| ثم جاءنی فصلی بی العصر حین | پھر میرے حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے |
| کان فی مثلی الی قولہ ثم جاءنی | اور اس وقت مجھے عصر کی نماز پڑھائی جب |
| من الغد فصلی الظہر حین کان | کہ میرا سایہ میرے قد کے برابر ہو گیا (آگے |
| الفئ مثلی ثم جاءنی فی العصر | فرمایا) پھر دوسرے دن میرے پاس آئے |

فصلى بي حين كان في مثلي الحديث رواه البزار وفيه عمر بن عبد الرحمن بن أسيد بن عبد الرحمن بن زيد بن الخطاب ذكره ابن ابي حاتم وقال سمع منه ابو نعيم وعبد الله بن نافع سمعت ابي يقول ذالك وشيخ البزار ابراهيم بن نصر لم اجد من ترجمه وبقية رجاله موثقون - (مجمع الزوائد ج۱ ص۳۰۴)

تو مجھے ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سایہ میرے برابر ہوگیا، پھر میرے پاس عصر کے وقت آئے اور مجھے اس وقت نماز پڑھائی، جب کہ میرا سایہ میری دو مثل ہو گیا الحدیث اس کو محدث بزارؒ نے روایت کیا ہے اس کی سند میں عمرؒ بن عبدالرحمنؒ بن اُسیدؒ بن عبدالرحمنؒ بن زید بن الخطابؓ ہے۔ امام ابن ابی حاتمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سُنا کہ ان سے ابونعیمؒ اور اور عبداللہؒ بن نافعؒ نے سماعت کی ہے اور امام بزارؒ کے استاد ابراہیمؒ بن نصرؒ کا ترجمہ مجھے نہیں مل سکا اور باقی راوی ثقہ ہیں۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ پہلے دن حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کو عصر کی نماز اُس وقت پڑھائی جب کہ آپ کا سایہ آپ کی قامت کے برابر تھا اور دوسرے دن ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب کہ آپ کا سایہ آپ کی قامت کے برابر تھا اور فرمایا کہ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام (دوسرے دن) آئے اور مجھے عصر کی نماز پڑھائی جب کہ میرا سایہ دوگنا ہوگیا تھا اس صورت میں جب کہ کان فی مثلی پڑھیں جو اس سے قبل کی روایت کے مطابق ہے۔ وصلی العصر والفئ قامتان الحدیث مجمع الزوائد جلد ۱ ص۳۰۴ عن ابی سعید الخدریؓ مرفوعا رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر وفیہ ابن لہیعۃ وفیہ ضعف اور اگر یہ لفظ مثلی ہو تو سایہ قد مبارک کے برابر ہوگا، کچھ بھی ہو اس سے سایہ تو بہرحال ثابت ہے، ہم اس طویل علمی بحث میں یہاں نہیں پڑتے کہ آیا ظہر اور عصر کا وقت مشترک ہے جیسا کہ حضرت امام مالکؒ حضرت امام شافعیؒ وغیرہ کا مسلک ہے (بدایۃ المجتہد ج۱ ص۹۱) اور انہوں نے اس تذکرہ

اور اس مضمون کی دیگر احادیث سے استدلال کیا ہے یا ظہر کا وقت ختم ہونے کے بعد عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، جیسا کہ بقیہ حضرات ائمہ کرامؒ کا مسلک ہے اور وہ مسلم ج۱ صفحہ ۲۲۳ کی روایت ووقت صلوٰۃ الظہر مالم تحضر العصر سے استدلال کرتے ہیں اور پہلی روایت کا جواب یہ دیتے ہیں کہ اس میں وقت کی تعیین و تحدید مراد نہیں، بلکہ تقریب مراد ہے، یعنی پہلے دن کی عصر کا وقت دوسرے دن کی ظہر کے وقت کے قریب تھا نہ کہ بعینہ وہی تھا اور مسلم ج۱ صفحہ ۲۲۳ کی روایت ثم اخر الظہر حتی کان قریبا من وقت العصر بالامس اس کی دلیل ہے۔ غرضیکہ فریق مخالف آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ کی نفی پر جس قسم کی روایت سے استدلال کرتا ہے، اُس سے بڑھ کر ثبوتِ سایہ کے لیے یہ روایت موجود ہے جسے ہم نے صرف تائید کے لیے پیش کیا ہے اور پہلے گذشتہ روایات اس کے علاوہ ہیں۔

جب قرآن کریم اور حدیث شریف سے آپ کی بشریت واضح الفاظ سے ثابت ہے اور صحیح احادیث سے آپ کا سایہ بھی ثابت ہے تو مؤلف مذکور کا یہ عذر لنگ کہ سایہ بشریت کثیفہ کا ہوتا ہے نہ کہ بشریت لطیفہ کا محض ایک ڈھکوسلہ ہے، کیونکہ آپ کی بشریت کا باوجود لطیفہ ہونے کے اور کالیاقوت فی الحجر ہونے کے صحیح حدیث کے موافق سایہ تھا، لہٰذا نص کے مقابلہ میں قیاس کی مطلقاً کوئی گنجائش اور سماعت نہیں ہو سکتی اور بے شک ظنیات کے باب میں دلائل ظنیہ کافی ہوتے ہیں، لیکن عقیدہ تو کو ظنی ہوتا ہے اور نہ اس کے لیے دلیل ظنی کفایت کرتی ہے اور مؤلف مذکور اس کو عقیدہ کہتے ہیں، ہاں اگر کوئی مسئلہ اور نظریہ ظنی ہو تو اس کے لیے ظنی دلیل بھی کافی ہو سکتی ہے۔ علاوہ بریں یہ بھی عجیب ستم ظریفی ہے کہ ثابت شدہ ظنی (خبر واحد صحیح) کی تو کوئی پرواہ نہ کی جائے اور بے ثبوت ظنی کو پلے باندھ لیا جائے۔ یہ کون سا انصاف ہے؟ غرضیکہ صحیح حدیث کی روشنی میں آپ کا سایہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ کوئی ضدی اپنے تعصب اور ضد کو نہ چھوڑے اور میں نہ مانوں اور لا انسلم کی رٹ ہی لگاتا رہے، جیسا کہ مؤلف مذکور اور ان کی جماعت کا یہ محبوب ولذیذ وطیرہ ہے تو اس کا کسی کے پاس کیا علاج ہے؟

رہی وہ روایت جو مؤلف مذکور نے نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تو سورج میں دکھائی دیتا تھا اور نہ چاند میں تو تنقید متین میں اس پر با حوالہ بحث ہو چکی ہے کہ اس کی سند میں عبد الرحمن بن قیس زعفرانی راوی ہے جو کذاب اور وضاع ہے۔ ایسی روایت پر مدار رکھ کر شریعت کے کسی حکم کو کیسے رد کیا جا سکتا ہے؟ حیرت ہے کہ مؤلف مذکور حضرت ابن عباسؓ کی روایت کا جان چھڑانے کے لیے بار بار نام لیتے ہیں لیکن اس کی سند اور رجال اور ان کی کتب اسماء الرجال سے توثیق نقل کرنے سے قطعاً قاصر اور سراسر عاجز ہیں۔ ان کا علمی اور اخلاقی فریضہ ہے کہ اپنے علمی تھیلے اور پٹاری سے اس روایت کی سند نکالیں اور رواۃ کی توثیق کریں، ورنہ اس سے انہیں قطعاً کوئی فائدہ نہیں، اسی طرح ان کا بار بار علماء کی عبارات نقل کرنا کہ فلاں فرماتے ہیں کہ آپ کا سایہ نہ تھا اور فلاں فرماتے ہیں کہ آپ کا سایہ نہ تھا، کو یہ بالکل بے سود ہے کیونکہ مثلاً انھوں نے اگر دس بزرگوں نے نام لے کر ان کی عبارات اس مضمون پر نقل کی ہیں کہ آپ کا سایہ نہ تھا تو ہم کہتے ہیں کہ اگر وہ بجائے دس کے دس ہزار بزرگوں کی عبارات بھی پیش کر دیں تو اس سے کچھ نہیں بنتا کیونکہ مسند مرفوع اور صحیح احادیث کے مقابلہ میں دس ہزار تو کیا دس لاکھ بلکہ دس ارب و کھرب حضرات کی بات بھی کوئی وقعت نہیں رکھتی کیونکہ علمی قاعدہ تو یہ ہے کل احد یؤخذ عنہ ویترک الا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ باقی یہ دلائل کہ آپ کا سایہ اس لیے نہ تھا کہ آپ نور تھے اور شمس و قمر تو آپ کے نور سے مخلوق ہوئے ہیں، پھر آپ کے سبب سے ان کی روشنی کیونکر چھپ سکتی ہے اور اس لیے آپ کا سایہ نہ تھا تاکہ قدموں کے نیچے اور گندی جگہوں کے نیچے واقع ہونے سے محفوظ رہے اور یہ کہ سایہ تاریکی کو مستلزم ہے اور آپ تو نور منیر ہیں وغیرہ وغیرہ تو یہ سب بے وزن اور بے جان باتیں ہیں۔ اولاً اس لیے کہ جب صحیح احادیث سے آپ کا سایہ ثابت ہے، تو نص کے مقابلہ میں ایسی صوفیانہ یا عارفانہ خود ساختہ باتیں کیا حیثیت رکھتی ہیں؟ وثانیاً آپ جس معنی میں نور ہیں، وہ معنوی نور ہے حسی نہیں تو معنوی نور پر حسی نور کے آثار مرتب کرنا نرا مجنونانہ فعل ہے وثالثاً فرع کا وہ مرتبہ نہیں ہوتا جو اصل کا ہوتا ہے آپ کا سایہ آپ کے نفس اطہر اور بدن مبارک کی فرع ہے اور یہ بین امر ہے کہ مکہ مکرمہ وغیرہا کی

سرزمین پر جگہوں اور راستوں میں جہاں آپ کے قدم مبارک پڑتے تھے، وہاں کسی نہ کسی کافر و مُشرک کا قدم بھی پڑتا رہا اور ظاہر امر ہے کہ اُن راستوں پر عام انسان تو کیا حیوانات بھی چلتے تھے پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ کے سایہ کو جو آپ کی ذات بابرکات کی فرع ہے تو قدموں سے محفوظ رکھا گیا اور آپ کے بنفسِ نفیس قدم مبارک جہاں پڑتے رہے۔ ان جگہوں کو کافروں مُشرکوں اور حیوانات کے قدموں سے محفوظ نہ رکھا گیا؟ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ اس خود ساختہ منطق کے رُو سے مناسب تو یہ تھا کہ آپ کا قدم مبارک ہی زمین پر نہ پڑتا تاکہ کسی کافر اور مُشرک کا ناپاک قدم اس پر نہ پڑتا کیونکہ مشرک ناپاک ہیں انما المشرکون نجس اور اس معنوی نجاست سے بھی آپ کے قدم مبارک کو محفوظ رکھنا چاہیے تھا۔ اس لحاظ سے آپ کو چاہیے تھا کہ زمین پر قدم مبارک ہی نہ رکھتے یا ہمیشہ سواری پر اور پالکی میں سفر کیا کرتے والظاہر خلافہ اور یہ امر بھی ثابت ہے کہ آپ کی گردن مبارک پر مشرکوں نے اونٹ کی ناپاک جھلی بھی ڈالی جب کہ آپ المسجد الحرام میں کعبۃ اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے۔ بخاری ج ۱ ص۳۷ میں سلا جزور بنی فلاں کے الفاظ ہیں اور اس کے معنی جھلی کے ہوتے ہیں والظاہر انہا نجست (کرمانی شرح بخاری)۔

اور یہ بھی ثابت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے جب کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جوتیوں سمیت نماز پڑھا رہے تھے آپ کو آکر یہ خبر دی کہ آپ کی جوتیوں کے نیچے غلاظت لگی ہوئی ہے (ان جبرائیل اتانی فاخبرنی ان فیہا قذرا) یہ روایت ابو داؤد ج ۱ ص۹۵ مسند داری ص۲۱۷ مترجم موارد الظمآن ص۱۰۷ اور مستدرک حاکم ج ۱ ص۲۶۰ میں موجود ہے قال الحاکم والذہبی صحیح علی شرط مسلم اور مشکوٰۃ ج ۱ ص۷۳ میں بھی یہ روایت موجود ہے۔ ظاہر بات ہے کہ جوتیوں کے نیچے غلاظت تب ہی لگی تھی کہ آپ نے نجس جگہ پر اگر با مر مجبوری یا لاعلمی ہی سہی پاؤں مبارک رکھے تھے۔ عجیب بات ہے کہ پاؤں اور نعلین پلید جگہ پر پڑ جائیں تو کچھ حرج نہ ہو لیکن سایہ ایسی جگہ پر پڑے تو قابل انکار امر ہو۔ اسی طرح آپ کی بشریت کے اعلیٰ و الطف ہونے سے نیز آپ کے نور یعنی روح کے پہلے پیدا ہونے اور اس کے پروردگار کے سامنے سجدہ ریز رہنے سے اور آپ کے نور کے اصل اور باقی مخلوق کے فرع ہونے سے بھی مؤلف مذکور کو قطعاً کوئی

فائدہ نہیں کیونکہ صحیح احادیث سے آپ کا سایہ ثابت ہے اور ان کے مقابلہ میں کوئی روایت سنداً ثابت ہی نہیں، پھر ایسی بے سند روایات کا کیا اعتبار؟ اور اگر ان کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو بھی اس سے مؤلف مذکور کو کچھ فائدہ نہیں کیونکہ آپ کا نور یعنی روح مبارک اول خلق ہونے کی وجہ سے اصل ہے، اگر یہ معنوی نور ہے جس سے قلوب مؤمنین میں معرفت پیدا ہوتی ہے نہ کہ حِسّی نور کتنے بدبخت اور شقی القلب ہیں۔ وہ لوگ جو آپ کی صحیح احادیث کا انکار اور تاویلات کر کے آپ کے سایہ کی نفی کرتے ہیں اور غیر معصوم اقوال کو ترجیح دیتے ہیں۔

**دلیل نمبر ۲)** | امام جلال الدین سیوطیؒ (المتوفی ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| اخرج الحکیم الترمذی من | حکیم ترمذی نے عبدالرحمن بن قیس الزعفرانی |
| طریق عبدالرحمٰن بن قیس | کے طریق سے عبدالملک بن ولید سے |
| الزعفرانی عن عبدالملک | اور انہوں نے ذکوان سے یہ روایت |
| بن عبدالله بن الولید عن | کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم |
| ذکوان ان رسول الله صلی الله | کا سایہ نہ تو سورج میں نظر آتا تھا اور |
| علیه وسلم لم یکن یُرای | نہ چاند میں۔ |
| له ظل فی شمس ولا قمر اھ | |
| (خصائص الکبریٰ ج ۱ صہ ۶۸) | |

اس روایت سے ثابت ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا اور جب سایہ نہ تھا تو (معاذ اللہ) آپ بشر بھی نہ تھے؟

**الجواب** | یہ روایت قابل احتجاج نہیں ہے۔ اوّلاً اس لیے اس کی سند میں عبدالرحمٰن بن قیس الزعفرانی نامی ایک راوی ہے۔ امام عبدالرحمٰنؒ بن مہدیؒ اس کو جھوٹا کہتے تھے اور امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیث ضعیف ہے اور وہ کچھ نہیں اور متروک الحدیث ہے۔ امام ابوزرعہؒ اس کو کذاب کہتے ہیں۔ امام مسلمؒ بن الحجاج فرماتے ہیں کہ وہ ذاہب الحدیث

ہے۔ امام ابو علیؒ فرماتے کہ وہ جعلی حدیثیں بنایا کرتا تھا (کان یضع الحدیث) امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ وہ متروک الحدیث ہے اور امام ساجیؒ فرماتے ہیں کہ وہ ضعیف تھا (تاریخ بغداد جلد ۱۰ ص۲۵۱ و ص۲۵۲)

یہ تمام جرحی کلمات حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے تہذیب التہذیب میں نقل کیے ہیں اور یہ اضافہ کیا ہے کہ محدث ابن عدیؒ فرماتے ہیں کہ ان کی اکثر احادیث میں ثقات نے ان کی متابعت نہیں کی اور حاکم ابو احمدؒ فرماتے ہیں کہ وہ ذاہب الحدیث ہے اور امام ابو نعیم اصبہانیؒ فرماتے ہیں وہ لاشیئ ہے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص۲۵۹) وثانیاً حضرت ملا علی القاریؒ فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| ذکرہ الحکیم الترمذی فی | حکیم ترمذیؒ نے یہ روایت اپنی کتاب |
| نوادر الاصول عن عبد الرحمٰن | نوادر الاصول میں عبد الرحمٰن بن قیس کے |
| بن قیس وھو مطعون عن | طریق سے ذکر کی ہے اور عبد الرحمٰن مطعون |
| عبد الملک بن عبد اللہ | ہے اور اس نے عبد الملک بن عبد اللہ |
| بن الولید وھو مجھول عن | بن الولید سے روایت کی ہے اور وہ مجہول |
| ذکوان اھ | ہے اور اس نے ذکوان سے روایت کی |
| (شرح الشفاء جلد نمبر ۳ ص۲۸۲ طبع مصر) | ہے۔ الخ |

تو اس کڑی میں کذاب اور وضاع راوی کے ساتھ ایک مجہول راوی بھی شریک ہو گیا ہے وثالثاً ذکوانؒ تابعی ہیں اور ان کی براہ راست جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت وسماعت نہیں ہے کوئی عملی اور فرعی مسئلہ ہوتا تو پھر معاملہ جدا تھا۔ مگر بات عقیدہ کی ہے لہٰذا ان حالات میں نصوص قطعیہ اور احادیث صحیحہ کے مقابلہ میں ایسی بے سر و پا روایات کو کون تسلیم کرتا ہے؟ اور ان پر دین کی بنیاد کیوں کر رکھی جا سکتی ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ خود امام سیوطیؒ دوسرے مقام پر عبد الرحمٰن بن قیس الزعفرانی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ کذاب وضاع (مناہل الصفا فی تخریج احادیث الشفاء ص۷) اور یہ روایت بھی نوادر الاصول کی ہے جس کے مصنف ابو عبد اللہ محمد بن علی الحسینؒ (المتوفی ۲۵۵ھ) ہیں حضرت

شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ

نوادرالاصول اکثر احادیث غیر معتبر وارد یعنی نوادرالاصول کی اکثر حدیثیں غیر معتبر ہیں۔

(البتان المحدثین صفحہ ۶۱)

**اعتراض** جہاں تک سایہ نہ ہونے کا مسئلہ ہے اہل سنت کے نزدیک مختار یہ ہے کہ آپ کا سایہ ثابت نہیں اور یہ ایک ظنی عقیدہ ہے جس کے اثبات کے لیے دلائل ظنیہ کافی ہیں لیکن مولوی سرفراز صاحب نے اس پر اہل سنت کی طرف سے جو یہ لطفریح بٹھائی ہے کہ جب سایہ نہ تھا تو آپ بشر بھی نہ تھے یہ محض افتراء اور کذب خالص کی بدترین مثال ہے۔ اہل سنت کی کتابیں نبی علیہ السلام کی بشریت کے ثبوت و تحقیق کے ذکر سے بھری پڑی ہیں ہم پچھلے صفحات میں صدرالافاضل کا کلام نقل کر چکے ہیں البتہ دیوبندیوں کی طرح نبی علیہ السلام کو عام بشریت کے مماثل ماننا اہل سنت کا عقیدہ نہیں ہم آپ کی بشریت کو بے مثل اور اوصاف و کمالات کے اعتبار سے ممتنع النظیر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں، باقی رہا یہ امر کہ جب بشریت مان لی تو سایہ بھی ماننا ہوگا عناد اور جہل کے سوا کچھ نہیں کیونکہ آپ کی بشریت کو عام انسانوں کی بشریت پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اولاً تو اس لیے کہ آپ کی ذات مقدسہ بشریت کے ساتھ ساتھ نورانیت بھی کامل ترین جامع ہے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا، ثانیاً اس لیے کہ سایہ اس جگہ کی تاریکی کو کہتے ہیں جو کسی جسم کثیف کے نور کی راہ میں حائل ہونے کی وجہ سے واقع ہو اور نبی علیہ السلام کی بشریت کثافت سے منزہ ہے اور اس درجہ لطافت میں ہے کہ نور کے لیے حاجب نہیں ہو سکتی، حتیٰ کہ تاریک سایہ کی موجب ہو، سرفراز صاحب نے ذکوانؓ کی روایت کو نقل کرنے کے بعد کہا ہے کہ قابل احتجاج نہیں۔ الجواب اولاً کسی ضعیف روایت کو عقیدۂ قطعیہ کے اثبات میں تو بے شک پیش نہیں کیا جا سکتا لیکن ظنی عقیدہ میں ظنی دلائل کافی ہوتے ہیں لہذا اس باب میں یقیناً اس روایت کا اعتبار کیا جائے گا۔ ثانیاً عقیدہ کا اثبات اور شے ہے اور اس کی تائید امر آخر ہے نبی علیہ السلام کی نورانیت قرآن سے ثابت ہے اور نور کو سایہ نہ ہونا لازم ہے پس تائید کے درجہ میں اس روایت کا اعتبار کسی خدشے کا حامل نہیں بنا لیتا آپ کا سایہ نہ

ہونا تمام امت کا تقریباً اتفاقی مسئلہ ہے اور تلقی بالقبول کو بھی ناقدین فن نے وجوہ صحیحہ سے شمار کیا ہے۔ والبتہ امام سیوطیؒ نے خصائص الکبریٰ میں اس حدیث کو ذکر کر کے اس کا ثبوت بہم پہنچا دیا ہے کہ ان کے نزدیک حدیث قابل تسلیم و احتجاج ہے اور فن حدیث میں امام سیوطیؒ کا جو مقام ہے وہ اپنے پرائے سب تسلیم کرتے ہیں۔ خاص اگر آپ کو اس حدیث سے خداقی بغض ہے تو چلیے یہ نسیم الوفاء سے جو روایت ہم ابن عباسؓ کی متصلاً پیش کر چکے ہماسے مان لیجئے اور اگر اس پر بھی تامل ہو تو تفسیر مدارک علی ہامش الخازن ج۳ صفحہ۳۲۱ پر حضرت عثمانؓ کی حدیث ہے، انھوں نے فرمایا کہ بلا ریب اللہ تعالیٰ نے آپ کا سایہ زمین پر واقع نہیں کیا تاکہ کہیں کوئی شخص آپ کے سایہ پر اپنا قدم نہ رکھ دے۔ یہ کوئی ذکوانؒ کا قول نہیں ہے کہ آپ کہہ دیں اس کی براہ راست رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت نہیں اور حدیث مرسل دیوبند کے حنفیوں میں مقبول نہیں، یہ حضرت عثمانؓ کا قول ہے جو سفر و حضر میں رسول اللہ کے جلیس تھے جن کے سر پر ما انا علیہ و اصحابی کا تاج ہے ہاتھ میں اصحابی کالنجوم کا پرچم ہے ما تھے پر علیکم بسنتی کی جھومر ہے ایسے عظیم الشان صحابی کا قول جن کا قول بھی حدیث ہے اور پھر وہ بھی بارگاہ نبوی میں پیش ہو کر تقریر سے حکماً مرفوع ہو چکا ہے اور اگر حضرت عثمانؓ کو بھی آپ کے ہاں پذیرائی حاصل نہ ہو تو مولوی رشید احمد گنگوہیؒ سفینہ دیوبند کے ناخدا امدادالسلوک ص۸۶ میں لکھتے ہیں، تواتر سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سایہ نہیں رکھتے تھے اور ظاہر ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام کا سایہ ہوتا ہے۔ حضرت عثمانؓ آپ کے ہاں مقبول نہ سہی ٹکسال دیوبند کا سکہ تو بہر حال آپ کے ہاں چلتا ہے۔ اب فرمائیے کیا خیال ہے۔ تواتر سے جو مسئلہ ثابت ہو وہ قطعی ہوتا ہے یا ظنی؟ یہ کیسا صریح ظلم ہے کہ ہم اس مسئلہ کو اگر ظن کے درجہ میں مان لیں کافر مشرک اور بدعتی سے کم نہیں اور آپ کے پیر مغاں اسے تواتر سے ثابت اور یقین کے درجہ میں مانیں، پھر شیخ کے شیخ جو چیز شرک و بدعت ہو گنگوہی ٹھہراتے کیسے توحید و سنت بنا دیتی ہے، وہ کون سا منتر ہے جس کے عمل سے آپ اپنے مولویوں کو شرک اور بدعت کے فتوؤں سے بچا لیتے ہیں، یہود اپنے احبار و رہبان کی عبادت چھوڑ چکے، آپ کے ہاں یہ پوجا

کب بند ہوگی ؟ المواہب اللدنیہ شرح شمائل محمدیہ صفحہ ۳ پر ہے ابن المبارکؒ اور ابن جوزیؒ
کی ایک روایت میں ہے کہ آپ کا سایہ نہ تھا۔ زرقانی ج ۴ صفحہ ۲۲۰ پر ہے۔ ابن المبارکؒ اور ابن جوزیؒ
نے ابن عباسؓ سے روایت کیا کہ نبی علیہ السلام کا سایہ نہ تھا اور آپ کبھی دھوپ میں نہ کھڑے
ہوتے مگر سورج کی روشنی پر آپ کا نور غالب رہا۔ یہ ذکوانؓ کی طرح مرسل روایت نہیں بلکہ ابن عباسؓ
کی پیش کردہ حدیث متصل ہے اور روایت کرنے والے ہیں۔ ابن الجوزیؒ جیسے ناقد حدیث جو
اچھی بھلی حدیث کو موضوع بنا ڈالتے ہیں، پس ایسے کی روایت میں تردد کرنا عناد کے سوا کچھ نہیں
مولوی سرفراز صاحب کی خیانت اور گمراہ کن ذہنیت کا اندازہ اسی امر سے بآسانی کیا جا سکتا ہے
کہ انہوں نے اہل سنت کے مسلک کی دلیل حدیث ذکوان کو قرار دیا تاکہ رسول اللہ صلی اللہ کے
کمال نفی ظل پر اچھی طرح دل کا بخار نکال سکیں۔ عظمت رسول کریم کو کم کرنے کا انہوں نے اپنے
زعم میں خوب بہانہ تراشا، مگر اس سے غافل تھے کہ یہ رسوائی خود ان کا مقدر بن چکی ہے۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے مداحوں کے دامن پر گندگی کا جو ہاتھ انہوں نے بڑھایا تھا وہ اپنی
تمام تر نجاستوں سمیت ان کی اپنی ذات کی طرف لوٹ آیا۔ قاضی عیاض مالکیؒ شفا شریف ج ۱ صفحہ ۲۴۳
پر فرماتے ہیں اور وہ جو مذکور ہے کہ آپ کا چاند سورج میں سایہ نہ پڑتا تھا پس وہ اس لیے
ہے کہ آپ نور ہیں۔ شہاب الدین خفاجیؒ نسیم الریاض ج ۳ صفحہ ۳۱۹ میں اس کی شرح میں لکھتے ہیں یعنی
آپ کے جسد شریف لطیف کا سایہ نہ تھا اور لطیف کے لفظ میں لطیف اشارہ موجود ہے کہ آپ
کی بشریت کثافت سے منزہ ہوکر لطافت کے اس درجہ میں تھی کہ روشنی کے لیے حاجت نہ ہوتی
تھی، حتیٰ کہ تاریک سایہ کا موجب ہوتی اسی بحث میں آگے چل کر فرماتے ہیں۔ اس کو ابن جوزیؒ،
صاحب کتاب الوفا نے ابن عباسؓ سے روایت کیا کہ آپ کا سایہ نہ تھا۔ ان تمام اکابر علماء نے
نفی ظل کی بنا حدیث ابن عباسؓ پر کی ہے۔ لیکن مولوی سرفراز صاحب نے اس متصل حدیث کو چھوڑ
کر اس مسئلہ کو حدیث ذکوان پر مبنی قرار دیا تاکہ اسی روایت کے ضعف وارسال سے اصل مسئلہ میں
ضعف ثابت کر سکیں۔ انا للہ الخ قاضی عیاضؒ کے قول لانہ کان نوراً کی شرح میں ملا علی القاریؒ
شرح شفا ج ۱ صفحہ ۵۲۱ میں تحریر فرماتے ہیں یعنی حضور نور ہدایت ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا کیونکہ

اس میں کثافت نہیں ہے اور جو مضمون لو ادر میں وارد ہے اس سے بھی یہی مراد ہے اور اس کے لفظ یہ ہیں: نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نہ دھوپ میں پڑتا تھا نہ چاندنی میں اس کو حلبیؒ نے بھی ابن سبعؒ سے نقل کیا۔ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ مدارج النبوۃ ج۱ ص۱۲۱ میں فرماتے ہیں اور نور نبی علیہ السلام کے اسماء میں سے ہے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا۔ نیز یہی شیخ عبد الحق محدث دہلوی رح مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۶۱ میں تحریر فرماتے ہیں: حضرت عثمانؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ حضور آپ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا کہ کہیں نجس زمین پر نہ پڑے۔ شاہ عبد العزیزؒ تفسیر عزیزی ص۲۱۹ پ میں فرماتے ہیں اور آپ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا انتہیٰ باختصار یسیر۔ (توضیح البیان از ص۱۵ تا ص۲۲)

نوٹ: یہ یاد رہے کہ مولف مذکور نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کی جو دلیلیں اور حوالے ذکر کیے ہیں، یہ سب خان صاحب کی کتاب نفی الفیٔ وغیرہ سے ماخوذ ہیں۔

## الجواب

ہم بقدر امکان ترتیب سے جوابات عرض کرتے ہیں غور سے ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) جب دلائل قطعیہ اور براہین ساطعہ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشریت ثابت ہے اور احادیث صحیحہ صریحہ سے آپ کا سایہ بھی ثابت ہے تو اہل السنت والجماعت ان کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کیونکر یہ عقیدہ رکھ سکتے ہیں کہ آپ کا سایہ نہ تھا اور یہ اہل السنت کا مختار کیسے ہو سکتا ہے؟ البتہ اہل بدعت کا عقیدہ یہ ضرور ہے اور انہی کے لیے یہ مناسب بھی ہے، کیونکہ حق اور صحیح دلائل کے ساتھ ان ہی کا خدا واسطے کا بیر ہوا کرتا ہے اور وہی ایسا عقیدہ رکھ سکتے ہیں۔

(۲) عقائد تمام قطعی ہوتے ہیں اور ان کے لیے دلائل بھی قطعی درکار ہوتے ہیں کسی مسئلہ یا نظریہ یا کسی جزئیہ کو عقیدہ سے تعبیر کرنا معروف اصطلاح کے خلاف ہے، اس لیے ایسی خانہ ساز اصطلاحات سے حقیقت پر کوئی زد نہیں پڑتی۔

(۳) بے شک اہل بدعت میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بشر ماننے والے بھی موجود ہیں مگر ان میں آپ کو اللہ تعالیٰ کے ذاتی نور سے مخلوق تسلیم کرنے والے بھی ہیں اور اسی کو وہ نام نہاد اہل السنت والجماعت کا عقیدہ بتاتے ہیں، جیسا کہ پہلے باحوالہ یہ بات عرض کی جا چکی ہے تو

پھر اس کو محض افتراء اور کذب خالص کی بدترین مثال قرار دینا اپنی خالص جہالت کا یا اپنی ہٹ دھرمی کا ثبوت دینا ہے۔ البتہ مؤلف مذکور کا یہ کہنا کہ دیوبندی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشریت کو عام بشریت کے مماثل مانتے ہیں اور ہم آپ کی بشریت کو بے مثل اور اوصاف و کمالات کے لحاظ سے ممتنع النظیر مانتے ہیں یہ نرا دجل و تلبیس ہے ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ فضائل ومزایا اور اوصاف و کمالات وغیرہا میں آپ کی ذات سب سے افضل ہے اور آپ افضل البشر ہیں۔ ان خوبیوں میں آپ کا کوئی مثیل اور نظیر نہیں، لیکن نفس بشریت اور لوازم بشریت جن میں سایہ ہونا بھی دلائل سے ثابت ہے اس میں آپ قرآن کریم کی قطعی آیات کے حکم سے اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ ہیں اس میں ایک رتی کا شک نہیں ہے باقی ممتنع النظیر کا جملہ بحث طلب ہے۔ اگر اس سے مراد یہ ہے کہ نہ تو آپ کی مثل اور نظیر آج تک پیدا ہوئی اور نہ تا قیامت پیدا ہوگی تو ہمارا اس پہ صاد ہے اور اسی معنی میں علامہ اقبال ؒ نے فرمایا ہے کہ ؎

رُخِ مصطفیٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ — نہ ہماری بزمِ خیال میں نہ دکان آئینہ ساز میں

اور اگر مراد یہ ہے کہ اگر بالفرض اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ کی مثل اور نظیر پیدا کرنا چاہیے تو اس کو اس پر قدرت ہی حاصل نہ ہو۔ یہ اہل بدعت کا عقیدہ تو ہے، لیکن اہل السنت کا نہیں، کیونکہ وہ اس پر کامل یقین رکھتے ہیں کہ

إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(۴) جب آپ کی بشریت نصوص قطعیہ سے ثابت ہے کہ ذات اور جنس آپ کی بشر ہے اور خود مؤلف مذکور بھی جنس کے لحاظ سے آپ کو بشر تسلیم کر چکے ہیں اور کرتے ہیں اور نور آپ کی صفت ہے تو سایہ کا آپ کے لیے ہونا نقلاً و عقلاً ثابت ہے کیونکہ یہ بشریت کے لوازم میں سے ہے اور صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ اس کا انکار عناد و دجل کے سوا اور کچھ نہیں۔

(۵) آپ کا جسم مبارک اپنی ظاہری اور باطنی جسمانی اور روحانی خوبی اور کمال کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ لطیف ہی تھا بلکہ الطف بھی تھا، لیکن آپ کا جسم اطہر بایں ہمہ ایسا نہ تھا جو کسی کو نظر نہ آتا جیسا کہ فرشتوں اور جنات کے وجود کہ وہ عموماً نظر نہیں آتے۔ جب آپ کا جسم مبارک کسی

تھا اور ہر ایک کو ہر وقت نظر آسکتا تھا اور آتا تھا تو ایسے جسم کے لیے سایہ کا ہونا کون سی بعید بات ہے۔

(۶) عقیدہ قطعی ہوتا ہے ظنی نہیں ہوتا ہے اور قطعیات میں ظنیات کا قطعاً کوئی دخل نہیں شرح العقائد صلنا میں ہے ولا عبرۃ بالظن فی باب الاعتقادیات یعنی اعتقادی امور میں ظن کا کوئی اعتبار نہیں ذکوان کی روایت سے سایہ کی نفی کر کے بالواسطہ آپ کی قطعی طور پر ثابت شدہ بشریت کا انکار ہو رہا ہے اور اس میں وضاع قسم کے راوی بھی موجود ہیں، لہٰذا اس کا کیا اعتبار ہے؟ اس لیے یہ روایت قطعاً اور یقیناً مردود ہے دلائل کی مد میں اس کا قطعاً کوئی اعتبار نہیں یہ بات اہل بدعت ہی کو زیبا ہے کہ وہ ایسی موضوع روایات کا اعتبار کر کے اپنے دل ماؤف کو بہلا لیں اور وہ اکثر ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔ ان کا مزاج اور مبلغ علم ہی یہ ہے کہ

دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

(۷) آپ کا یہ عقیدہ کہ آپ کا سایہ نہیں کس قطعی دلیل سے ثابت ہے جس کی تائید کے لیے آپ اس موضوع اور بالکل بے بنیاد روایت کا سہارا لے رہے ہیں، پہلے تو آپ وہ قطعی دلیل علمی تقیلے سے نکالیں، پھر اس موضوع روایت کو اس کی تائید میں پیش کریں۔ قرآن کریم سے اور وہ بھی صرف ایک تفسیر اور احتمال کے لحاظ سے نہ کہ قطعیت سے آپ کی جو نورانیت ثابت ہے، وہ صرف وصف کے لحاظ سے ہے نہ کہ ذات اور جنس کے لحاظ سے اور بشریت آپ کی قطعی طور پر ثابت ہے جس کے لیے سایہ ہونا لازم ہے اور احادیث صحیحہ سے ثابت بھی ہے، لہٰذا ایسی موہوم و مفروض دلیل کی تائید میں جعلی روایت سے تائید تلاش کرنا جہالت کا پلندہ ہے۔

(۸) تمام امت کا تقریباً اتفاق آپ کے سایہ ہونے پر ہے نہ کہ نہ ہونے پر (چند بزرگوں کا نام تمام امت نہیں ہے) کیونکہ تمام امت آپ کو بشر تسلیم کرتی ہے اور بشر کے لیے سایہ لازم ذات ہے اور تمام امت صحیح احادیث کو بھی تسلیم کرتی ہے اور صحیح احادیث سے بھی آپ کا سایہ ثابت ہے۔ کیا متولف مذکور کے نزدیک قرآن وحدیث سے ثابت شدہ کسی فیصلہ کے خلاف بھی کبھی اجماع ہوا ہے یا ہو سکتا ہے؟ بلاشک تلقی بالقبول بھی حضرات محدثین کرام کے ہاں قابل

اعتبار ہے، لیکن صرف ضعیف حدیثوں میں نہ کہ نری جعلی اور موضوع حدیثوں میں اور یہاں تو تعلق بھی نہیں، بلکہ اس روایت کی پُرزور تردید کی گئی۔

(۹) بلاشبہ حضرت امام سیوطیؒ وسیع النظر اور بڑے عالم گزرے ہیں، لیکن نہ تو وہ ائمہ جرح و تعدیل میں شمار ہیں اور نہ انہوں نے کتاب خصائص الکبریٰ (وغیرہ) میں صحت کا التزام کیا ہے خصائص الکبریٰ میں موضوع اور جعلی روایات کی بھرمار ہے، لہٰذا ان کا اپنی کتاب میں کسی روایت کا ذکر کر دینا کسی طرح حدیث کی صحت اور ثبوت کو مستلزم نہیں ہے اپنے پرائے ان کا مقام صرف وسعت نظر میں تسلیم کرتے ہیں نہ کہ حدیث کی تصحیح اور تحسین میں کیونکہ یہ ان کا مقام ہی نہیں ہے ہاں اگر کسی روایت کی باقاعدہ سند موجود ہو اور اس کے جملہ رواۃ ثقہ ہوں اور وہ اس کی تصحیح و تحسین کریں اور دوسرے حضرات محدثین کرامؒ بھی اس حدیث کو صحیح یا حسن کہتے ہوں، تو پھر معاملہ جدا ہے۔

امام سیوطیؒ نے خود اپنی کتاب الجامع الکبیر میں حدیث کی صحت وضعف کا ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے۔ مؤلف مذکور اور ان کے حواریوں کو وہ پیش نظر رکھنا چاہیے۔ وہ فرماتے ہیں۔

كل ما عزي الى العقيلي وابن عدي والخطيب البغدادي وابن عساكر والحكيم الترمذي وذكر جماعة غيرهم فهو ضعيف فيستغني بالعزو اليهم اى الى كتبهم عن بيان ضعفه انتهى بلفظه۔ (هامش المراح في المزاح ص۳ للعلامة بدر الدين ابي البركات الغزيؒ المتوفی سنہ ۹۸۴ھ)

کہ جو حدیث عقیلیؒ ابن عدیؒ خطیب بغدادیؒ ابن عساکرؒ یا حکیم ترمذیؒ وغیرہ کی طرف نسبت کی جائے اور ان کے علاوہ ایک اور جماعت کا ذکر بھی کیا تو ان کی طرف نسبت ہی حدیث کے ضعیف ہونے کے لیے کافی ہے اس حدیث کے الگ ضعف بیان کرنے کی کوئی حاجت نہیں ہے۔

اور ذکوان کی یہ روایت بطریق عبدالرحمٰن بن قیس الزعفرانی انھوں نے خصائص الکبریٰ ج۱
ص۱۷ میں حکیم ترمذی کی طرف نسبت کی ہے اخرج الحکیم الترمذی الخ ذکوان کے نزدیک
اس کے ضعیف ہونے میں کیا شک ہے ؟

علامہ سید سلیمان ندوی (المتوفی ۱۳۷۳ھ) لکھتے ہیں کہ علامہ سیوطیؒ کی خصائص الکبریٰ جو
حیدرآباد دکن میں چھپ گئی ہے معجزات کے موضوع پر سب سے زیادہ مبسوط ہے اور جامع
تالیف ہے۔ علامہ ممدوح نے الی قولہ قوی و ضعیف اور صحیح و غلط ہر قسم کے واقعات کا انبار
لگا دیا اھ (سیرت النبی ج ۳ ص۲۵ طبع لاہور)

(۱۰) مؤلف مذکور نے الوفا کے حوالہ سے حضرت ابن عباسؓ سے جو روایت نقل کی ہے اور جسے
وہ متصل قرار دے کر بجبر منوانا چاہتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس حدیث کی سند کیا ہے؟ اس کے
راوی کون ہیں؟ ان کی توثیق کتب اسماء الرجال سے درکار ہے۔ سینہ زوری سے کسی روایت
کو بلا کسی ثبوت کے متصل قرار دے کر منوانا دجل نہیں تو اور کیا ہے؟ اسی طرح مدارک کے حوالہ
سے حضرت عثمانؓ سے جو روایت نقل کی ہے اس کی سند کہاں اور کیسی ہے؟ بلاشبہ حضرت عثمانؓ
کا قول بھی خلیفۂ راشد ہونے کی وجہ سے بڑا وزنی ہے۔ جب اس کی صحت ثابت ہو اور اس روایت
کے رواۃ اور سند کا کچھ پتہ نہیں اور کتب تفاسیر میں ہر قسم کی رطب و یابس روایات نقل
ہوتی چلی آرہی ہیں، لہٰذا کسی تفسیر میں ایسی بے سر و پا روایات کا موجود ہونا ان کی صحت کی ہرگز
دلیل نہیں ہے غرضیکہ مذکورہ روایت سنداً صحیح ہے اور نہ اس کا اعتبار ہے۔ حکماً تو یہ تب
مرفوع قرار پاتی۔ جب سنداً صحیح ہوتی، جب اس کی سند ہی صحیح نہیں بلکہ پتہ ہی نہیں کہ اس کی
سند کیا ہے تو اس کو دھینگا مشتی مرفوع قرار دے کر منوانے کا کیا مطلب؟ اور اس طرح مانتا
کون ہے؟

مؤلف مذکور کا یہ کہنا کہ حدیث مرسل دیوبند کے حنفیوں میں مقبول نہیں ہوتی۔ ایک خالص
جاہلانہ دعویٰ ہے۔ علماء دیوبند کے نزدیک مرسل حدیث حجت ہے بشرطیکہ اس کی سند صحیح ہو
اور اس کے مقابلہ میں کوئی صحیح اور حسن متصل حدیث موجود نہ ہو اور اس حدیث کی یہ پوزیشن نہیں

کیونکہ ایک تو اس روایت میں جو ذکوانؓ کے طریق سے مروی ہے کذاب اور وضاع راوی موجود ہے جس کی حیثیت پرکاہ کی بھی نہیں ہے اور دوسرے اس کے مقابلہ میں آپ کے سایہ کے ثبوت کی صحیح احادیث موجود ہیں پھر اس کا کیا اعتبار ہے؟

(۱۱) چونکہ مسند احمد۔ مستدرک۔ مجمع الزوائد اور طبقات ابن سعد وغیرہ کتابیں حضرت گنگوہیؒ کے زمانہ میں کمیاب تھیں اور ان میں درج شدہ سایہ کی روایات ان کے پیش نظر نہ تھیں اور بعض کتابوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کا ذکر موجود ہے اور زُروی وغیرہ کے الفاظ سے اس کا تذکرہ ہوا ہے۔ اس لیے بنا پر شہرت کے اس کو امداد السلوک میں متواتر احادیث سے تعبیر کیا گیا ہے اور پھر وہ جس معنی میں آپ کو نور کہتے اور تسلیم کرتے ہیں اور اس معنی میں آپ کے پیروکاروں کو بھی نور تسلیم کرتے ہیں اور آپ کی بشریت کا صاف طور پر اقرار کرتے ہیں اور آپ کو انسان مانتے ہیں ہاں تزکیہ نفس کی وجہ سے الائش اور کدورت کے سایہ سے آپ کو منزہ مانتے ہیں، چنانچہ وہ فتاویٰ رشیدیہ (ج ۱ ص ۱۲ طبع جید برقی پریس دہلی) میں اس سوال کے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے کس بات میں مثل ہیں الخ جواب میں لکھتے ہیں۔

**الجواب** نفس بشر ہونے میں مساوات ہے اگرچہ آپ کی بشریت ازکی واطیب ہے الخ اور امداد السلوک میں فرماتے ہیں، چنانچہ حق تعالیٰ صریحاً فرماتے ہیں کہ تحقیق سے وہ کامیاب ہوگیا جس نے تزکیہ نفس کر لیا یعنی اس نے مجاہدہ کی تلوار اور ہوائے نفسانی کی نجاست سے الائش اور کدورت کو ختم کر دیا اسی لیے حق تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں فرماتے ہیں کہ تحقیق آئے ہیں، تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور کتاب مبین نور سے مراد حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک ہے نیز حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تمہیں شاہد مبشر، نذیر، داعی الی اللہ اور سراج منیر بنا کر بھیجا ہے۔ منیر روشن کرنے والے اور روشنی دینے والے کو کہتے ہیں اگر انسانوں سے کسی کو روشن کرنا محال ہوتا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات میسر نہ ہو سکتی کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے

ہیں، مگر آپ نے اپنی ذات پاک کو ایسا پاکیزہ کیا کہ خالص نور ہو گئے اور حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور فرما دیا اور متواتر احادیث سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سایہ نہیں رکھتے تھے اور یہ واضح ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں۔ اسی طرح آپ نے اپنے پیرکاروں کا ایسا تصفیہ فرمایا کہ وہ بھی نور ہو گئے جیسے کہ ان کی حکایات اور خرق عادات سے کتابیں بھری پڑی ہیں اور ایسی مشہور ہیں کہ انہیں نقل کرنے کی ضرورت نہیں اور حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہمارے نبی پر ایمان لاتے ہیں ان کا نور ان کے آگے پیچھے بھاگتا ہے اور دوسری جگہ ارشاد ہے کہ اس دن کو یاد کرو جب کہ اہل ایمان کا نور ان کے داہنی بائیں آگے پیچھے ہوگا اور منافق کہیں گے کہ ہمیں بھی اس نور سے کچھ دو۔ ان دونوں آیات سے صاف ظاہر ہے کہ اتباع شریعت سے ایمان اور نور دونوں حاصل ہو جاتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مجھے اپنے نور سے پیدا کیا اور مومنوں کو میرے نور سے اور ارشاد فرمایا کہ اے اللہ میرے کان، بصر، قلب میں نور کر دے، بلکہ فرمایا کہ مجھے سراپا نور کر دے پس اگر انسان کا نفس مصفّٰی ہونا محال ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہرگز یہ دعا نہ فرماتے اس لیے کہ محال چیزوں کے لیے دعا کرنا بالاتفاق ممنوع ہے۔ نیز حضرت ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ کو نوری اسی لیے کہتے ہیں کہ آپ سے کئی بار نور دیکھا گیا اور بہت سے خواص و عوام نے صلحاء اور شہداء کے مقابر سے نور بلند ہوتا دیکھا ہے۔ یہ نور ان کے تزکیہ نفس کا ہے جب نفس کا کام بلند ہو جاتا ہے تو اس کا نور بدن میں سرایت کر جاتا ہے اور وہ ہوتے ہوتے بدن کی طبیعت اور مزاج ہی بن جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر نفس بدن سے جدا ہو جائے، پھر بھی وہ جسم انوار کا منبع اور مخزن بن جاتا ہے جس طرح زندگی کی حالت میں تھا۔ انتھی (امداد السلوک ص۱۵۱ و ص۱۵۲ طبع کتب خانہ شرف الرشید شاہ کوٹ) یہ طویل اقتباس ہم نے صرف اس لیے نقل کیا ہے کہ اس سے یہ بات بالکل واضح سے واضح تر ہو جائے کہ جس معنیٰ میں حضرت گنگوہیؒ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے پیروکاروں کو نور فرماتے ہیں، وہ حسی نور نہیں بلکہ معنوی نور ہے جو تزکیہ نفس، تصفیہ نفس کی پاکیزگی اور اتباع شریعت سے حاصل ہوتا ہے اور اس معنیٰ میں سراپا نور ہو کر بھی

انسان، بشر، اور اولادِ آدم علیہ السلام ہی میں رہتا ہے۔ اس عبارت کے پیشِ نظر اگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیروکاروں کا سایہ تھا اور یقیناً تھا تو آپ کا سایہ بھی ہونا چاہیے کیونکہ آپ کے پیروکار بھی بقول حضرت گنگوہیؒ سبھی نور ہو گئے تھے اور اس لحاظ سے سایہ سے مراد نفوس کی آلائش اور کدورت کا سایہ ہو سکتا ہے جو اتباعِ شریعت اور تزکیہ نفس اور ذات کی پاکیزگی کی وجہ سے سب نورانیوں پر بیان ہوتا ہے ورنہ جن پیروکاروں کو وہ نور فرماتے ہیں۔ ان کے سایہ کی نفی کرنا پڑے گی، حالانکہ ایسا شاید مؤلف مذکور اور ان کے حواری بھی نہ کریں۔ ہم نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ کی نفی کرنے والوں کو نہ کافر و مشرک قرار دیا ہے اور نہ بدعتی کہا ہے، یہ مؤلف مذکور کے خبثِ باطن کا نتیجہ ہے کہ عوام الناس کو ہم سے متنفر کرنے کے لیے بے بنیاد اور غلط باتیں ہماری طرف منسوب کرتے ہیں الحمد للہ تعالیٰ کہ ہم لوگ نہ تو پہلے اپنے احبار و رہبان کی پوجا کرتے تھے اور نہ اب کرتے ہیں یہ کمال صرف آپ لوگوں کا ہے کہ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ الآیۃ کا کوئی پہلو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اور یہی آپ کا قیمتی سرمایہ ہے۔

(۱۲) مواہب لدنیہ، زرقانی، کتاب الوفاء، شفاء، نسیم الریاض، شرح شفا ملا علی القاریؒ، مدارج النبوۃ اور تفسیر عزیزی وغیرہ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کے جتنے حوالے نقل کیے گئے ہیں، ان کا جواب ہماری طرف سے یہی ہے کہ سایہ نہ ہونے کی روایت کچھ حضرات نے نقل کی اور اس کو معجزہ تصور کیا گیا اور دوسری طرف صحیح روایات پیشِ نظر نہ تھیں، لہٰذا جس روایت میں آپ کا سایہ نہ ہونے کا ذکر ہے اسی پر بنیاد رکھتے ہوئے ان بزرگوں نے ایسا لکھا ہے، حالانکہ اس روایت کی کوئی اصل نہیں، بلکہ اس کے خلاف صحیح و صریح روایات موجود ہیں کما مر۔

ہم نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ ہونے کی صحیح احادیث باحوالہ عرض کی ہیں اور مؤلف مذکور نے چند بزرگوں کے حوالے نقل کیے ہیں کہ آپ کا سایہ نہ تھا بجائے اس کے کہ ہم اس کے جواب میں متعدد حوالے نقل کریں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خود مؤلف مذکور ہی کا

جواب خود ان کی عبارات میں عرض کر دیں۔ ہم نے حکم الذکر بالجہر میں حضرت ابن عباسؓ کی اس روایت کا کہ نمازوں کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا اور تکبیر کہنا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں تھا جواب حضرت امام شافعیؒ سے یہ نقل کیا تھا کہ یہ حدیث منسوخ ہے وان کا ارشاد روایات پر مبنی ہے اور دیگر حضرات ائمہ کرامؒ کی ان کو تائید بھی حاصل ہے اور وہ خود بھی مجتہد مطلق ہیں۔ اس کا جواب مؤلف مذکور نے یہ دیا ہے۔

امام شافعیؒ تو بہت دور کی چیز ہیں، اگر حدیث رسول کے خلاف صحابیؓ بھی کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فداہ ابی وامی) کے مقابلہ میں ان کی رائے کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہوگا الی قولہ ممکن ہے آپ کے لیے امام شافعیؒ کی رائے کافی ہو لیکن ہم دامن رسالت کو چھوڑ کر کہاں جائیں؟ اور جا بھی کہاں سکتے ہیں؟ اھ (ذکر بالجہر طبع دوم صفحہ ۱۲۸) نیز لکھتے ہیں۔ امام شافعیؒ کی شخصیت۔ ان کی علمی وسعت اور زہد و تقویٰ اپنی جگہ پر یہ تمام امور مسلم ہیں لیکن جب وہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث صحیح کے مخالف کوئی بات محض اپنی رائے سے پیش کریں گے تو شنوائی نہیں ہوگی اھ بلفظہ (صفحہ ۱۰۱)

نیز تحریر کرتے ہیں کہ یاد رکھیے جب کوئی مسئلہ حدیث سے ثابت ہو اور اس کے معارض اور مخالف کتاب وسنت میں کوئی قطعی دلیل نہ ہو تو ایسی صورت میں اس حدیث پر عمل کرنا ہی صحیح دین ہے اور کوئی شخص اپنی جگہ پر کتنا ہی بڑا بزرگ اور عالم دین کیوں نہ ہو، لیکن جب وہ حدیث صریح کے خلاف کوئی بات محض اپنی رائے سے بلا دلیل کہتا ہو تو صحیح اور صریح حدیث کے مقابلہ میں اس کی ذاتی رائے کو چھوڑ دینا ہی ہدایت اور راہ استقامت ہے بعد کا کوئی شخص علم وفضل میں کتنا ہی فائق کیوں نہ ہو صحابہؓ سے نہیں بڑھ سکتا اور جب یہ اصول ہے کہ قول صحابی بھی اگر حدیث رسول کے معارض ہو تو حدیث کے مقابلہ میں اس قول کو چھوڑ دیا جاتا ہے تو سوچیے جس حدیث کے خلاف صحابہؓ کی بات نہ سنی جاتی ہو تو ان کے علاوہ بعد میں کسی بزرگ یا ماوشما کا کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ بلفظہ (صفحہ ۱۰۱)

قارئین کرام! ان بزرگوں کے حوالوں کا جو صحیح اور صریح احادیث کے مقابلہ میں ہیں اس

سے بہتر اور کیا جواب دیا جا سکتا ہے جو مؤلف مذکور نے خود دیا ہے وَكَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ۔

بلاشبہ علامہ ابن الجوزیؒ بڑے عالم اور محدث ہیں اور بعض اوقات صحیح اور حسن قسم کی روایات کو موضوع قرار دینے کی غلطی کرتے ہیں، مگر ان کی کتابوں میں بے سند اور بے اصل روایات پر سکوت کی کمی بھی نہیں، لہٰذا ان کا کسی روایت کو نقل کر دینا فن حدیث کے رُو سے کوئی دلیل اور حجت نہیں ہے۔

**دلیل نمبر (۳)** بریلوی حضرات کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بادل کا سایہ ہر وقت رہتا تھا جس کی وجہ سے آپ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا دیکھئے توضیح البیان ص۱۸۵ و ص۱۸۶)

**الجواب** ناظرین کرام یہ بات بھی بالکل غلط ہے، چنانچہ صحیح روایات سے ثابت ہے کہ سخت دھوپ کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بعض اوقات حضرات صحابہ کرامؓ سایہ کرتے تھے۔ اگر بادل کا سایہ ہر وقت آپ پر ہوتا تو اس کی ضرورت حضرات صحابہ کرامؓ کو پیش نہ آتی، چنانچہ بخاری شریف میں ہجرت کی طویل حدیث میں یہ بھی مذکور ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع ابوبکر صدیقؓ کے ربیع الاول کے مہینے میں سوموار کے دن قباء میں بنی عمرو بن عوف کے پاس فروکش ہوئے تو جن لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا تھا۔ وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس چلے گئے۔

| | |
|---|---|
| حتی اصابت الشمس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاقبل ابو بکرؓ حتی ظلل علیہ بردائہ فعرف الناس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عند ذلک الحدیث۔ | یہاں تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سورج لگا تو حضرت ابوبکرؓ اٹھے اور اپنی چادر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سایہ کیا تب لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانا۔ |

(بخاری شریف ص۵۵۵ ج۱)

اس صحیح اور صریح روایت سے معلوم ہوا کہ آپ کے اور سورج کے درمیان ہمیشہ ابر حائل نہیں ہوتا تھا ورنہ سورج کی گرمی سے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے حضرت ابوبکرؓ کو اپنی چادر سے سایہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی۔

**اعتراض** | چنانچہ مولوی غلام رسول سعیدی صاحب لکھتے ہیں۔ ذریت دیو بندیت کے معنوی جد امجد شاہ ولی اللہ انفاس العارفین صفحہ ۴۰ پر اپنے والد شاہ عبدالرحیم کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ایک رات نبی اکرم علیہ السلام نے شاہ عبدالرحیم صاحب کو ملاقات سے مشرف فرمایا اور از راہ عنایت انہیں اپنے دو موئے مبارک بھی عنایت فرمائے ایک مرتبہ شاہ صاحب نے وہ بال دکھلائے اور تین شخصوں نے اس بات کا انکار کیا کہ وہ حضور کے موئے مبارک ہیں اور بحث چل پڑی۔

چوں مناظرہ بامتداد انجامید آں عزیزاں ہر دو موئے در آفتاب بردند ہماں ساعت ابر پارہ ظاہر شد حال آنکہ آفتاب بسیار گرم بود و موسم ابر ہرگز نہ یکے توبہ کرد و دیگر گفتند قضیہ اتفاقیہ است۔ دیگر بار آوردند ابر پارہ ظاہر شد و دیگرے توبہ کرد سیوم گفت ایں نیز قضیہ اتفاقیہ است سہ بار بہ آفتاب بردند دیگر بار ابر پارہ ظاہر شد سیوم نیز در مسلک تائباں منسلک گشت

جب مناظرہ طوالت کو پہنچا تو وہ لوگ ہر دو موئے مبارک کو دھوپ میں لے گئے اسی وقت ابر کا ایک ٹکڑا ظاہر ہوا حالانکہ اس وقت سورج خوب گرم تھا اور موسم ابر کا نہ تھا۔ تین میں سے ایک نے توبہ کر لی اور باقی دو کہنے لگے کہ اتفاقاً بادل آ گیا ہوگا، دوسری مرتبہ لے گئے اور دوسری بار بادل آ گیا۔ دوسرا بھی تائب ہو گیا لیکن تیسرے نے کہا ممکن ہے یہ بھی اتفاق ہو تیسری مرتبہ لے گئے تیسری بار ابر بھی ظاہر ہوا اور تیسرا منکر بھی تائب ہوا۔

تفسیر عزیزی پارہ نمبر تیس صفحہ ۲۱۹ پر شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔

وہمیشہ ابر در وقت تمازت گرما بر

اور ابر ہمیشہ گرمی کے وقت آپ کے اوپر

البیان سایہ کی داشت۔ سایہ کرتا تھا۔

اس موضوع پر وسیع کلام کی گنجائش ہے۔ لیکن چونکہ آپ کے ہاں شاہ ولی اللہ اور شاہ عبدالعزیز کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ اسی لیے ان کے دو حوالے پیش کر دیئے گئے ہیں اب ذرا ٹھنڈے دل سے غور کیجئے گا۔ شاہ ولی اللہ اور تحفہ اثنا عشریہ کے مصنف شاہ عبدالعزیز حضور کے لیے بادل کا سایہ مان کر شیعہ ہو گئے یا تا ہنوز سنی رہے۔ اگر وہ شیعہ ہو گئے تو آپ کا ان کی عبارتوں سے اندھا دھند استشہاد کیا ہے۔ اس کی کیا وقعت رہ گئی۔ اگر وہ سنی رہے تو کیا آپ اپنے اس قول سے رجوع کریں گے کہ بادل کا سایہ کرنا شیعہ کا مسئلہ ہے۔

(توضیح البیان ص۱۸۶ تا ص۱۸۷)

**الجواب** مصیبت یہ ہے کہ مؤلف مذکور کو صحیح بات سمجھنے کا سلیقہ ہی حاصل نہیں ہے ہم نے یہ نہیں کہا کہ بادل کا سایہ ماننے سے یا ہمیشہ بادل کا سایہ ماننے سے آدمی شیعہ ہو جاتا ہے ہم نے یہ کہا ہے کہ ہمیشہ بادل کے سایہ ہونے کا ثبوت نہیں بلکہ بخاری شریف کی روایت ہمیشگی کی نفی کرتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ کے سایہ نہ ہونے کی روایت جو الکافی میں ہے اس سے شیعہ عالم علامہ قزوینی بھی مطمئن نہیں اور وہ تاویل کرنے پر مجبور ہیں۔ احیاناً بطور معجزہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بادل کے سایہ کے ہم منکر نہیں ہیں، بلکہ اس کے قائل ہیں چنانچہ بخاری شریف میں روایت ہے۔

| | |
|---|---|
| فرفعت رأسی فاذا انا بسحابة | آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا |
| قد اظلتنی فنظرت فاذا | کہ میں نے سر اٹھایا تو میں نے بادل دیکھا |
| فیہا جبرائیل الحدیث | جس نے مجھ پر سایہ کیا ہوا تھا میں نے دیکھا |
| (بخاری ج ۱ ص۴۵۸) | تو اس میں حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے |

مؤلف مذکور کا اخلاقی اور علمی فرض تھا کہ وہ اپنی ہماری طرف سے صحیح بخاری کی پیش کردہ حدیث کا صحیح جواب دیتے یا اس کا معقول محمل بیان کرتے۔ مگر وہ ایسا نہ کر سکے جس سے ان کی درماندگی بالکل عیاں ہے ضرورت تو نہیں مگر ہم چند صحیح احادیث اور پیش کرتے ہیں جن

سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آپ پر ہمیشہ بادل سایہ نہیں کرتا تھا۔

(۱) حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ نجد میں شریک تھے۔ دوپہر کے وقت قیلولہ آگیا اور میدان میں بکثرت جھاڑیاں تھیں فنزل تحت شجرۃ واستظل بہا الحدیث (بخاری ج ۲ ص ۵۹۳) آپ ایک درخت کے نیچے اس کے سایہ میں آرام کے لیے اترے۔

(۲) ہجرت کی طویل حدیث میں حضرت ابو بکرؓ نے یہ بھی بیان فرمایا کہ راستہ میں ہمیں ایک چٹان نظر آئی۔ جب ہم ان کے پاس پہنچے۔

| | |
|---|---|
| ولہا شیٔ من ظل قال ففرشت | تو اس کا کچھ سایہ تھا میں نے واس کے |
| لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | سایہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے |
| فروۃ الحدیث (بخاری ج ۱ ص ۵۵۸) | لیے پوستین بچھائی |

ظاہر امر ہے کہ اگر ہمیشہ بادل آپ پر سایہ کرتا تو چٹان کا سایہ تلاش کرنے کی اور اس کے سایہ میں آرام کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔

(۳) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جعرانہ کے مقام میں تھے آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی وعلیہ ثوب قد اظل بہ الحدیث (بخاری ج ۱ ص ۲۱۰ و ج ۲ ص ۶۱۸) اور آپ پر کپڑے کا سایہ کیا ہوا تھا۔ یہ حدیث بھی اپنے مدلول کے لحاظ سے بالکل واضح ہے۔ غرضیکہ صحیح بخاری کی یہ صریح روایات اس امر کو بالکل آشکارا کرتی ہیں کہ ہمیشہ آپ پر بادل سایہ نہیں کرتا تھا۔ اگر ہمیشہ آپ کے موئے مبارک کے لیے بادل اُمڈ اُمڈ کر آتے تھے اور آ سکتے ہیں تو جہاں آپ نفس نفیس خود تشریف فرما تھے، وہاں بادل ہمیشہ کیوں نہ آتے اور حضرت ابو بکرؓ اور دیگر حضرات کو چادر اور کپڑا تان کر سورج کی تمازت اور حرارت سے آپ کو محفوظ رکھنے کی کیا ضرورت پیش آئی؟ اور کیوں آئی؟ صحیح احادیث کو ترک کرنا اور غیر معصوم حضرات کی بے سند باتوں اور اقوال و عبارات پر دین کے مسائل کی بنیاد رکھنا دین کی کون سی خدمت ہے؟ بے شک ہم ان حضرات کی عبارات کو پیش کرتے ہیں لیکن صرف وہاں جہاں کسی مسئلہ پر قرآن و حدیث

سے روشنی نہ پڑتی ہو یا ان کی عبارات سے قرآن وحدیث کی مزید تفسیر اور تشریح ہوتی ہو، ہم نے قصداً وارادۃً ان کی عبارات کو قرآن وحدیث کے مقابلہ میں ہرگز نہیں پیش کیا اور نہ اس کو جائز سمجھتے ہیں۔

علاوہ ازیں اگر بطور معجزہ خرق عادت کے طور پر آپ کے موئے مبارک پر بادل کسی موقع پر آ گیا تھا، تو اس سے یہ کیونکر ثابت ہوا کہ یہ سایہ ہمیشہ رہتا تھا جب کہ مطلوب یہ ہے۔

# بادل اور فرشتوں کے سایہ کرنے کی مزید روایات اور ان کے جوابات

ناظرین کرام جن دلائل سے غلام رسول سعیدی صاحب بریلوی نے استدلال کیے تھے۔ ان کے جوابات تو عرض کیے جا چکے ہیں ہم یہاں پر کچھ اور ایسی روایات نقل کرتے ہیں جن سے بادل اور فرشتوں کے سائے کا ثبوت ملتا ہے اور پھر ان پر کچھ ضروری تنقید بھی عرض کرتے ہیں تاکہ عوام الناس بھی بخوبی اصل حقیقت سے آگاہ ہو سکیں۔

(۱) مستدرک ج ۲ ص ۶۱۵ اور سیرت ابن ہشام ج ۱ ص ۱۸۰ میں ایک طویل حدیث ہے جس میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کے سفر میں تھے اور اونٹ پر سوار تھے۔

وعلیہ غمامۃ تظلہ الحدیث۔ تو آپ پر بادل سایہ کیے ہوئے تھا۔

امام حاکمؒ جو تشیع کی طرف مائل تھے (تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۲۲۳) اس حدیث کو علیٰ شرط الشیخین صحیح کہتے ہیں لیکن نقاد فن حدیث امام اہل السنت والجماعت علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں۔

قلت اظنہ موضوعا فبعضہ باطل (تلخیص المستدرک ج ۲ ص ۶۱۵) میں کہتا ہوں کہ میں اس کو موضوع خیال کرتا ہوں اور اس کا بعض حصہ تو بالکل باطل ہے۔

اور ابن ہشامؒ یہ روایت محمد بن اسحاق کے حوالہ سے نقل کر رہے ہیں اور محمد بن اسحاق کذاب اور دجال راوی تھا، لہذا ایسی روایت پر ان صحیح اور صریح احادیث کے مقابلہ میں کیسے اعتماد

کیا جا سکتا ہے جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ الصحیح البخاری میں موجود ہیں جن میں سے بعض کا تذکرہ اوپر ہو چکا ہے۔

علامہ قسطلانیؒ نے اور ان کی تائید میں علامہ زرقانیؒ نے بادل اور فرشتے کے سایہ کرنے کی روایت اور چادر وغیرہ سے سایہ کرنے کی روایت میں یوں تطبیق دی ہے ؛ چنانچہ پہلے علامہ قسطلانیؒ نے وہ روایت نقل کی ہے جس میں حضرت ابوبکرؓ کے ہجرت کے سفر میں آپ پر سایہ کرنے کا ہم بخاری کے حوالہ سے ذکر کر چکے ہیں ؛ پھر ارشاد فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وظاهر هذا انه عليه الصلوٰة | کہ اس روایت سے بالکل عیاں ہے کہ |
| والسلام كانت تصيبه الشمس | آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سورج |
| وما تقدم من تظليل الغمام | لگتا تھا اور جو روایتیں پہلے گزر چکی ہیں کہ |
| والملك كان قبل بعثته | کہ آپ پر بادل اور فرشتہ سایہ کرتا تھا تو |
| كما هو صريح في موضعه | وہ بعثت سے پہلے کا واقعہ ہے جیسا کہ |
| فلا ينافي ما هنا (مواهب اللدنيه | اپنی جگہ وہ صریح ہے، سو وہ اس کے منافی |
| مع شرح الزرقاني ج ۳ ص ۲۸) | نہیں ہے۔ |

لیکن اس کاوش کی یہاں بالکل ضرورت نہیں ہے اس لیے کہ تطبیق کی حاجت وہاں پیش آتی ہے ، جہاں سند کے لحاظ سے دونوں حدیثیں صحیح ہوں اور یہاں ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ بخاری شریف کی روایات بالکل صحیح ہیں اور دوسری مدکی روایات میں ایک کو علامہ ذہبیؒ موضوع کہتے ہیں اور دوسری میں واقدی جیسا کذاب راوی موجود ہے اور تیسری میں محمد بن اسحاق جیسا کذاب اور دجال راوی موجود ہیں ، تو اندریں حالات تطبیق کی قطعاً کوئی حاجت نہیں ہے اور بخاری شریف کی جس روایت سے بادل کا سایہ کرنا ثابت ہے ، وہ بطور معجزہ صرف ایک مرتبہ ہی ہے نہ کہ ہمیشہ جب کہ نزاع اور اختلاف ہمیشہ کے سایہ میں ہے۔

(۲) جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حلیمہؓ کے پاس تھے، تو اس وقت آپ کی رضاعی بہن نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بادل سایہ کیے تھے۔ جب ٹھہر کو

آپ جاتے بادل بھی ساتھ چلتے، جہاں آپ رُکتے بادل بھی رُک جاتے (محصلہ طبقات ابن سعد ج۱ ص۸) لیکن اس کی سند میں واقدی ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ وہ متروک الحدیث ہے۔ امام احمدؒ امام ابن المبارکؒ امام ابن نمیرؒ اور امام اسماعیلؒ بن زکریا سب نے اس سے روایت ترک کر دی تھی اور امام احمدؒ نے اس کو کذاب بھی کہا (تہذیب التہذیب ج۹ ص۳۶۳) امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔ کتب الواقدی کلہا کذب (الفوز ص۱۶۳) کہ واقدی کی کتابیں جھوٹ کا پلندہ ہیں۔ امام بندارؒ فرماتے کہ میں نے ان سے بڑا جھوٹا کوئی اور نہیں دیکھا اور امام اسحاقؒ بن راہویہؒ فرماتے ہیں کہ وہ میرے نزدیک جعلی حدیثیں بنایا کرتا ہے۔ (الفوز ص۱۶۳) اور امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ جو لوگ کذاب ہیں اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جھوٹی حدیثیں بنانے میں مشہور ہیں ان میں ایک واقدی بھی ہے (الفوز ص۱۶۳)

(۳) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت خدیجہؓ کے غلام میسرہ کے ساتھ شام کے سفر پر نکلے تو میسرہ نے دیکھا کہ وہ دوپہر کی سخت گرمی میں دو فرشتے آپ پر سایہ کیے ہوتے ہیں جب کہ آپ اپنے اونٹ پر سوار تھے (محصلہ دلائل النبوۃ لابی نعیم اصبہانیؒ ص۱۳۱) لیکن اس کی سند میں بھی وہی محمد بن عمر الواقدی ہے (دیکھیے دلائل النبوہ ص۱۳۱) جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

(۴) مواہب اللدنیہ مع شرح الزرقانی ج۱ ص۱۹۹ وخصائص الکبریٰ ج۱ ص۱۹ للسیوطیؒ وغیرہ میں ہے کہ حضرت خدیجہؓ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اونٹ پر سوار دیکھا اور نیز دیکھا کہ آپ پر دو فرشتے سایہ کیے ہوتے ہیں (محصلہ) امام سیوطیؒ اس کو ابونعیمؒ وغیرہ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں اور دلائل النبوۃ ابونعیمؒ کی سند میں الواقدی ہے اور علامہ زرقانیؒ اس واقعہ کے شروع میں فرماتے ہیں۔ کما رواہ الواقدی الخ (شرح مواہب للزرقانی ج۱ ص۱۹۹) تو اس لحاظ سے اس سند کا مدار بھی واقدی پر ہے۔

یہ روایت طبقات ابن سعد اور ابن عساکر (وغیرہ) میں بھی ہے، لیکن ان تمام کی سند میں واقدی ہے (سیرت النبیؐ ج۳ ص۲۵۰ از سید سلیمان ندویؒ) الغرض ہمیشہ بادل یا فرشتوں کے سایہ کی کوئی روایت صحیح نہیں ہے، صحیح روایت صرف وہی ہے جو بخاری شریف کے حوالہ سے

پہلے عرض کی جا چکی ہے جس کا وقوع صرف ایک ہی دفعہ ہوا تھا، اور وہ بھی آپ کے معجزہ کے طور پر اب فیصلہ خود قارئین کرام کریں کہ کیا ان صحیح احادیث پر اعتماد کرنا جن سے صراحت کے ساتھ آپ کا سایہ ثابت ہے مذہب اسلام کی روح کے مطابق ہے ؟ یا کذاب اور وضاع راوی کی روایت اور اسی طرح کی دیگر بے سروپا روایات کو جبکہ واضح طور پر ان کی اسانید بھی سامنے آجائیں۔ لینا دین کی خدمت اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت ہے ؟ اور نیز یہ کہ کیا بخاری شریف کی صحیح روایات جن سے آپ پر چٹان درخت اور کپڑے کا سایہ کرنا صراحۃً ثابت ہے۔ قابل اعتبار ہیں ؟ یا فرشتوں یا بادل کے آپ پر ہمیشہ سایہ کرنے کی بے اصل اور واقدی جیسے کذاب اور وضاع کی بے حقیقت روایات قابل اخذ ہیں ؟ کیا ان کو لینا اس کا مصداق نہیں کہ سے

حقیقت خرافات میں کھو گئی ... یہ امت روایات میں کھو گئی

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و علیٰ آلہ واصحابہ
وازواجہ ومتبعیہ الیٰ یوم الدین وسلم

احقر محمد فیاض خان سواتی

مدرسہ نصرت العلوم

۸ ربیع الاول ۱۴۱۱ھ

# تبرید النواظر

## فی

# تحقیق الحاضر والناظر

## یعنی - آنکھوں کی ٹھنڈک

مصنف شیخ الحدیث حضرت مولانا ابوالزاہد سرفراز خان صاحب صفدر مہتمم مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ (پاکستان) (فاضل دارالعلوم دیوبند)

ایسی کتاب جس میں بڑی تحقیق انتہائی جستجو اور عرق ریزی کے بعد قرآن کریم ،احادیث صحیحہ اور حضرات فقہاء احناف کے صریح قول سے یہ مسئلہ واضح کیا گیا ہے کہ حضرات انبیاء کرام اور اولیاء عظام ہر جگہ حاضر و ناظر اور عالم الغیب نہیں ہیں اور فریق مخالف کے دلائل کے مسکت اور دنداں شکن جوابات دیئے گئے ہیں۔

# تحقیق مسئلہ مختار کل

الموسوم بہ

## دل کا سرور

مصنف: شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صاحب صفدر

اس کتاب میں قرآن کریم ،احادیث صحیحہ ،عقائد صحابہ رضی اللہ عنہ اور جمہور سلف و خلف سے ثابت کیا گیا ہے کہ تکوینی اور تشریعی طور پر حاکم اور مختار کل صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے کسی دوسرے کو نہ ذاتی طور سے اختیار حاصل ہے اور نہ عطائی طور پر فریق مخالف نے جن آیات اور احادیث سے بزعم خویش استدلال کی کوشش کی ہے نہایت تحقیق اور جستجو کے ساتھ ان کے دنداں شکن جوابات تحریر کئے گئے ہیں۔

قیمت ۳۰/۰۰

## چند ماہ میں ہی قبول عام حاصل کرنے والی شاہکار کتاب

# خطب سهلة (جلد اول)

### کا تیسرا ایڈیشن منظر عام پر

عربی زبان میں آسان تقریروں کا مجموعہ، سادہ وسلیس زبان، عام فہم و شگفتہ طرز بیان، جدید تعبیرات، عمدہ اسالیب اور رنگِ زندگی کو چھوتے ہوئے طرز ادا کا حسین امتزاج، عربی ادب کے طلبہ کے لئے انمول تحفہ، ہفتہ واری عربی پروگراموں میں حصہ لینے والے احباب کے لیے ایک گراں مایہ اور قابل قدر پیش کش، کتاب کی عبارتیں اور جملے باشبہ ان کے ذوق ادب کو جلا بخشیں گے۔

یہ مجموعہ ۲۳ اسلامی دینی و تاریخی موضوعات پر مشتمل تقاریر کا ایک بے بہا ذخیرہ ہے، اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ اس مجموعے سے اسلامی بنیادوں پر اعتماد مضبوط ہو، دینی جذبات کو فروغ ملے، ملی حمیت بیدار ہو اور ہمارے اندر اپنی عظمت رفتہ کو آواز دینے کا حوصلہ پیدا ہو۔ ان تقریروں میں آپ کو اسلام، اسلامی تاریخ اور سیرت رسول ﷺ اور آپ کے فدائیین سے والہانہ عشق و محبت کا جلوہ نظر آئیگا۔

یہ مجموعہ جہاں خطابی ادب کا بیش بہا نمونہ ہے، وہیں اسلام سے عشق و محبت کا نمائندہ بھی۔

(دلکش ٹائیٹل، عمدہ و صاف طباعت، ۱۶۲ صفحہ، قیمت: ۱۶۰ روپے)

دیوبند کے تمام کتب خانوں پر دستیاب

**ناشر مکتبہ عکاظ دیوبند**